دینی معلومات سے دلچسپی رکھنے والوں
کے لئے عمومی اور مکاتب، مدارس،
اسکولز اور کالجز کے طلبہ کے لئے
**خصوصی تحفہ**

# دینی سوالات و جوابات

قرآن کریم، سیرت النبیؐ، سیرت الانبیاءؑ، سیرت صحابہ کرامؓ، طہارت، نماز، روزہ، زکوۃ، حج، نکاح، طلاق، قسم، قربانی اور دیگر دینی معلومات پر مشتمل ایک ہزار سوالات و جوابات کا خوبصورت مجموعہ


ترتیب و حوالہ جات
## محمد بن نذر



باہتمام
تعلیمی ورفاہی مشن چترا، جھارکھنڈ، انڈیا
9123159396, 8340111264, 8210495482

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ایک ہزار 1000

# دینی سوالات و جوابات

بحکم و پسند فرمودہ

فقیہ العصر حضرت علامہ ومولانا مفتی **نذر توحید** صاحب المظاہری
مہتمم وشیخ الحدیث جامعہ رشید العلوم چترا، جھارکھنڈ

زیر نگرانی

مولانا غفران رحمت رحمانی، پرنسپل برائٹ ہوپ پبلک اسکول

ترتیب جدید ومکمل حوالہ جات

**محمد بن نذر**

ترتیب قدیم (350) سوالات

**محمد حماد**

باہتمام

تعلیمی ورفاہی مشن چترا، جھارکھنڈ، انڈیا
9123159396, 8340111264, 8210495482

جملہ حقوق بحقِ ''محمد بن نذر'' محفوظ ہیں۔

| | |
|---|---|
| نام کتاب | ایک ہزار دینی سوالات وجوابات |
| ترتیب جدید ومکمل حوالہ جات | محمد بن نذر |
| ترتیب قدیم (350) سوالات | محمد حماد |
| بحکم وپسند فرمودہ | فقیہ العصر حضرت مولانا ومفتی نذر توحید صاحب المظاہری مہتمم وشیخ الحدیث جامعہ رشید العلوم چترا، جھارکھنڈ |
| زیر نگرانی | مولانا غفران رحمت رحمانی، پرنسپل برائٹ ہوپ پبلک اسکول |
| باہتمام | تعلیمی ورفاہی مشن چترا، جھارکھنڈ |
| کمپوزر | محمد بن نذر |
| ڈیزائنر | محمد نعمان بدر (ڈیزائنر سیٹی، چترا، جھارکھنڈ) |
| تعداد صفحات | 70 |
| سن طباعت | سنہ 2019ء |
| ناشر | شعبۂ نشر واشاعت تعلیمی ورفاہی مشن چترا |
| تعداد | ایک ہزار (1000) |
| ایڈیشن | پہلا ایڈیشن |
| قیمت | 60 روپے |

## ملنے کے پتے

(1) کاشانۂ نذر، موبائل نمبر 9123159396

(2) مولانا غفران رحمت رحمانی، موبائل نمبر 8340111264

(3) حافظ سلمان رشید، موبائل نمبر 8210495482

(4) مولانا حسان رشیدی، موبائل نمبر 9155667301

(5) مولانا عامر رشیدی، موبائل نمبر 9097846502

(6) مولانا حماد ظفر قاسمی، موبائل نمبر 9709415362

(7) حافظ حنظلہ شمیم، موبائل نمبر 8789271504

# احساسات

## سجدۂ تشکر...

ربّ کریم کی بارگاہ میں، کہ اس نے نورِ علم کی کرنوں سے حسبِ توفیق فائدہ اٹھانے کی توفیق دی۔

## انتساب...

محی السنۃ قاطع بدعت مولانا محمد رحمت اللہ (نوراللہ مرقدہٗ) کی قربانیوں، کوششوں اور محنتوں سے روشن کی ہوئی علم وہدایت کے نام جس کی بابرکت لو سے ہزارہا چراغوں نے روشنی پائی اور یہ سلسلہ خدا کرے اب سے ابدالآباد تک جاری ،ساری اور باقی رہے۔

## تذکرہ...

ناگزیر ہے مولانا شفیق احمد (رحمہ اللہ) کا کہ جن کی نکتہ سنجی، ژرف نگاہی اور زکاوت وفطانت جہاں زبان زدِ خاص و عام رہی اور ہے، وہیں ان کی مجلسوں میں پرلطف، دلچسپ اور آسان انداز بیان سے مزین گفتگو سے استفادہ کرنے والوں کا حلقہ آج بھی انکی جودت فہم، بے مثال حافظے اور لاینحل گتھیاں چٹکیوں میں سلجھانے کی لیاقت کا معترف ومداح ہے۔

## احسان...

والد محترم حضرت مفتی نذر توحید صاحب المظاہری (حفظہ اللہ) کا کہ اپنی بے پناہ مشغولیتوں میں سے وقت نکال کر انہوں نے بالتفصیل اس پر نگاہ کی، اور میری گزارش پر بیش بہا کلمات تحریر فرما کر اس کی قدر وقیمت میں اضافہ فرمایا۔

## امتنان...

استاذ گرامی مفتی شعیب عالم قاسمی ومظاہری (زاداللہ عمرہ) کا کہ جنہوں نے آسان زبان میں علوم شریعت اور احکام نبوت سے ہمیں روشناس کرا کے دین کے درست فہم اور اس کے اصل مراجع سے آشنائی بخشتے ہوئے یہ شعور عطا کیا کہ کسی چیز یا کسی شخصیت کا مشہور ہو جانا، درستگی کی دلیل نہیں بن سکتا، بلکہ معیار ومیزان اور پرکھنے کی کسوٹی سدا کتاب وسنت ہیں اور رہیں گے۔ بلا شبہ ان کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کرنے پر میں سعادت وفرحت اور ایک گونہ فخر کے احساسات سے سرشار ہوں۔

## مہربانی...

جناب مولانا غفران رحمت رحمانی کی کہ ان کی تحریک، دل چسپی اور حوصلہ افزائی سے ہی یہ کام عملاً ممکن ہو سکا۔

## ایصالِ ثواب...

والدۂ محترمہ (رحمۃ اللہ علیہا) کی روح کو کہ ان کی تربیت اور دعاؤں کے طفیل ہی حصولِ علم کا ذوق اور دین کا شوق نصیب ہوا۔

## نامکمل شکریہ...

بھائی جان (جنھیں "احمد بن نذر" سے جانا جاتا ہے) کا کہ کتابوں کی فراہمی سے لے کر سوالات وجوابات کی ترتیب تک، اور حوالہ جات کی تلاش سے لے کر پروف ریڈنگ کے مراحل تک ان کے آئیڈیاز، رہ نمائیاں اور مشورے ساتھ نہ ہوتے تو شاید اس کی اس انداز میں تکمیل نہ ہو پاتی۔

## دعائیں...

چھوٹی ہم شیرہ "مرحی سلسبیل" کے لیے کہ اس کی معاونت نے مختلف طور سے اس کی ترتیب کے تعلق سے آسانیاں فراہم کیں۔

## نیک تمنائیں...

یارانِ عزیز: حافظ سلمان رشید، مولانا انظر کریم مظاہری، حافظ حنظلہ شمیم، مولانا عامر رشیدی، مولانا سعدان ندوی، مولانا حماد قاسمی، اور مولانا حسان رشیدی کے لیے کہ زندگی کے ہر موڑ پر یہ شانہ بہ شانہ آمادہ وتیار کھڑے رہتے ہیں، ان کا ہونا ہمیشہ مجھے ہمتیں اور توانائیاں بخشتا ہے۔

محمد بن نذر

# کلماتِ تبریک

## فقیہ العصر حضرت مولانا ومفتی نذر توحید صاحب المظاہری

● مہتمم وشیخ الحدیث جامعہ رشید العلوم چترا، جھارکھنڈ، انڈیا ● رکن تاسیسی آل انڈیا مسلم پرسنل لاء بورڈ
● رکن شوریٰ جامعہ مظاہر علوم (وقف) سہارنپور، یوپی

سنا ہی نہیں، بلکہ دیکھا ہے کہ مسلمان گھرانے ایک دور میں مکمل تربیت گاہ ہوا کرتے تھے، جہاں بچوں کی تعلیم و تربیت میں ماں کا کردار کلیدی حیثیت کا حامل ہوتا، وہیں گھر کے بڑے مثلاً: دادا، دادی، تایا، چچا، نانا، نانی، ماموں وغیرہ بھی اس کارِ خیر میں اپنا حصہ ڈالتے۔ کوشش یہی ہوتی کہ پہلے پہل بچے کی زبان سے یہی جو لفظ مکمل طور پر ادا ہو، وہ ''اللہ'' ہو۔ حتی کہ ابا اماں بولنا بھی اس کے بعد ہی سکھلایا جاتا۔ پھر جوں جوں بچے کی عمر بڑھتی چلی جاتی، چلتے پھرتے کلمۂ طیبہ، کلمۂ شہادت نیز کھانے، پینے، سونے وغیرہ کی چھوٹی چھوٹی دعائیں نہ صرف یاد کرادی جاتیں بلکہ اس کا عادی بنانے کا بھی اہتمام کیا جاتا۔ گویا مکتب کی نیو گھر سے ہی پڑ جاتی پھر جیسے جیسے شعور بڑھتا بچے کے تحمل کے اعتبار سے رفتہ رفتہ دیگر دعاؤں کی حفظ کرانے کا سلسلہ شروع ہو جاتا، انبیاء کے واقعات پڑھنے پڑھانے سننے سنانے کا ماحول ہوتا، بزرگوں کے واقعات کے ذریعہ بھی نیکیوں کا ذوق اور عمل کا شوق پیدا کیا جاتا، پھر ان سب کے بعد عموماً فارسی سے ماخوذ سبق آموز حکایات اور واقعات سنا کر عقل و دانش کا درس دیا جاتا۔

اس طرح بچپن سے ہی اسلامی نظریات اور دینی عقائد پر راسخ ذہن تشکیل پاتا۔ اس زمانے میں لڑکیوں کے لیے ''بہشتی زیور'' سبقاً سبقاً پڑھنے کا بھی انتظام ہوا کرتا، جس سے لڑکیوں کو جہاں دین کے بنیادی عقائد، عبادات کے طریقے اور زندگی کے مختلف مراحل میں پیش آنے والے مسائل کا علم ہوتا وہیں امورِ خانہ داری پر بھی کافی حد تک دسترس حاصل ہو جاتی۔ خوب اچھی طرح یاد ہے کہ محلے کے عورتوں کو روزہ نماز اور طہارت وغیرہ کے مسائل دریافت کرنے ہوتے تو والدہ ماجدہ رحمۃ اللہ علیہا کے پاس آتیں اور والدہ بہشتی زیور دیکھ انہیں انکے سوالات کا جواب دیا کرتیں تھیں۔ مگر اب صورتِ حال دن بدن بدلتی چلی جا رہی ہے، جس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ آج کے والدین نے اپنی تربیت و تعلیم کے حوالے سے بھی یہ انداز دیکھا نہ کبھی سنا۔

چنانچہ جب اولاد کی پرورش و پرداخت اور ان کی تربیت کا عظیم فریضہ ان کے سپرد ہوا تو انہوں نے مغرب سے بے دینی کی چلنے والی ہواؤں کے رخ پر، ٹیلی ویژن اور موبائل فون کے مضر اثرات کے سائے میں بچوں کو چھوڑ دیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ نئی نسل بنیادی دینی عقائد، اسلامی اطوار اور اپنے اخلاقی اقدار سے یکسر لاعلم بلکہ محروم ہوتی چلی گئی۔ یعنی بقول

گنوا دی ہم نے جو اسلاف سے میراث پائی تھی

لیکن اُس لاعلمی و جہالت کے اندھیروں سے پر ماحول میں بھی خدائے عز و جل نے اپنے بافیض بندوں کو علم دین کی شمع روشن

کرنے اور رکھنے کے لیے منتخب فرمایا۔ جس کے مختلف مظاہر ان مدارس، مکاتب، اسلامی اسکولز اور کالجز صورت میں جہاں نظر آتے ہیں وہیں ان کی خدمات کا دائرہ تصنیفی وتالیفی میدان سے لے کر خطبات کے منبر اور ارشادات کے روشن حلقوں تک وسیع ہے۔ چنانچہ اسی سلسلۃ الذہب کی ایک کڑی عزیزم مولوی محمد سلمہ رشیدی کی یہ کاوشِ جمیل ہے، جو عن قریب ہی منظر عام پر آیا چاہتی ہے۔ جس میں انہوں نے نونہالانِ امت کے لیے دینی معلومات پر مشتمل تقریباً ایک ہزار سوالات اور ان کے جوابات بڑی عرق ریزی کے ساتھ ترتیب دیے ہیں، قابل ذکر بات یہ بھی ہے کہ اس میں شامل حوالہ جات نے اس کو مزید سند اعتبار بخشا ہے۔

مختلف عناوین سے انتخاب گویا سمندر میں غوطہ لگا کر قیمتی موتیوں کو چنا ہے۔ توقع ہی نہیں، یقین ہے کہ یہ کتاب بنیادی دینی معلومات سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے عموماً اور طلبہ کے لیے خصوصاً مفید ترین ثابت ہوگی۔ خدائے عزوجل مرتّب کو مقبولیتوں سے اور مرتّب کو قابلیتوں سے نوازے! آمین ثم آمین

غزالہ تمیم رشیدی

# کتاب سے پہلے...

کتاب کی ترتیب کے تعلق سے عرض ہے کہ اولاً رفیقِ محترم مولانا حماد ظفر قاسمی نے مختلف کتابوں سے نقل واستفادہ کرکے 350 سوالات وجوابات پر مشتمل رسالہ تیار کیا تھا، جو چھپا بھی اور پسندیدگی کی نگاہ سے بھی دیکھا گیا۔ میں نے ان پر ہی مزید چھ سو پچاس سوالات وجوابات کا اضافہ کرکے بھائی جان کو دکھایا تو ان کی رائے ہوئی کہ حوالے بھی درج کردیے جائیں، اس سے کتاب کی افادیت بڑھ جائے گی اور یہ علمی حلقوں میں بھی معتبر ہوجائے گی، ان کی رائے سے اتفاق کرتے ہوئے میں نے بھی اس کی ہامی بھر لی۔ لیکن سچی بات تو یہی ہے کہ جب کام شروع کرنے کا ارادہ کیا تھا تو یہ کام اس قدر مشکل ہوگا اور دن رات اس میں لگنے کے باوجود یہ اتنا ''وقت لیوا'' ثابت ہوگا، اس کا دور دور تک اندازہ نہ تھا۔ کبھی کبھی تو یہ لگتا کہ حوالوں کے نقل کو چھوڑ دیا جائے، کیوں کہ سوالات وجوابات کی حد تک تو کام مکمل ہو ہی چکا تھا۔ مگر بہرحال، بھائی جان کے بار بار کہنے اور حوصلہ دینے سے ہمت بڑھتی بلکہ جب میں کسی حوالے کیلیے مختلف کتابوں کی ورق گردانی کرکے تھک جاتا، یا کسی کتاب کی تلاش ہوتی اور وہ انٹرنیٹ کی دنیا میں بھی مجھے نہ مل پاتی تو ان سے رجوع کرتا اور اکثر انہوں نے ایسے مواقع پر میری مکمل رہنمائی کی اور بھرپور تعاون کیا۔ شروع میں تو ارادہ یہی تھا کہ رفیقِ محترم کے رسالے پر ہی مزید سوالات وجوابات کا اضافہ کرکے ایک ہزار کی تعداد پوری کردی جائے لیکن جب حوالہ جات کے لیے رفیقِ محترم کے سوالات وجوابات پر نگاہ کی تو ان میں کئی ساری ایسی باتیں ملیں، جن کا حوالہ مجھے تلاشِ بسیار کے بعد بھی کہیں نہیں مل سکا۔ ان سے رابطہ کیا تو انہوں نے چند کتابوں کے نام بتائے کہ بیش تر سوالات وجوابات ان ہی سے لیے گئے ہیں، سو ان کے حوالے وہیں دیکھ لیے جائیں۔ پھر جب ان کتابوں کو دیکھا تھا تو اس سلسلے میں وہاں بھی مجھے کچھ ہاتھ نہ لگ سکا۔

لہذا، مجبوراً بہت سارے سوالات کو، تو کبھی جوابات کو اور بعض اوقات دونوں کو ہی بدلنا پڑا، البتہ امکان کی حد تک کوشش یہی کی گئی کہ ان میں کوئی تبدیلی کی جائے، نہ ہی ان کو ہٹایا جائے۔ بالآخر رفتہ رفتہ پوری کتاب ایک نئے قالب میں ڈھلتی چلی گئی۔ اور اب چونکہ یہ کتاب طباعت کے مراحل سے گزر کر آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ سو کہیں کوئی کمی، خامی یا نقص دکھائی دے تو دست بستہ گزارش ہے کہ تھوڑی سی فرصت نکال کر مجھے اس سے آگاہ فرمادیں، مہربانی ہوگی

محمد بن نذر

# معلومات قرآنی

سوال1: قرآن کریم کس نبی پر نازل ہوا؟

جواب: قرآن کریم ہمارے نبی ﷺ پر نازل ہوا۔

(جلالین ص۲٤۱ سورہ کہف)

سوال2: قرآن کریم کتنے سال میں نازل ہوا؟

جواب: قرآن کریم 23 سال میں نازل ہوا۔

(حاشیہ جلالین ۲۸ ص ۵۰۳)

سوال3: قرآن کریم میں کتنے پارے ہیں؟

جواب: قرآن کریم میں 30 پارے ہیں۔ (تاریخ القرآن)

سوال4: قرآن کریم میں کتنی سورتیں ہیں؟

جواب قرآن کریم میں 114 سورتیں ہیں۔

(الاتقان ج۲ ص۲۲٤)

سوال5: قرآن کریم میں کتنے رکوع ہیں؟

جواب: قرآن کریم میں 540 رکوع ہیں۔

(قرآنی معلومات ص٦)

سوال6: قرآن کریم میں کتنی آیتیں ہیں؟

جواب: قرآن کریم میں 6666 آیتیں ہیں۔

(کتاب النوازل ج۲ ص۲۵۵)

سوال7: قرآن کریم کے کلمات کی تعداد کتنی ہیں؟

جواب: قرآن کریم کے کلمات کی تعداد 77437 ہیں۔

(الاتقان ج۲ ص٤۵۵)

سوال8: قرآن کریم میں کتنے سجدے ہیں؟

جواب: قرآن کریم میں 14 سجدے ہیں۔

(نور الایضاح ص۱۱۲)

سوال 9: قرآن کریم کی پہلی سورت کون ہے جس میں سجدہ نازل ہوا؟

جواب: سورہ نجم (ابن کثیر ج٦ ص۳۹)

سوال10: وہ آیتِ سجدہ کونسی ہے جسے سن کر حضور ﷺ کے ساتھ کافروں نے بھی سجدہ کیا؟

جواب: سورہ نجم کا سجدہ۔ (بخاری ج۱ ح۱۰۷۰)

سوال11: قرآن کریم کے مکّی سورتوں کی تعداد کتنی ہیں؟

جواب: قرآن کریم کے مکّی سورتوں کی تعداد 86 ہیں۔

(الاتقان مترجم دارالاشاعت کراچی ج۱ ص۷۸)۔

سوال12: قرآن کریم کے مدنی سورتوں کی تعداد کتنی ہیں؟

جواب: قرآن کریم کے مدنی سورتوں کی تعداد 28 ہیں۔

(قرآنی معلومات ص۷)

سوال13: قرآن کریم کے سورتوں کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب: قرآن کریم کے سورتوں کی چار قسمیں ہیں۔

(۱) طِوَالْ (۲) مُئُوْنْ (۳) مَثَانِیْ

(۴) مُفَصَّلْ (الاتقان ج۲ ص۳۷٤ جز۱۷)

سوال14: قرآن کریم کو لانے والے فرشتہ کا نام کیا ہے؟

جواب: حضرت جبرئیل علیہ السلام۔ (جلالین ص۳۱۵ س شعراء)

سوال15: حضرت جبرئیلؑ عامۃً قرآن کو لیکر کس صحابی کی شکل میں آتے تھے؟

جواب: حضرت جبرئیلؑ حضرت دَحْیَہ کَلْبِیؓ کی شکل میں آتے تھے۔ (بخاری ج۲ ح۴۹۸۰ باب کیف نزول الوحی)۔

سوال16: قرآن کریم کس مہینہ میں (عرش سے پہلے آسمان پر) اُتارا گیا؟

جواب: قرآن کریم ماہ رمضان میں اُتارا گیا۔

(ابن کثیر ج۱ ص ۳۹۳)۔

سوال17: قرآن کریم کس رات میں اُتارا گیا؟

جواب: قرآن کریم شب قدر میں اُتارا گیا۔ (س قدر آیت ۱)

سوال18: قرآن کریم کی کون سی آیت سب سے پہلے اُتری؟

جواب: قرآن کریم کی سب سے پہلے اُترنے والی آیت **اِقراباسم ربك الذی خلق** ہے۔

(الاتقان ج۱ ص ۵٤)

سوال 19: قرآن کریم کی سب سے آخر میں اُترنے والی آیت کونسی ہے؟

جواب: قرآن کریم کی سب سے آخر میں اُترنے والی آیت **واتقّوا یوماً ترجعون** ہے۔

س بقرہ آیت ۲۸۱ (الاتقان ج۱ ص ۱۷۵)

سوال20: قرآن کریم کے نزول کا آغاز کس جگہ ہوا؟

جواب: قرآن کریم کے نزول کا آغاز غارِحراء میں ہوا۔

(الرحیق المختوم ص ٦٧)

سوال21: قرآن کریم کی سب سے بڑی سورۃ کون سی ہے؟

جواب: قرآن کریم کی سب سے بڑی سورت 'سورۃ بقرہ ہے۔ (ہدایۃ الترتیل ص ٤٠٤)

سوال22: قرآن کریم کی سب سے بڑی سورۃ میں کتنی آیتیں ہیں؟

جواب: قرآن کریم کی سب سے بڑی سورۃ میں 286 آیتیں ہیں۔ (الاتقان ج۲ ص ٤٤٢)

سوال23: قرآن کریم کی سب سے چھوٹی سورۃ کونسی ہے؟

جواب: قرآن کریم کی سب سے چھوٹی سورۃ ''سورۃ کوثر'' ہے۔ (قرآنی معلومات ص ۱۳)

سوال24: قرآن کریم کی سب سے چھوٹی سورۃ میں کتنی آیتیں ہیں؟

جواب: قرآن کریم کی سب سے چھوٹی سورۃ میں تین آیتیں ہیں۔ (قرآنی معلومات ص ۱۳)۔

سوال25: قرآن میں سب سے بڑی آیت کونسی ہے؟

جواب: **یاایھاالذین اذا تداینتم(الایۃ)** س بقرۃ آیت ۲۸۲۔ (ہدایۃ الترتیل ج۲ ص ٤٤)

سوال26: قرآن کریم کی ان سورتوں کی تعداد بتائیں جن کا آغاز حروف مقطعات سے ہوتا ہے؟

جواب: 29 (قرآنی معلومات ص ۱۵)

سوال27: قرآن کریم کی وہ کون سی سورۃ ہے جس کو ثُلُثِ قرآن (تہائی قرآن) کہا جاتا ہے؟

جواب: سورۂ اخلاص (**قل ھو اللّٰہ**) کو ثلث قرآن کہا جاتا ہے۔ (بخاری ج۲ ح ۵۰۱۳ باب فضل قل ھواللہ احد)۔

سوال28: قرآن کریم کی وہ کون سی سورۃ ہے جس کو قرآن کریم کا دل کہا جاتا ہے؟

جواب: سورۂ یٰس (ترمذی ج۲ ص ۱۱٦ ابواب فضائل القرآن)

سوال29: وہ کون سی سورتیں ہیں جنہیں قرآن کا دروازہ کہا جاتا ہے؟

جواب: **حم** والی سورتیں۔ (ابن کثیر سورہ مومن پارہ ۲٤ ر ٦)

سوال30: وہ کونسی سورۃ ہے جس میں **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم** دوبار آیا ہے؟

جواب: سورۂ نمل۔ (قرآنی معلومات ص۱۷ آیت۳۰)

سوال31: قرآن کی کون سی سورت ہے جو دومرتبہ نازل ہوئی؟

جواب: سورہ فاتحہ۔ (الاتقان ج۱ص۶۳)

سوال32: وہ کون سی سورۃ ہے جس کا آغاز دو پھلوں کے نام سے ہوا ہے؟

جواب: سورۂ تین۔ (قرآنی معلومات ص۱۹)

سوال 33: وہ کون سی سورۃ ہے جس کے اخیر میں دو نبیوں کے نام ہیں؟

جواب: سورۂ اعلیٰ۔ (قرآنی معلومات ص۱۹ آیت۱۹)

سوال34 : قرآن کریم کی کتنی سورتوں کا آغاز الحمدللہ سے ہوتا ہے؟

جواب: پانچ سورتوں کا آغاز الحمداللہ سے ہوتا ہے۔ (قرآنی معلومات ص۲۰)

سوال35: قرآن کریم کی کتنی سورتوں کا آغاز "**قل**" سے ہوا ہے؟

جواب: پانچ (5)۔ ۱۔جن ۲۔کافرون ۳۔اخلاص ۴۔فلق ۵۔ناس (قرآنی معلومات)

سوال36: قرآن کریم میں کتنے رسولوں اور نبیوں کا ذکر آیا ہے؟

جواب: 25 نبیوں اور رسولوں کا ذکر آیا ہے۔ (الاتقان ج۵ ص۱۹۶۳)۔

سوال37: قرآن کریم میں کتنے فرشتوں کا نام آیا ہے؟

جواب: پانچ فرشتوں کا۔ ۱۔ **جبرئیلؑ ۲۔میکائیلؑ ۳۔مالک ۴۔ھاروت ۵۔ماروت**

(الاتقان ج۵ ص۱۹۸۷تا۱۹۸۸)۔

سوال38: قرآن کریم میں اللہ تعالی نے جنت کو کتنے ناموں سے یاد کیا ہے؟

جواب: گیارہ ناموں سے۔ (قرآنی معلومات ص۳۲تا۳۳)

سوال39: سورۂ فاتحہ کے کتنے نام ہیں؟

جواب: سورۂ فاتحہ کے پچیس (25) نام ہیں۔

(الاتقان ج۱ص۳۴۹تا۳۵۵)

سوال40: قرآن کریم میں موسیٰؑ کا نام کتنی جگہ آیا ہے؟

جواب: ایک سوتینتیس 133) جگہ۔ (اعراب القرآن)

سوال 41 قرآن کریم میں موسیٰؑ کا ذکر کتنی سورتوں میں آیا ہے؟

جواب: چونتیس (34) سورتوں میں۔ (اعراب القرآن)

سوال42: قرآن کریم میں نوحؑ کا ذکر کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب: تینتالیس (43) مرتبہ۔ (اعراب القرآن)۔

سوال43: قرآن کریم میں ھودؑ کا ذکر کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب: سات (7) مرتبہ۔ (اعراب القرآن)۔

سوال44: قرآن کریم میں ابراہیمؑ کا ذکر کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب: اُنہتر (69) مرتبہ۔ (قرآنی معلومات ص۱۱۳)۔

سوال45: قرآن میں لفظ محمد کتنی مرتبہ آیا ہے؟

جواب: چارمرتبہ(4)۔ (1 سورہ عمران آیت ۱۴۳) (2 سورہ احزاب آیت ۳۹)

(3 سورہ محمد آیت ۲) (4 سورہ فتح آیت ۲۹)

سوال46: قرآن میں حضور ﷺ کے کتنے نام ہیں؟

جواب: سات (7)۔ (حاشیہ جلالین ۷ ص ۳٦۸)

سوال47: قرآن میں اللہ نے کتنی لوگوں کی کنیت ذکر کی گئی ہے؟

جواب: صرف ابولہب کی۔ (الاتقان ج ۵، ص ۲۰۱۴)

سوال48: وہ کون سی سورۃ ہے جس میں صرف ایک ہی زیر ہے؟

جواب: سورہ اخلاص۔ (ہدایۃ الترتیل ج ۲ ص ٤٤)

سوال49: قرآن کریم میں کتنے قبیلوں کا نام آیا ہے؟

جواب: چھ (6) (1) ثمود (2) مدین (3) قریش (4) عاد (5) یاجوج (6) ماجوج

(الاتقان فی علوم القرآن ج ٥ ص ۱۹۹٦)

سوال50: قرآن کریم کی وہ کون سی سورۃ ہے جس میں مکھیوں کا ذکر آیا ہے؟

جواب: سورۂ حج۔ (قرآنی معلومات ص ۱٦ آیت ۷۳)۔

سوال51: قرآن کریم کی وہ کونسی سورۃ ہے جسکو ستّر ہزار (70000) فرشتے لیکر آئے تھے؟

جواب: سورۂ انعام۔ (الاتقان ج ۱ ص ۲٤۷ مملکۃ العربیۃ السعودیۃ)

سوال52: قرآن کریم کی وہ کون سی سورۃ ہے جس کو دس بار پڑھنے سے جنت میں ایک گھر تعمیر ہوتا ہے؟

جواب: سورۂ اخلاص۔ (الاتقان جز ۲۷ ص ۲۱۳۳)

سوال53: قرآن کریم کی وہ کون سی سورۃ ہے جس کو پڑھنے سے شیطان بھاگتا ہے؟

جواب: سورۂ بقرہ۔ (ترمذی ج ۲ ص ۱۱٦)

سوال54: قرآن کریم کی وہ کون سی سورۃ ہے جو قبر کے عذاب سے نجات دلانے والی ہے؟

جواب: سورۂ ملک۔ (ترمذی ج ۲ ص ۱۱۷ ابواب فضائل القرآن)

سوال55: وہ کونسی سورۃ ہے جس کے شروع کی دس آیتیں پڑھنے سے انسان فتنۂ دجّال سے محفوظ رہ سکتا ہے؟

جواب: سورۂ کہف۔ (مسلم ج ۱ ح ۱۹۱۹ باب فضائل سورۃ الکہف)

سوال56: قرآن کی کس آیت میں سب سے زیادہ اسماء الحسنی (اللہ کے نام) ہیں؟

جواب: سورۂ حشر۔ (آیت ۲۳ پ ۲۸)

سوال57: حضور ﷺ مرض الوفات میں قرآن کی کون کون سی سورت پڑھ کر دم کیا کرتے تھے؟

جواب: سورۂ فلق اور سورۂ ناس۔

(بخاری ج ۲ ح ٥۰۱٦ باب فضل المعوذات)

سوال58: قرآن نے کس نبی کو امی (ان پڑھ) کہا ہے ؟

جواب: حضور صلی اللہ علیہ وسلم۔ (جلالین ص ۱٤۲ س اعراف)

سوال59: قرآن میں وضو کا بیان کس سورہ میں ہے؟

جواب: سورہ مائدہ۔ (آیت ٤٦)

سوال60: قرآن میں کس نبی کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ وہ مردے کو زندہ کریں گے؟

جواب: حضرت عیسیٰؑ کے بارے میں۔

(سورہ عمران آیت ٤۸ پ ۳)

سوال61: سورۃ فاتحہ کون سے پارے کا حصہ ہے؟

جواب: پہلا پارہ کا۔

(بخاری ج۲ کتاب التفسیر باب ماجاء فی فاتحۃ الکتاب)

## معلومات سیرت النبی ﷺ

سوال62: ہمارے نبی کا نام کیا ہے؟

جواب: ہمارے نبی کا نام حضرت محمد ﷺ ہے۔
(الرحیق المختوم ص ٥٤)

سوال63: آپ ﷺ کا نام محمد کس نے رکھا تھا؟

جواب: آپ کے دادا عبدالمطلب نے۔ (الرحیق ص ٥٤)

سوال64: ہمارے نبی کی کنیت کیا ہے؟

جواب: ابوالقاسم۔ (الرحیق المختوم ص ٦١)

سوال65: ہمارے نبی کا لقب کیا ہے؟

جواب: ابن الذبیحین۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ٢٤٩٩)

سوال66: ہمارے نبی کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: مکّہ مکرمہ میں۔ (الرحیق المختوم ص ٥٤)

سوال67: ہمارے نبی کی پیدائش کس سن میں ہوئی؟

جواب: 571ء میں ہوئی۔ (الرحیق المختوم ص ٥٤)

سوال68: ہمارے نبیؐ کی پیدائش کس مہینے میں ہوئی؟

جواب: ربیع الاوّل کے مہینے میں۔ (الرحیق المختوم ص ٥٤)

سوال69: ہمارے نبیؐ کی پیدائش کس دن ہوئی؟

جواب: پیر (سوموار) کے دن۔ (الرحیق المختوم ص ٥٤)

سوال 70: ہمارے نبیؐ کے والد کا نام کیا ہے؟

جواب: عبداللہ۔ (الرحیق المختوم ص ٥٢)

سوال71: ہمارے نبیؐ کی والدہ کا نام کیا ہے؟

جواب: بی بی آمنہ۔ (الرحیق المختوم ص ٥٣)

سوال72: ہمارے نبیؐ کے دادا کا نام کیا ہے؟

جواب: عبدالمطلب۔ (الرحیق المختوم ص ٥٤)

سوال73: ہمارے نبیؐ کی دادی کا نام کیا ہے؟

جواب: فاطمہ بنت عمرو ہے۔ (الرحیق المختوم ص ٥٢)

سوال74: ہمارے نبیؐ کے نانا کا نام کیا ہے؟

جواب: وہب بن عبدمناف ہے۔ (الرحیق المختوم ص ٥٣)

سوال75: ہمارے نبیؐ کی نانی کا نام کیا ہے؟

جواب: برّہ بنت عبدالعزّیٰ ہے۔
(السیرۃ النبویۃ لابن ہشام ج١ ص ١٢٧ دار الکتب بیروت)

سوال76: ہمارے نبیؐ کے کتنے چچا تھے؟

جواب: نو (9)۔ (الرحیق المختوم ص ٦٤)

سوال77: ہمارے نبیؐ کے کتنے چچا ایمان لائے؟

جواب: دو (2) (1) حضرت حمزہؓ
(2) حضرت عباسؓ۔ (مختصر زاد المعاد ص ٣٠)

سوال78: حضور ﷺ کے کون سے چچا آپ کے رضاعی بھائی بھی تھے؟

جواب: حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ۔ (الرحیق ص ٥٥)

سوال79: حضور ﷺ کے اس چچا کا کیا نام ہے جو آپ کے ہم زلف (ساڑھو) بھی تھے؟

جواب: حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب۔ (الرحیق ص ٤٧٤)

سوال80: ہمارے نبیؐ کی پرورش کرنے والے چچا کا نام کیا ہے؟

جواب: ابوطالب۔ (الرحیق المختوم ص ٥٨)

سوال81: ہمارے نبیؐ کی کتنی پھوپھیاں تھیں؟

جواب: چھ(6)۔(الرحیق المختوم ص ۵۲)

سوال82: ہمارے نبیؐ کی کتنی پھوپھیاں ایمان لائیں؟

جواب: ایک حضرت صفیہؓ۔(زادالمعاد ص ۳۰)

سوال83: ہمارے نبیؐ کی کتنی بیویاں تھیں؟

جواب: گیارہ(11)بیویاں تھیں۔

(السیرۃ النبویۃ لابن ہشام ج ۴ ص ۲۹۵)

سوال84: ہمارے نبیؐ کا نکاح سب سے پہلے کن سے ہوا؟

جواب: حضرت خدیجہؓ سے ہوا۔(الرحیق المختوم ص ۶۱)

سوال85: اس وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: پچیس(25)سال۔

(السیرۃ النبویۃ لابن ہشام ج ۱ ص ۲۱۲)

سوال86: حضور ﷺ سے نکاح کے وقت حضرت خدیجہؓ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: چالیس(40)سال۔(الرحیق المختوم ص ۶۱)

سوال87: آپ ﷺ کی بیبیوں میں سے کون سی بیوی آپ ﷺ کے ساتھ سب سے زیادہ رہیں؟

جواب: حضرت خدیجہؓ۔(معرفۃ الصحابۃ ص ۳۲۰۱)

سوال88: حضور ﷺ حضرت خدیجہؓ کی وفات کے بعد حضور ﷺ نے کن سے نکاح فرمایا تھا؟

جواب: حضرت سودہؓ بنت زمعہ۔(الرحیق ص ۱۱۷)

سوال89: ہمارے نبیؐ کی کس بیوی کا نکاح آسمان پر ہوا؟

جواب: حضرت زینبؓ بنت جحش۔(زادالمعاد ص ۳۲)

سوال90: حضور ﷺ حضرت زینبؓ سے نکاح کے بعد ولیمہ کس چیز سے فرمایا تھا؟

جواب: کھجور اور ستو سے۔(مشکوٰۃ ج ۲ ص ۲۷۸)

سوال91: حضور ﷺ کی زندگی میں کتنی بیویوں کا انتقال ہوا؟

جواب: دو(2)کا(1)حضرت خدیجہؓ(2)حضرت زینبؓ بن خزیمہ۔(الرحیق ص ۴۷۳)

سوال92: حضور ﷺ کی سب سے کم عمر اہلیہ کا نام کیا ہے؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہؓ۔(معرفۃ الصحابۃ ص ۳۲۰۸)

سوال93: ازواج مطہرات(حضور کی اہلیہ)میں سے سب سے آخر میں کن کی وفات ہوئی؟

جواب: حضرت ام سلمہؓ۔(معرفۃ الصحابۃ ص ۳۲۱۸)

سوال94: حضور ﷺ کی اس اہلیہ کا نام کیا ہے جنہیں آپ طلاق دے کر دوبارہ اپنے نکاح میں لوٹا لیا تھا؟

جواب: حضرت حفصہؓ۔(معرفۃ الصحابۃ ص ۳۲۱۳)

سوال95: ہمارے نبیؐ کے کتنے بیٹے تھے؟

جواب: تین(3)بیٹے تھے (۱) قاسمؓ (۲) عبداللہؓ (۳) ابراہیمؓ۔(الرحیق المختوم ص ۶۱)

سوال96: ہمارے نبیؐ کی کتنی بیٹیاں تھیں؟

جواب: چار(4)بیٹیاں تھیں (۱) زینبؓ (۲) رقیہؓ (۳) ام کلثومؓ (۴) فاطمہؓ۔(الرحیق المختوم ص ۶۱)

سوال97: ہمارے نبیؐ کے کتنے داماد تھے؟

جواب: تین(3)داماد تھے (۱) ابوالعاصؓ (۲) عثمانؓ (۳) علیؓ۔(الرحیق المختوم ص ۴۷۳)

سوال98: حضور ﷺ کی کون سی صاحبزادی آپ ﷺ

کے وفات کے وقت زندہ تھیں؟

جواب: حضرت فاطمہؓ۔(الرحیق ص٦١)

سوال99: حضورﷺ کے اس داماد کا کیا نام ہے جو غزوۂ بدر میں مشرکین مکہ کے طرف سے لڑ رہے تھے؟

جواب: حضرت ابوالعاص۔(الرحیق ص۰ ۲۳)

سوال100: ہمارے نبیؐ کے کتنے نواسے (ناتی) تھے؟

جواب: چھ(6) نواسے تھے۔

(مدارج النبوۃ مترجم ج۲ ص۰ ۵۳ تا۵۳٤)

سوال101: ہمارے نبیؐ کی کتنی نواسیاں (نتنیاں) تھیں؟

جواب: چار(4) نواسیاں تھیں۔

(مدارج النبوۃ مترجم ج۲ ص۰ ۵۳ تا۵۳٤)

سوال102: ہمارے نبیؐ کی کل عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: تریسٹھ(63) سال تھی۔(الرحیق المختوم ص٤٦٩)

سوال103: ہمارے نبیؐ مکّہ میں کتنے سال رہے؟

جواب: ترپین(53) سال (بخاری ج۲ ح۳۸۵۱)۔

سوال104: ہمارے نبیؐ مدینہ منوّرہ میں کتنے سال رہے؟

جواب: دس(10) سال رہے۔(بخاری ج۲ ح۳۸۵۱)

سوال105: ہمارے نبیؐ کو عرب کے لوگ کیا کہتے تھے؟

جواب: ہمارے نبیؐ کو عرب کے لوگ صادق (سچّا) امین (امانت دار) کہتے تھے۔

(السیرۃ النبویۃ دروس وعبر ص۳٦ المکتب الاسلامی بیروت)

سوال106: ہمارے نبیؐ کو نبوّت کب ملی؟

جواب: ہمارے نبیؐ کو نبوّت چالیس(40) سال کی عمر میں ملی۔(بخاری ج۲ ح۳۸۵۱)

سوال107: سب سے آخری نبی کون ہیں؟

جواب: سب سے آخری نبی حضرت محمدﷺ ہیں۔

(ابوداؤد ج۲ ح٤۲۵٤ کتاب الفتن)

سوال108: ہم کس نبی کی اُمّت ہیں؟

جواب: ہم حضرت محمدﷺ کی اُمّت ہیں۔(دینیات اول)

سوال109: ہمارے نبیؐ کا تعلق عرب کے کس قبیلہ سے ہے؟

جواب: ہمارے نبیؐ کا تعلق عرب کے قبیلہ قریش سے ہے۔(السیرۃ النبویۃ دروس وعبر ص۳۳)

سوال110: ہمارے نبیؐ کے والد کا انتقال کب ہوا؟

جواب: ہمارے نبیؐ کے والد کا انتقال ہمارے نبیؐ کی پیدائش سے قبل ہوا۔(السیرۃ النبویۃ دروس وعبر ص۳۳)

سوال111: والدہ کی انتقال کے وقت ہمارے نبیؐ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: والدہ کی انتقال کے وقت ہمارے نبیؐ کی عمر مبارک چھ(6) سال تھی۔(السیرۃ النبویۃ دروس وعبر ص۳۳)

سوال112: والدہ کی انتقال کے بعد ہمارے نبیؐ کس کے پاس رہے؟

جواب: والدہ کے انتقال کے بعد ہمارے نبیؐ اپنے دادا کے پاس رہے۔(السیرۃ النبویۃ دروس وعبر ص۳۳)

سوال113: دادا کے انتقال کے وقت ہمارے نبیؐ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: دادا کے انتقال کے وقت ہمارے نبیؐ کی عمر مبارک آٹھ(8) سال تھی۔

(السیرۃ النبویۃ دروس وعبر ص۳۳)

سوال114: داداکے انتقال کے بعد ہمارے نبیؐ کس کے پاس رہے؟

جواب: داداکے انتقال کے بعد ہمارے نبیؐ اپنے چچاابو طالب کے پاس رہے۔ (السیرۃ النبویۃ دروس عبر ص ۳۳)

سوال115: حضور ﷺ حضرت حلیمہ سعدیہؓ کے پاس کتنے سال تک رہے؟

جواب: چار(4) سال تک۔

(تاریخ ابن خلدون ج ۱ ص ۵ ۳ نفیس اکیڈمی کراچی)

سوال116: ہمارے نبیؐ کو کس صحابیہؓ نے دودھ پلائی؟

جواب: ہمارے نبیؐ کو حلیمہ سعدیہؓ نے دودھ پلائی۔

(الرحیق المختوم ص ۵۵)۔

سوال117: حضور ﷺ کے رضاعی والد کا نام کیا ہے؟

جواب: حارث بن عبدالعزی۔ (سیرت ابن ہشام ج ۱ ص ۱۸۶)

سوال118: ہمارے نبیؐ کی والدہ کی قبر کہاں ہے؟

جواب: ہمارے نبیؐ کی والدہ کی قبر مقام ابواء میں ہے۔

(الرحیق المختوم ص ۵۷)۔

سوال119: ہمارے نبیؐ نے حضرت جبرئیلؑ کو ان کی اصلی صورت میں کتنی مرتبہ دیکھا؟

جواب: ہمارے نبیؐ نے حضرت جبرئیلؑ کو بصورتِ اصلی پوری زندگی میں چار مرتبہ دیکھا۔

(فتح الباری ج ۱ ص ۱۹ معارف القرآن ج ۱ ص ۲۴ نشر الطیب ص ۱۸۲)

سوال120: ہمارے نبیؐ کے دونوں مونڈھوں کے درمیان کیا تھا؟

جواب: ہمارے نبیؐ کے دونوں مونڈھوں کے درمیان مہرِ نبوّت تھی۔ (السیرۃ النبویۃ لابن ہشام ج ۱ ص ۲۰۶)

سوال121: ہمارے نبیؐ کے مونڈھوں کے درمیان مہرِ نبوّت کس نے لگائی؟

جواب: جنت کے دربان رضوان نے۔ (شرف الکلمات ص ۲۰)

سوال122: مہرِ نبوّت میں کیا لکھا ہوا تھا؟

جواب: مہرِ نبوّت میں محمد رسول اللہ لکھا ہوا تھا۔

(خصائل نبوی شیخ زکریا ص ۳۰ مکتبہ بشری پاکستان)۔

سوال123: ہمارے نبیؐ کا سینہ مبارک کتنی مرتبہ چاک کیا گیا؟

جواب: چار(4) مرتبہ۔ (سیرۃ المصطفی کاندھلوی ج ۱ ص ۷۳)

سوال124: ہمارے نبیؐ نے مکّہ سے مدینہ کس سن میں ہجرت کیا تھا؟

جواب: سنہ 1 ھ میں۔ (الرحیق المختوم ص ۱۸٤)

سوال125: ہمارے نبیؐ نے مکّہ سے مدینہ کس مہینہ میں ہجرت کیا تھا؟

جواب: ربیع الاوّل کے مہینے میں۔ (السیرۃ النبویۃ دروس وعبر ص ۶۲)

سوال126: حضور ﷺ ہجرت کی رات جب مکہ سے نکل رہے تھے تو کیا تلاوت کر رہے تھے؟

جواب: سورۂ یٰسین۔ (الرحیق ص ۱۶۳)

سوال127: ہجرت کی رات حضور ﷺ نے اپنے بستر پر کن کو سونے کا حکم دیا تھا؟

جواب: حضرت علیؓ کو۔ (الرحیق ص ۱۶۳)

سوال128: ہجرت کے دوران حضور ﷺ کا پیچھا کس نے کیا تھا؟

جواب: حضرت سراقہ بن مالک ؓ۔ (الرحیق ص ۱۶۸)

سوال129: ہمارے نبیؐ نے مکّہ سے مدینہ ہجرت کرتے ہوئے کس غار میں قیام کیا تھا؟

جواب: غارِ ثور میں۔ (الرحیق المختوم ص ۱۶٤)

سوال130: ہمارے نبیؐ نے اس غار میں کتنے دن قیام فرمایا تھا؟

جواب: تین (3) دن۔ (الرحیق المختوم ص ۱٦٥)

سوال131: اس غار میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کون کون سے دن قیام کیا تھا؟

جواب: جمعہ، سنیچر، اتوار۔ (الرحیق المختوم ص ۱٦٥)

سوال132: غارِ ثور سے نکلنے کے کتنے دن کے بعد حضور ﷺ قباء پہنچے تھے؟

جواب: آٹھویں دن۔ (الرحیق ص ۱٦٦ تا ۱۷۰)

سوال133: ہمارے نبیؐ نے کس اونٹنی پر بیٹھ کر ہجرت فرمائی تھی؟

جواب: قصوا نامی اونٹنی پر۔ (زادالمعاد ص ٤٢)

سوال134: ہمارے نبیؐ کس دن مدینہ منوّرہ میں داخل ہوئے تھے؟

جواب: جمعہ کے دن۔ (الرحیق المختوم ص ۱۷۲)

سوال135: ہمارے نبیؐ مدینہ منوّرہ میں کن کے مہمان رہے؟

جواب: ابوایوب انصاریؓ کے مہمان رہے۔

(الرحیق المختوم ص ۱۷۳)

سوال136: ہجرت کے وقت حضور ﷺ قباء میں کس کے یہاں قیام فرمائے تھے؟

جواب: کلثوم ابن ھدمؓ کے گھر۔ (الرحیق ص ۱۷۱)

سوال137: ہمارے نبیؐ نے مدینہ پہنچ کر سب سے پہلا کام کیا کیا؟

جواب: مسجد بنوائی۔ (الرحیق المختوم ص ۱۸٤)

سوال138: اس مسجد کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: اس مسجد کو ''مسجد نبوی'' کہتے ہیں۔

(الرحیق المختوم ص ۱۸٤)

سوال139: مسجد نبوی کی بنیاد کب رکھی گئی؟

جواب: ماہ ربیع الاوّل ۱ سنہ ھ میں۔ (الرحیق المختوم ص ۱۸۰)

سوال140: مسجد نبوی کے لیے زمین کن سے خریدی گئی تھی؟

جواب: حضرت سہلؓ اور حضرت سہیلؓ سے۔

(معرفۃ الصحابۃ ص ۱۳۲۳)

سوال141: معراج کا واقعہ کب پیش آیا؟

جواب: 27 رجب 10 نبوی کو۔

(رحمۃ للعالمین عربی ص ٦٤ دارالاسلامی ریاض)

سوال142: معراج کی رات آپ ﷺ کن کے یہاں آرام فرما رہے تھے؟

جواب: اپنی چچا زاد بہن حضرت ام ہانیؓ کے گھر۔

(السیرۃ النبویہ لابن ہشام ج ۲ ص ٥۲)

سوال143: واقعہ معراج کے وقت حضورؐ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: 51 سال 9 ماہ۔ (اصح السیر ص ٥۷ امدادیہ)

سوال144: معراج کی سفر میں آپؐ کی سواری کا نام کیا تھا؟

جواب: معراج کی سفر میں آپؐ کی سواری کا نام بُراق تھا۔ (الرحیق المختوم ص ۱۳۸)

سوال145: معراج کی سفر میں آپؐ کو کیا تحفہ ملا؟

جواب: پانچ وقتوں کی نمازوں کا تحفہ ملا۔
(الرحیق المختوم ص ۱۳۸)

سوال146: معراج کی رات سب سے پہلے کتنے وقت کی نمازیں فرض ہوئی تھیں؟

جواب: 50 پچاس وقتوں کی نمازیں فرض ہوئی تھیں۔
(الرحیق ص ۱۳۸)

سوال147: شب معراج حضور ﷺ نے حضرت ہارونؑ کو کس آسمان پر دیکھا تھا؟

جواب: پانچویں (5) آسمان میں۔ (مشکوۃ ج ۲ ص ۵۲۷)

سوال148: ہمارے نبیؐ نے آخری نماز کس وقت کی پڑھی؟

جواب: مغرب کی۔ (بخاری ج ۲ ح ۴۴۲۹ باب مرض النبی)

سوال149: ہمارے نبیؐ کی تلوار کا نام کیا تھا؟

جواب: ہمارے نبیؐ کی تلوار کا نام ذوالفقار تھا۔
(مختصر زاد المعاد ص ۴۰)

سوال150: آپؐ نے وہ تلوار کس کو دی تھی؟

جواب: حضرت علیؓ کو دی تھی۔
(جھات الاسلام ج ۱۱ ص ۴۱۳ ج ۲۰۱۸ ش ۲)

سوال151: جنگ احد میں حضور ﷺ نے اپنی تلوار کسے عطا کی تھی؟

جواب: حضرت ابودجانہؓ کو۔ (الرحیق ص ۲۶۰)

سوال152: ہمارے نبیؐ کے پانی پینے کے پیالے کتنے تھے؟ اور کس کس چیز کے؟

جواب: دو (۱) لکڑی کا (۲) گچ کا۔ (نشر الطیب ص ۲۰۲)

سوال153: ہمارے نبیؐ کو کون سی سبزی زیادہ پسندیدہ تھی؟

جواب: کدّو کی۔ (ترمذی ج ۲ ص ۶)

سوال154: ہمارے نبیؐ کو کون سی تیل زیادہ پسندیدہ تھا؟

جواب: زیتون کا تیل۔ (ترمذی ج ۲ ص ۷ ح ۱۸۵۲)

سوال155: ہمارے نبیؐ کون کون سے پھل زیادہ پسند فرماتے تھے؟

جواب: تربوز، کھجور، ککڑی، انگور۔
(شمائل ترمذی ح ۲۲۵ باب ماجاء فی صفۃ فاکھۃ)

سوال156: حضور ﷺ کتنی انگلیوں سے کھانا تناول فرماتے تھے؟

جواب: تین انگلیوں سے۔ (مختصر زاد المعاد ص ۴۶)

سوال157: ہمارے نبیؐ کون سا گوشت زیادہ پسند فرماتے تھے؟

جواب: اگلا دست۔ (شمائل ترمذی صفۃ ادام

سوال158: حضور ﷺ نے کس چیز کے بارے میں فرمایا کہ یہ بہترین سالن ہے؟

جواب: سرکہ کے بارے میں۔ (شمائل ترمذی ح ۱۵۱)

سوال159: پینے کی چیزوں میں حضورؐ کو کون کون سی چیزیں سب سے زیادہ پسند تھیں؟

جواب: دودھ اور شہد۔

(ترمذی ج ۲ ص ۵ ح ۱۸۳۱ تحفۃ الاحوذی ج ۶ ص ۱۹ بیروت)

سوال160: حضور ﷺ پینے میں کس طرح کا پانی زیادہ پسند فرماتے تھے؟

جواب: حضور ﷺ پینے میں میٹھا اور ٹھنڈا پانی پسند فرماتے تھے۔ (شمائل خصائل نبوی ص ۲۰۸)

سوال161: حضور ﷺ پانی پیتے وقت کتنی سانس لیا

کرتے تھے؟

جواب: تین (3) سانس۔ (شمائل ترمذی ح ۲۱۱)

سوال162: ہمارے نبیؐ کون سی خوشبو سب سے زیادہ پسند تھیں؟

جواب: مشک اور عود کی۔

(ترمذی ج ۱ ص ۱۹۳ ح ۹۹۲، سبل الھدی والرشاد ج ۷ ص ۳۰۵)

سوال163: ہمارے نبیؐ کس رنگ کا لباس پسند فرماتے تھے؟

جواب: سفید رنگ کا۔ (ترمذی ج ۲ ص ۱۰۸)

سوال164: حضور صلی اللہ علیہ وسلم عام طور پر نیا کپڑا کس روز پہنا کرتے تھے؟

جواب: جمعہ کے دن۔ (جامع الصغیر ص ۴۰۸)

سوال165: ہمارے نبیؐ سفر کیلئے کس دن کو پسند فرماتے تھے؟

جواب: جمعرات کے دن کو۔ (سبل الھدی والرشاد ج ۷ ص ۴۳۸)

سوال166: ہمارے نبیؐ کے پاس کتنے گھوڑے تھے؟

جواب: سات (7) گھوڑے تھے۔ (مختصر زاد المعاد ص ۴۲)

سوال167: ہمارے نبیؐ کے پاس کتنے خچر تھے؟

جواب: پانچ (5) خچر تھے۔ (مختصر زاد المعاد ص ۴۲

سوال168: ہمارے نبیؐ کے پاس کتنی اونٹنیاں تھی؟

جواب: تین (3) اونٹنیاں تھی۔ (مختصر زاد المعاد ص ۴۲)

سوال169: حضور ﷺ کی اس اونٹنی کا نام کیا تھا جو بہت تیز رفتار تھی؟

جواب: اس اونٹنی کا نام عَضباء تھا۔

(بخاری ج ۲ ح ۶۵۰۱ باب التواضع)

سوال170: ہمارے نبیؐ کے کمبل اور عمامہ کا رنگ کیسا تھا؟

جواب: کالا۔ (مختصر زاد المعاد ص ۴۳)

سوال171: ہمارے نبیؐ کون سا سرمہ استعمال کرتے تھے؟

جواب: اِثْمُد سرمہ۔ (ابوداؤد ج ۲ ح ۴۰۶۳)

سوال172: ہمارے نبیؐ انگوٹھی کس ہاتھ میں پہنتے تھے؟

جواب: دائیں ہاتھ میں۔ (شمائل ترمذی ح ۹۰)

سوال173: ہمارے نبیؐ کی انگوٹھی کس چیز کی تھی؟

جواب: چاندی کی۔ (شمائل ترمذی ح ۸۸)

سوال174: اس انگوٹھی میں کیا لکھا ہوا تھا؟

جواب: اللہ رسول محمد لکھا ہوا تھا۔

(شمائل ترمذی ح ۹۱ حاشیہ ۵)

سوال175: حضور ﷺ کی انگوٹھی کس کنواں میں گر گئی تھی؟

جواب: **بئر اریس میں**۔ (بخاری ج ۲ ح ۵۸۶۶ باب خاتم الفضۃ)

سوال176: حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کتنے پانی سے وضو کرتے تھے؟

جواب: ایک مُد (795 گرام 985 ملی گرام) پانی سے۔

(ترمذی ج ۱ ص ۱۸)

سوال177: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کتنے پانی سے غسل فرماتے تھے؟

جواب: ایک صاع (3 کیلو 150 گرام) پانی سے۔

(ترمذی ج ۱ ص ۱۸)

سوال178: حضور ﷺ سوتے وقت کون سی دعا پڑھتے تھے؟

جواب: **اللھم باسمک اموت و احی**۔ (شمائل ترمذی ح ۲۵۶)

سوال179: حضور ﷺ کی آنکھیں کیسی تھی؟

جواب: حضور ﷺ کی آنکھیں سرمگیں تھی (دیکھنے والے

کو یوں لگتا تھا کہ آپ سرمہ لگائے ہوئے ہیں)۔
(شمائل ترمذی ح ۷)

سوال180: ہمارے نبیؐ کے سر اور ڈاڑھی مبارک میں کم وبیش کتنے بال سفید تھے؟

جواب: 20 بال۔ (شمائل ترمذی ح. ٤ ص ۲٤۹)

سوال181: ہمارے نبیؐ جب بچوں کے پاس سے گزرتے تو کیا فرماتے تھے؟

جواب: ہمارے نبیؐ جب بچوں کے پاس سے گزرتے تو سلام کرتے تھے۔ (بخاری ج ۲ ح ٦۲٤۷ کتاب الاستئذان)

سوال182: آپ ﷺ کی گود میں کتنے بچوں نے پیشاب کیا؟

جواب: پانچ (5)۔ (اوجز المسالک ج ۱ ص ٦٤٥ دمشق)

سوال183: حضور ﷺ نے پہلا سفر کس ملک کا کیا تھا؟

جواب: ملک شام کا۔ (الرحیق المختوم ص ٦٠)

سوال184: حضور ﷺ کس طرح ہنستے تھے؟

جواب: حضور ﷺ صرف تبسم فرماتے تھے، کھلکھلا کر نہیں ہنستے تھے۔ (شمائل ترمذی ح ۲۲٦)

سوال185: ہمارے نبیؐ کس پیغمبر سے زیادہ مشابہ تھے؟

جواب: حضرت ابراہیم سے۔ (مسلم ج ۱ ح ٤٤۱ باب الاسراء)

سوال186 وہ کون سے صحابی ہیں جو حضور ﷺ کے منہ بولے بیٹے تھے؟

جواب: حضرت زیدؓ بن حارثہ۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ۱۱۳٦)

سوال187: طائف کی سفر میں آپؐ کے ساتھ کون صحابی تھے؟

جواب: حضرت زید بن حارثہؓ۔ (الرحیق المختوم ص ۱۲٥)

سوال188 حضور ﷺ نے نبوت کے کتنے سال بعد طائف کا سفر کیا؟

جواب: نو سال کے بعد۔ (الرحیق ص ۱۲٥)

سوال189: طائف سے واپس ہوتے ہوئے حضور ﷺ کونسی سورت کی تلاوت کررہے تھے؟

جواب: سورہ جن۔ (الرحیق ص ۱۲۷ تا ۱۲۸)

سوال190: حضور ﷺ طائف والوں کے بیچ کتنے دن قیام کیا تھا؟

جواب: دس (10) دن۔ (الرحیق ص ۱۲٥)

سوال191: ہمارے نبیؐ نے سب سے پہلے کس مسجد میں نماز جمعہ پڑھائی؟

جواب: مسجد بنی سالم بن عوف۔ (الرحیق المختوم ص ۱۷۲)

سوال192: حضور ﷺ کتنے غزوہؑ (جنگ) کیے؟

جواب: ستائیس (27)۔ (اصح السیر ص ۳٤۱)

سوال193: حضور ﷺ نے سب سے پہلے کون سا غزوہ کیا؟

جواب: غزوہ ابواء۔ (بخاری ج ۲ کتاب المغازی اوائل)

سوال194: حضور ﷺ سب سے آخر میں کس غزوہ (جنگ) میں شریک ہوئے؟

جواب: غزوہ تبوک۔ (محاضرۃ الاواخر ص ۱٥٤)

سوال195: حضور ﷺ کس تاریخ کو جنگ بدر کے لیے روانہ ہوئے تھے؟

جواب: بارہ (12) رمضان کو۔
(طبقات ابن سعد ج ۱ ص ۲٥٠ نفیس اکیڈمی کراچی)

سوال196: مدینہ سے بدر کی جانب سفر کرتے ہوئے حضور ﷺ کی سواری پر کون کون سوار تھے؟

جواب: حضرت علیؓ اور حضرت مرثدؓ بن ابی مرثد غنوی۔
(الرحیق ص ۲۰۵)

سوال197: غزوۂ بدر کے بعد حضور ﷺ نے اپنی کس صاحبزادی کا نکاح کیا تھا؟

جواب: حضرت فاطمہؓ۔
(سیر اعلام النبلاء ج ۳ ص ٤١٥ دار الحدیث قاہرہ)

سوال 198: جنگ احد میں حضور ﷺ کی دانت کس کے پتھر سے شہید ہوا تھا؟

جواب: عتبہ کے پتھر سے۔ (الرحیق ص ۲٦٧)

سوال199: غزوۂ احد میں حضور کو کتنے زخم آئے؟

جواب: ستر (70)۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ١٧٤)

سوال200: حضور ﷺ کے ہاتھوں صرف ایک کافر مارا گیا ہے اس کا نام کیا ہے؟

جواب: اُبَی بن خلف۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ١٧٥ تا ١٧٦)

سوال201: غزوۂ خندق کے موقع پر حضور ﷺ کی دعوت کس نے کی تھی؟

جواب: حضرت جابرؓ نے دعوت کی تھی۔
(بخاری ج ۲ ص ٤١٠١ باب غزوۃ الخندق)

سوال202: حضرت جابرؓ کے گھر کون سا معجزہ ظاہر ہوا تھا؟

جواب: ان کے یہاں دو یا تین آدمی کے مقدار رکھا تھا لیکن حضور ﷺ کی برکت سے پوری قوم نے پیٹ بھر کر کھایا تھا۔ (بخاری ج ۲ ح ٦٥٠١ باب التواضع)

سوال203: فتح مکہ کے وقت حضور ﷺ کے ساتھ اونٹنی میں کون سے صحابی بیٹھے ہوئے تھے؟

جواب: حضرت اسامہ بن زیدؓ۔ (الرحیق ص ٤٦٠)

سوال204: فتح مکہ کے دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کس رنگ کا عمامہ (پگڑی) باندھ رکھا تھا؟

ج: سیاہ (کالے) رنگ کا۔
(شمائل ترمذی ح ١١٤ باب ماجاء فی عمامۃ رسول اللہ)

سوال205: فتح مکہ کے موقع پر حضور ﷺ نے کیا اعلان کیا تھا؟

جواب: حضور ﷺ نے عام معافی کا اعلان کیا تھا۔
(الرحیق ص ٤٠٥)

سوال206: فتح مکہ کے بعد حضور ﷺ نے غسل کہاں کیا تھا؟

جواب: حضرت ام ہانیؓ کے گھر۔ (الرحیق ص ٤٠٦)

سوال207: مکہ فتح ہونے کے بعد حضور ﷺ نے نماز شکر کتنی رکعت ادا کی تھی؟

جواب: آٹھ (8) رکعت۔ (الرحیق ص ٤٠٦)

سوال208: نمازِ شکر کہاں ادا کی تھی؟

جواب: حضرت ام ہانیؓ کے گھر۔ (الرحیق ص ٤٠٧)

سوال209: ہمارے نبیؐ نے اپنے خطوں پر مہر کا استعمال کب سے شروع کیا تھا؟

جواب: ایک محرم الحرام ۷ سنہ ھ سے۔ (الرحیق المختوم ص ۳٥٠)

سوال210: حضور ﷺ کس مسجد میں نماز پڑھ رہے تھے کہ قبلے کی تبدیلی کا حکم آیا؟

جواب: مسجد بنو سلمی۔ (ابن کثیر ج ١ ص ۳٥۲)

سوال211: تبوک سے واپسی پر حضور ﷺ نے کس مسجد کو گرانے کا حکم دیا تھا؟

جواب: مسجد ضرار۔ (مختصر زاد المعاد ص ٥٥٥ تا ٥٥٦)

سوال212: حضور ﷺ کو زہر کس نے دیا تھا؟

جواب: حضور ﷺ کو زہر زینب بنت الحارث نے دیا تھا۔ (مختصر زادالمعاد ص ۳۲۱)

سوال 213: حضور ﷺ کو زہر کس چیز میں دیا گیا تھا؟

جواب: بکری کے گوشت میں۔ (مختصر زادالمعاد ص ۳۲۱)

سوال 214: حضور ﷺ مکہ کے فتح کے موقع پر مکہ میں کتنے دن رہے؟

جواب: حضور ﷺ فتح مکہ کے موقع پر پندرہ (15) دن رہے۔ (طبقات ابن سعد مترجم ج ۱ ص ۳۶۰)

سوال 215: حضور ﷺ نے اپنی زندگی میں کتنے حج کیے؟

جواب: ایک (1) حج۔ (بخاری ج ۱ ح ۱۷۷۸ باب کم اعتمر النبی)

سوال 216: ہمارے نبیؐ نے حج کس سن میں کیا تھا؟

جواب: سن 10 ہجری میں۔ (الرحیق المختوم ص ۴۵۸)

سوال 217: اس حج کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: حجۃ الوداع۔ (الرحیق المختوم ص ۴۵۸)

سوال 218: حجۃ الوداع کے موقع پر حضور ﷺ کے ساتھ کتنے صحابہ کرام تھے؟

جواب: ایک لاکھ چوبیس ہزار (124000)۔ (الرحیق ص ۴۴۴)

سوال 219: حضور ﷺ نے حجۃ الوداع کا احرام کہاں سے باندھا تھا؟

جواب: مقام ذی الحلیفہ۔ (الرحیق ص ۳۵۸ تا ۳۵۹)

سوال 220: حجۃ الوداع کے موقع پر حضور ﷺ نے اپنے دست (ہاتھ) سے کتنی قربانیاں کی تھیں؟

جواب: ترسٹھ (63)۔ (مسلم ح ۳۰۰۹ باب حجۃ النبی ﷺ)

سوال 221: حجۃ الوداع میں حضور ﷺ کے سر کا بال کس نے کاٹا تھا؟

جواب: حضرت معمر بن عبداللہؓ۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ۲۵۹۶)

سوال 222: ہمارے نبی ﷺ نے کتنے عمرہ کیے؟

جواب: چار (4)۔ (بخاری ج ۱ ح ۱۷۷۸ باب کم اعتمر النبی ﷺ)

سوال 223: حضور ﷺ عمرۃ القضاء کس سن ہجری میں فرمائی؟

جواب: سات (7) ھجری۔ (مختصر زادالمعاد ص ۳۲۴)

سوال 224: ہمارے نبیؐ کا مرض الوفات کب سے شروع ہوا؟

جواب: سنیچر کے دن سے۔ (اصح السیر ص ۵۱۱ بیروت)

سوال 225: وفات سے پہلے حضور ﷺ کو کون سا مرض لاحق ہوا تھا؟

جواب: حضور ﷺ کو شدید درد سر لاحق ہوا تھا۔ (الرحیق ص ۴۶۵)

سوال 226: حضور ﷺ اپنی وفات کے وقت کس کے گھر تشریف فرما تھے؟

جواب: حضرت عائشہؓ کے گھر۔ (الرحیق ص ۴۶۹)

سوال 227: وفات سے پہلے آخری لمحات میں حضور ﷺ نے کس عمل کی تاکید فرمائی تھی؟

جواب: نماز کی۔ (الرحیق ص ۴۶۹)

سوال 228: حضور ﷺ آخری وقت میں اپنا سر مبارک کس کے سینے ٹیک لگائے ہوئے تھے؟

جواب: حضرت عائشہ رضی اللہ۔ (الرحیق ص ۴۶۹)

سوال 229: موت کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری کلام کیا تھا؟

جواب: **اللھم بالرفیق الاعلی۔**
(بخاری ج ۲ ح ۴۶۳ باب مرض النبی صلی اللہ)

سوال230: ہمارے نبیؐ کی وفات کس دن ہوئی؟

جواب: پیر (سوموار) کے دن۔ (الرحیق المختوم ص ٤٦٩)

سوال 231 کس تاریخ کو؟

جواب: 12 ربیع الاوّل 11ھ کو۔ (الرحیق المختوم ص ٤٦٩)

سوال232: حضور ﷺ کو غسل کن حضرات نے دیا؟

جواب: (1) حضرت علیؓ (2) حضرت عباسؓ

(3) حضرت فضلؓ بن عباس (4) حضرت قثمؓ

(5) حضرت اسامہؓ (6) حضرت شقرانؓ۔

(الرحیق ص ٤٧١)

سوال233: حضور ﷺ کو کتنے کپڑوں میں دفنایا گیا؟

جواب: تین (3) کپڑوں میں۔ (الرحیق ص ٤٧١)

سوال234: ہمارے نبیؐ کی قبرِ مبارک کس نے کھودی؟

جواب: حضرت ابوطلحہ انصاریؓ نے کھودی۔

(الرحیق المختوم ص ٤٧١)

سوال235: ہمارے نبیؐ کی نماز جنازہ کیسے پڑھی گئی؟

جواب: ہمارے نبیؐ کی نماز جنازہ الگ الگ پڑھی گئی۔

(الرحیق المختوم ص ٤٧١)

سوال236: ہمارے نبیؐ کی نماز جنازہ سب سے پہلے کس نے پڑھی؟

جواب: فرشتوں نے۔ (مستدرک حاکم مترجم ج ٤ ص ١٤٢ ح ٤٣٩٩)

سوال237: حضور ﷺ کی تدفین (مٹی) کس جگہ ہوئی؟

جواب: حضرت عائشہؓ کے کمرے میں۔ (الرحیق ص ٤٧١)

سوال238: ہمارے نبیؐ کو قبر میں اُتارنے والے صحابہ کرام کون کون ہیں؟

جواب: (۱) حضرت علیؓ (۲) حضرت عبّاسؓ

(۳) حضرت قثمؓ (۴) حضرت فضلؓ

(مدارج النبوۃ مترجم ج ۲ ص ٥١٣)

سوال239: ہمارے نبیؐ کی قبر مبارک پر پانی کس صحابی نے چھڑکا؟

جواب: حضرت بلالؓ نے۔ (نشر الطیب ص ٢١٧)

## سیرت انبیاء (علیہم السلام)

سوال240: ابوالبشر کس نبی کو کہا جاتا ہے؟

جواب: ابوالبشر حضرت آدمؑ کو کہا جاتا ہے۔

(ترمذی ج ۲ ص ٦٩ ح ٢٤٣٤)

سوال241: حضرت آدمؑ کی پیدائش کس دن ہوئی؟

جواب: جمعہ کے دن۔ (مسلم ج ۱ ح ٢٠١٣ باب فضل الجمعۃ)

سوال242: حضرت آدمؑ جنت میں کتنے سال رہے؟

جواب: ایک سوتیس (130) سال رہے۔ (ابن کثیر ج ۱ پ ۱/ ٤)

سوال243: حضرت آدمؑ جنت سے نکالے جانے کے بعد دنیا میں کس جگہ اترے؟

جواب: سرندیپ پہاڑ پر۔ (الکامل فی التاریخ ج ۱ ص ٣٤)

سوال244: حضرت آدمؑ نے کتنی عمر پائی؟

جواب: نوسو چھتیس (936) سال۔

(الکامل فی التاریخ ج ۱ ص ٤٧)

سوال245: وہ کون سے نبی ہیں جنہوں نے اپنی عمر کا کچھ حصہ کسی دوسرے نبی کو عطا کیا ہو؟

جواب: حضرت آدمؑ نے حضرت داوٗدؑ کو اپنی عمر کا کچھ حصہ عطاء کیا تھا۔ (ترمذی ج ۲ ص ١٣٨)

سوال246: حضرت آدمؑ حضرت داوٗدؑ کو کتنی عمر عطا کی تھی؟

جواب: چالیس سال (40)۔
(ترمذی ج۲ ص ۱۳۸ کتاب التفسیر س اعراف)

سوال 247: وفات کے وقت آپ کی اولاد کی تعداد کتنی تھی؟

جواب: آپ کی اولاد کی تعداد چالیس (40000) ہزار تھی۔ (حیات آدم)

سوال 248: حضرت آدمؑ مرض الموت میں کتنے دن رہے؟

جواب: گیارہ دن (11)۔ (الکامل فی التاریخ ج۱ ص ٤٦)

سوال 249: حضرت آدمؑ کی وفات کس مقام پر ہوئی؟

جواب: سری لنکا میں نوذ نامی پہاڑ پر۔ (حیات آدم ص ٦٧)

سوال 250: حضرت آدمؑ کی جنازے کی نماز کس نے پڑھائی؟

جواب جبرئیل امین۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص ۳۰۵)

سوال 251: سب سے پہلے **الحمدللہ** کس نے کہا؟

جواب: حضرت آدمؑ نے۔ (محاضرۃ الاوائل ص ۹٤)

سوال 252: سب سے پہلے حج کس نے کیا؟

جواب: حضرت آدم علیہ السلام نے۔ (محاضرۃ الاوائل ص ۱۳۹)

سوال 253: انسانوں میں سب سے پہلے بھول کن سے ہوئی؟

جواب: حضرت آدمؑ سے۔ (ترمذی ج۲ ص ۱۳۸ ابوب التفسیر سورۃ اعراف)

سوال 254: سب سے پہلے حضرت آدمؑ کو کس نے سجدہ کیا؟

جواب: حضرت جبرئیل۔ (تفسیر نعیمی ج۱ ص ۲۸۷)

سوال 255: حضرت آدمؑ کی لمبائی کتنی تھی؟

جواب: ساٹھ گز (60) (نوے فٹ 90)
(مشکوۃ المصابیح ج۲ ص ۵۱۱)

سوال 256: حضرت ادریسؑ کس نبی کے زمانے میں تھے؟

جواب: حضرت آدم علیہ السلام۔ (الکامل فی التاریخ ج۱ ص ٥٥)

سوال 257: کس نبیؑ نے سب سے پہلے قلم کا استعمال کیا؟

جواب: حضرت ادریسؑ۔ (الکامل فی التاریخ ج۱ ص ٥٦)

سوال 258: حضرت نوحؑ کی کل عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: ایک ہزار پچاس سال تھی۔
(صاوی ج۳ ص ۱۹۳ تا ۱۹٤)

سوال 259: حضرت نوحؑ نے اپنی قوم کو کتنے سال تک دین کی دعوت دی؟

جواب: ساڑھے نوسو (950) سال تک۔
(س عنکبوت آیت ١٤ پ ۲۰)

سوال 260: حضرت نوحؑ کی قوم پر کون سا عذاب آیا تھا؟

جواب: حضرت نوحؑ کی قوم پر پانی کا عذاب آیا تھا۔
(س ہود آیت ٤٤ پ ۱۲)

سوال 261: حضرت نوحؑ طوفان کے بعد کتنے سال زندہ رہے؟

جواب: ساٹھ سال (60)۔ (صاوی ج۳ ص ۱۹٤ مصر)

سوال 262: حضرت نوحؑ نے عذاب سے بچنے کیلئے کیا کیا تھا؟

جواب: اللہ تعالیٰ کے حکم سے کشتی بنائی تھی۔
(س ہود آیت ۳۸ پ ۱۲)

سوال 263: حضرت نوحؑ کو کشتی بنانے کیلئے کس نے سکھایا؟

جواب: حضرت جبرئیلؑ نے۔ (صاوی ج۳ ص ۱۱٦)

سوال 264: کشتی کتنے دنوں میں تیار ہوئی تھی؟

جواب: دو سال میں۔ (صاوی ج۳ ص ۱۱٦)

سوال 265: حضرت نوحؑ کی کشتی کس پہاڑ پر ٹھہری تھی؟

جواب: جودی پہاڑ پر۔ (س ہود آیت ٤٤ پ ۱۲)

سوال 266: سب سے پہلے کس نبی نے "اللہ اکبر" کہا؟

جواب: حضرت ابراہیمؑ نے۔(بغیۃ الظمان)

سوال267: سب سے پہلے جمعہ کیلئے کس نبی نے غسل کیا؟

جواب: حضرت ابراہیمؑ۔(محاضرۃ الاوائل ص۳۹)

سوال268: کس نبیؑ کوان کی قوم نے آگ میں ڈال دیا تھا؟

جواب: حضرت ابراہیمؑ کو۔(س انبیاء آیت ۶۸ تا ۶۹)

سوال269: اس آگ کیا کہتے تھے؟

جواب: نارِ نمرود۔(الکامل فی التاریخ ج۱ ص۸۹)

سوال270: اس وقت آپ کی عمر مبارک کیا تھی؟

جواب: سولہ(16) سال۔(صاوی ج۳ ص۶۸)

سوال271: حضرت ابراہیمؑ آگ میں کتنے دن تک رہے؟

جواب: چالیس(40) دن تک۔(صاوی ج۳ ص۶۸)

سوال272: کس نبیؑ نے اُمّتِ محمدیہ کو سلام کہلوایا تھا؟

جواب: حضرت ابراہیمؑ نے۔(ترمذی ج۲ ص۱۸٤ ح۳٤٦۲)

سوال273: سب سے پہلے جنتی لباس کن کو پہنایا جائے گا؟

جواب: حضرت ابراہیمؑ کو۔(محاضرۃ الاوائل ص۱٤۷)

سوال274: خلیل اللہ (اللہ کے دوست) کن کا لقب ہے؟

جواب: حضرت ابراہیمؑ کا۔(مشکوۃ ج۲ ص۵۱۳ فضائل سید المرسلین)

سوال275: حضرت ابراہیمؑ نے کتنی شادیاں کی؟

جواب: چار(4)۔(الکامل فی التاریخ ج۱ ص۱۱۰)

سوال276: حضرت ابراہیمؑ نے بت خانہ میں کتنے بتوں کو توڑا تھا؟

جواب: بہتر(72)۔حاشیہ جلالین ۲۰ ص۲۷۳)

سوال277: حضرت ابراہیمؑ کی قبر کہاں ہے؟

جواب: ”جرون“ میں۔(تاریخ طبری مترجم ج۱ ص۲۱۵)

سوال278: حضرت اسماعیلؑ کی قربانی کا واقعہ کہاں پیش آیا تھا؟

جواب: منیٰ میں۔(الکامل فی التاریخ ج۱ ص۱۰۰)

سوال279: حضرت اسحاقؑ کتنے سال زندہ رہے؟

جواب: ایک سواسی (180)۔(الاتقان ج۵ ص۱۹٦۸)

سوال280: حضرت زکریاؑ کتنے سال کے عمر میں والد بنے؟

جواب: ایک سوتینتیس(133)۔(حاشیہ جلالین ۱۲ ص۱۰٤)

سوال281: حضرت زکریاؑ کون سا چیز کا کام کرتے تھے؟

جواب: بڑھئی کا۔(مشکوۃ المصابیح ج۲ ص۵۰۹)

سوال282: حضرت موسیٰؑ کون تھے؟

جواب: حضرت موسیٰؑ اللہ کے نبی تھے۔(س مریم آیت ۵۱ پ ۱٦)

سوال283: حضرت موسیٰؑ کا لقب کیا تھا؟

جواب: کلیم اللہ۔(بخاری ج۲ ح۷۵۱۰ کتاب التوحید)

سوال284: حضرت موسیٰؑ کو کلیم اللہ کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب: اسلئے کہا جاتا ہے کہ آپؑ نے اللہ سے بات کی تھی۔(س نساء آیت ۱٦٤ پ٦)

سوال285: حضرت موسیٰؑ نے کس پہاڑی پر اللہ سے بات کی؟

جواب: حضرت موسیٰؑ نے ”طور پہاڑ“ پر اللہ سے بات کی۔(س قصص آیت ۲۹ پ ۲۰)

سوال286: جب حضرت موسیٰؑ پہاڑ پر گئے تھے تو ان کی قوم کس چیز کو پوجنے لگی تھی؟

جواب: گائے کو۔(سورہ اعراف آیت ۱٤۷)

سوال287: وہ کون سے نبی ہیں جنہوں نے اللہ کو دیکھنے کی خواہش ظاہر کی تھی؟

جواب: حضرت موسیٰؑ۔(سورہ اعراف آیت ۱٤۳)

سوال288: حضرت موسیٰؑ کو ان کی والدہ نے کس دریا میں ڈالا تھا؟

جواب: دریائے قلزم ۔(معارف القرآن ج٦ ص ٨٣ س سبا)

سوال289: حضرت موسیٰؑ کی عمر اس وقت کتنی تھی جب آپؑ نے فرعون کی ڈاڑھی پکڑ کر طمانچہ مارا تھا؟

جواب: تین(3) سال ۔(تفسیر نعیمی ١ص ٣٧٣)

سوال290: اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰؑ کو کس قوم کی طرف نبی بنا کر بھیجا؟

ج: بنی اسرائیل، فرعون اور اس کی قوم کی طرف ۔

(س مؤمنون آیت ٤٥ تا ٤٦)

سوال291: من و سلوٰی (جنتی کھانا) کس نبی کے امت پر اترا تھا؟

جواب: حضرت موسیٰؑ ۔(سورہ بقرہ آیت ٥٦ پ ١)

سوال292: بنی اسرائیل کو کس دن مچھلیوں کے شکار کرنے سے منع کیا گیا تھا؟

جواب: سنیچر کے دن ۔(معارف القرآن ج١ ص ٢٤٢)

سوال293: اس نبی کا نام کیا ہے جو کسی کے شاگرد بنے؟

جواب: حضرت موسیٰؑ ۔(جلالین ص ٢٤٩ تا ٢٥٠ سورہ کہف)

سوال294: حضرت موسی نے کن کی شاگردی اختیار کی تھی؟

جواب: حضرت خضرؑ کی ۔(جلالین ص ٢٤٩)

سوال 295: حضرت ہارونؑ حضرت موسیٰؑ کے کون تھے؟

جواب: بھائی ۔(الاتقان ج ٥ ص ١٩٧٥)

سوال296 حضرت شعیبؑ حضرت موسیٰؑ کے کون تھے؟

جواب: سسر ۔(جلالین ص ٢٦٢ پ ١٦)

سوال297: حضرت ہارونؑ حضرت موسیٰؑ سے کتنے سال بڑے تھے؟

جواب: ایک(1) سال ۔(الاتقان ج ٥ ص ١٩٧٥)

سوال298: حضرت ہارونؑ کی وفات حضرت موسیٰؑ سے کتنے دن پہلے ہوئی؟

جواب: ایک(1) سال پہلے ۔(حاشیہ جلالین ١٠ ص ٩٨)

سوال299: حضرت موسیٰؑ اور حضرت ہارونؑ کی وفات کہاں ہوئی؟

جواب: وادیٔ تیہ میں ۔(جلالین ص ٩٨)

سوال300: حضرت موسیٰؑ نے حضرت شعیبؑ کی بکریاں کتنے سال چرائیں؟

جواب: دس(10) سال ۔(جلالین ص ٣٢٩)

سوال301: کس نبی کے ہاتھ میں لوہا نرم ہو جاتا تھا؟

جواب: حضرت داؤدؑ ۔(ابن کثیر ج ٥ ص ٢٢٠ س سبا)

سوال302: حضرت داؤدؑ کس چیز کی تجارت (Business) کرتے تھے؟

جواب: زرہ (لوہے کا لباس جسے جنگ میں پہنا جاتا ہے) کی ۔(ابن کثیر ج ٥ ص ٢٢١ پ ٢٢ ر ٨)

سوال303: حضرت داؤدؑ کی کتنی بیویاں تھیں؟

جواب: ایک ہزار 1000 بیویاں تھیں ۔

(البدایہ والنہایہ ج ٢ ص ١٥)

سوال304: حضرت داؤدؑ کے بیٹے کون تھے؟

جواب: حضرت داؤدؑ کے بیٹے حضرت سلیمانؑ تھے ۔

(ابن کثیر ج ٥ ص ٢٢١)

سوال305: سب سے پہلے کس نبیؑ نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھا؟

جواب: حضرت سلیمانؑ نے۔ (ابن کثیر ج٤ ص٥٩٥ س نمل)

سوال306: حضرت سلیمانؑ کی حکومت کن کن چیزوں پر تھی؟

جواب: انسان، جنّات، جانوروں، پرندوں اور ہواؤں پر تھی۔ (ابن کثیر ج٥ ص٢٢٢ س سبادار الکتب بیروت)

سوال307: سب سے پہلے بیت المقدس کی تعمیر کس نے کی؟

جواب: حضرت سلیمان علیہ السلام۔ (الاتقان ج٥ ص١٩٧٧)

سوال308: کس نبیؑ کو مچھلی نے نگل لیا تھا؟

جواب: حضرت یونسؑ کو۔ (ابن کثیر ج٥ ص٣٢٤ س صافات)

سوال309: حضرت یونسؑ کو اس مچھلی نے کتنے دن تک اپنے پیٹ میں رکھا تھا؟

جواب: چالیس (40) دن۔

(ابن کثیر ج٥ ص٣٢٤ روایت ضعیف س صافات)

سوال310: حضرت صالح علیہ السلام پر کتنے لوگ ایمان لائے تھے؟

جواب: چار ہزار (4000)۔ (جلالین ص١٥٨ سورہ ہود)

سوال311: وہ کون سے نبی ہیں جو سو سال کے بعد دوبارہ زندہ کیے گئے؟

جواب: حضرت عزیرؑ (جلالین ص٤٠ پ٣ سورہ بقرہ)

سوال312: جس وقت حضرت ایوبؑ مرض میں مبتلا ہوئے اس وقت ان کی عمر کیا تھی؟

جواب: ستر سال (70) (الاتقان ج٥ ص١٩٧٨)

سوال313: کس نبی کا صبر مشہور ہے؟

جواب: حضرت ایوبؑ۔ (طبری ج١ ص٢٢٧)

سوال314: حضرت یوسفؑ کن کے بیٹے تھے؟

جواب: حضرت یوسفؑ حضرت یعقوبؑ کے بیٹے تھے۔

(ابن کثیر ج٣ ص٥١٤)

سوال:315: حضرت یوسفؑ کے کتنے بھائی تھے؟

جواب: گیارہ (11) بھائی تھے۔ (ابن کثیر ج٣ ص٥١٤)

سوال316: حضرت یوسفؑ کے حقیقی (سگے) بھائی کا نام کیا ہے؟

جواب: بنیامین۔ (ابن کثیر ج٣ ص٥١٦)

سوال317: حضرت یوسفؑ نے خواب میں کیا دیکھا تھا؟

جواب: حضرت یوسفؑ نے خواب میں چاند؛ سورج اور گیارہ ستاروں کو سجدہ کرتے ہوئے دیکھا۔

(س یوسف آیت ٤ پ١٢)

سوال318: حضرت یوسفؑ کو کتنے سال کی عمر میں ان کے بھائیوں نے کنواں میں ڈالا تھا؟

جواب: بارہ (12) سال کی عمر میں۔ (حاشیہ جلالین ٣٩ ص١٩٠)

سوال319: حضرت یوسفؑ کنویں میں کتنے دن رہے؟

جواب: تین (3) دن۔ (ابن کثیر ج٣ ص٥١٩)

سوال320: حضرت یوسفؑ کا کنویں میں کھانا کیا تھا؟

جواب: جنتی کھانا۔ (حاشیہ جلالین ٣٩ ص١٩٠)

سوال321: حضرت یوسفؑ کو کنویں میں کھانا کون لا کر دیتا تھا؟

جواب: حضرت جبرئیل۔ (حاشیہ جلالین ٣٩ ص١٩٠)

سوال322: حضرت یعقوبؑ کو حضرت یوسفؑ کی موجودگی کی خبر سب سے پہلے کس نے سنائی تھی؟

جواب: حضرت یعقوبؑ کے بڑے بیٹے یہودا نے۔

(جلالین ص١٩٨)

سوال323: جوعورت حضرت یوسفؑ پر فدا ہوئی تھی اس کا نام کیا ہے؟

جواب: زلیخا۔(ابن کثیر ج ۳ ص ۵۲۰)

سوال324: حضرت یوسفؑ کس ملک کے حاکم تھے؟

جواب: ملک مصر کے حاکم تھے۔(ابن کثیر ج ۳ ص ۵۳۳)

سوال325: وہ کون سے نبیؑ ہیں جن کو اللہ ربّ العزّت نے بچپن ہی میں نبوّت سے سرفراز فرمایا؟

جواب: حضرت عیسیٰؑ کو۔(صاوی ج ۳ ص ۳۱)

سوال326: بنی اسرائیل کے سب سے آخری نبی کا نام کیا ہے؟

جواب: حضرت عیسیٰؑ۔(ابن کثیر ج ۲ ص ۳۶)

سوال327: کس نبی نے ماں کی گود میں بات کی؟

جواب: حضرت عیسیٰ نے۔(ابن کثیر ج ٤ ص ۲٤٥)

سوال 328: کس نبیؑ کو اللہ ربّ العزّت نے آسمان پر اُٹھالیا تھا؟

جواب: حضرت عیسیٰؑ کو۔(ابن کثیر ج ۲ ص ۳۷۳)

سوال329: حضرت عیسیٰؑ پھر کب تشریف لائیں گے؟

جواب: حضرت عیسیٰؑ قیامت کے قریب تشریف لائیں گے۔(جلالین ص ۵۲ س عمران)

سوال330: حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش کس مقام پر ہوئی؟

جواب: حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش وادئ بیت اللحم میں ہوئی۔(نشانات ارض قرآن ص ۲۱۱)

سوال331: حضرت عیسیٰؑ پر سب سے پہلے ایمان لانے والے کا نام کیا ہے؟

جواب: حبیب نجار۔(ابن کثیر ج ۲ پ ۳)

سوال332: حضرت عیسیٰؑ کو جس وقت آسمان پر اٹھایا گیا تھا اس وقت ان کی عمر کتنی تھی؟

جواب: تینتیس (33) سال۔(حاشیہ جلالین ۱٦ ص ۵۲)

سوال333: حضرت عیسیٰؑ آسمان سے دنیا میں کس ملک میں اتریں گے؟

جواب: دمشق۔(مشکوۃ ج ۲ ص ٤۷۳)

سوال334: حضرت عیسیٰؑ دجال کو کس جگہ قتل کریں گے؟

جواب: آپ دجال کو بابُ اللُد میں قتل کریں گے (بستی کا نام ہے)۔(مشکوۃ ج ۲ ص ٤۷۳)

سوال335: حضرت عیسیٰؑ کے بارے میں عیسائی کیا عقیدہ رکھتے ہیں؟

جواب: ان لوگوں کا عقیدہ ہے کہ ان کو سولی پر چڑھا دیا گیا ہے۔(سورہ نساء آیت ۱۵٦ پ ٤)

سوال336: وہ کون سے نبی ہیں جن کی پیدائش بغیر والد کے ہوئی؟

جواب: حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔(سورہ مریم ر ٤)

سوال337: حضرت مریم کس طرح حاملہ ہوئیں؟

جواب: حضرت جبریل امین نے آپ کے گریبان میں پھونک مارا اور آپ اللہ کی قدرت سے حاملہ ہو گئیں۔(جلالین ص ۲۵۵ سورہ مریم)

سوال338: حضرت عیسیٰؑ کتنے لوگوں کو زندہ کیے؟

جواب: چار (4)۔(جلالین ص ۵۱)

سوال339: حضرت عیسیٰؑ کی قبر کہاں ہوگی؟

جواب: حضور ﷺ کے ساتھ (حجرۂ عائشہؓ میں)۔(مشکوۃ ج ۲ ص ٤۸۰)

سوال340: حضرت آدمؑ سے لے کر ہمارے نبیﷺ تک کتنے انبیاءؑ تشریف لائیں؟

جواب: کم وبیش ایک لاکھ چوبیس (124000) ہزار انبیاءؑ تشریف لائے۔ (مشکوۃ ج ۲ ص ۵۱۱)

سوال 341: دنیامیں کتنے رسول تشریف لائے؟

جواب: تین سو تیرہ (313)۔ (ابن کثیر ج ۲ ص ۳۹۰)

سوال342: کن کن نبیوں نے اللہ سے بغیر کسی ذریعہ بات کی؟

جواب: دونبیوں نے (۱) حضرت محمدﷺ (۲) حضرت موسیٰؑ۔ (ابن کثیر ج ۶ ص ۲۲)

سوال343: کتنے انبیاء ایسے ہیں جو آسمان پر زندہ ہیں؟

جواب: دوانبیاء (۱) حضرت عیسیٰؑ (۲) حضرت ادریسؑ۔ (صاوی ج ۳ ص ۴۱ ن قدیم)

سوال344: کتنے انبیاء ایسے ہیں جوزمین پر زندہ ہیں؟

جواب: دوانبیاء (۱) حضرت خضر (۲) حضرت الیاس۔ (صاوی ج ۳ ص ۴۱ ن قدیم)

سوال345: پیدائشی ختنہ والے انبیاءؑ کتنے ہیں؟

جواب: تیرہ ہیں۔ (حیواۃ الحیوان ج ۱ ص ۱۸۸)

سوال346: اولوالعزم انبیاءِ کرام کتنے ہیں؟

جواب: پانچ ہیں۔ (حیواۃ الحیوان ج ۱ ص ۱۸۷)

سوال347: کتنے انبیاء ایسے ہیں جن کا نام پیدائش سے قبل ہی رکھ دیا گیا تھا؟

جواب: پانچ (5)۔ (الاتقان ج ۵ ص ۱۹۸۰)

سوال348: کتنے انبیاء ایسے ہیں جن کے دو دو نام ہیں اور وہ کون کون ہیں؟

جواب: دو (2) (1) حضرت عیسیٰؑ (2) حضورﷺ۔ (الاتقان ج ۵ ص ۱۹۸۰)

سوال 349: وہ کون سے نبی ہیں جنہوں نے ملک الموت کو طمانچہ لگایا تھا؟

جواب: حضرت موسیٰؑ۔ (مشکوۃ ج ۲ ص ۵۰۷)

## سیرتِ صحابہؓ

سوال350: کس صحابی نے حضورؐ کی موجودگی میں امامت کی؟

جواب: حضرت ابوبکر صدّیقؓ۔ (الرحیق المختوم ص ۴۶۷)

سوال351: حضرت ابوبکر صدّیقؓ حضورؐ کی موجودگی میں کتنی نمازیں پڑھائیں؟

جواب: سترہ (17) نمازیں۔ (الرحیق المختوم ص ۴۶۷)

سوال352: وہ کون سے صحابی ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے اپنا سلام کہلوایا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ۔ (تاریخ الخلفاء ص ۴۹ تا ۵۰)

سوال 353: صحابہ کرام میں سب سے بڑا مرتبہ کن کا ہے؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ کا۔ (ابوداؤد ج ۲ ح ۴۶۳۰ باب فی التفضیل)

سوال354: ہجرت کے سفر میں آپؐ کے ساتھ کون تھے؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ۔ (الرحیق المختوم ص ۱۶۳)

سوال355: حضرت ابوبکرؓ کا اسلامی نام کیا ہے؟

جواب: عبداللہؓ بن عثمان۔ (الاستیعاب ص ۱۲۹)

سوال356: امت محمدیہﷺ میں سے سب سے پہلے جنت

میں کون جائے گا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ۔ (تاریخ الخلفاء ص ۶۱ نفیس اکیڈمی)

سوال357: غزوۂ تبوک کے موقع پر کس صحابی نے اپنے گھر کا پورا مال حضور ﷺ کی خدمت میں پیش کر دیا تھا؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ۔ (الرحیق ص ۴۳۲ تا ۴۳۳)

سوال358: حضرت ابوبکر صدیقؓ کا زمانۂ خلافت کتنے سال تک رہا؟

جواب: دو سال تین ماہ۔ (حیواۃ الحیوان ج ۱ ص ۱۷۶)

سوال359: حضرت ابوبکر صدیقؓ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب: حضرت عمرؓ نے۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ۳۰)

سوال360: فاروق کن کا لقب ہے؟

جواب: حضرت عمرؓ کا۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ۴۸)

سوال361: حضرت عمرؓ کی کنیت کیا ہے؟

جواب: ابوحفص۔ (ترمذی ج ۲ ص ۲۰۹)

سوال362: حضرت عمرؓ حضور ﷺ کے رشتے میں کیا لگتے تھے؟

جواب: سسر۔ (الرحیق ص ۴۷۴)

سوال363: حضرت عمرؓ کون سی سورۃ پڑھ کر اسلام لائے تھے؟

جواب: سورۂ طٰہٰ۔ (الرحیق المختوم ص ۱۰۳ تا ۱۰۴)

س364: مسلمانوں نے سب سے پہلے کعبہ میں نماز کب پڑھی؟

جواب: حضرت عمرؓ کے اسلام قبول کرنے کے بعد سن ۶ / ہجری۔ (الرحیق ص ۱۰۱ تا ۱۰۵)

سوال 365: وہ کون سے صحابی ہیں جن کے ایمان لانے پر فرشتے مبارکباد دے رہے تھے؟

جواب: حضرت عمرؓ۔ (تاریخ الخلفاء ص ۱۱۸)

سوال366: حضور ﷺ نے کس صحابی کے بارے میں فرمایا تھا اگر میرے بعد کوئی نبی آتا تو یقیناً وہ....... .....ہوتا؟

جواب: حضرت عمر فاروقؓ۔ (ترمذی ج ۲ ص ۲۰۹)

سوال367: بیت المقدس کس صحابی کے خلافت کے زمانہ میں فتح ہوا تھا؟

جواب: حضرت عمر فاروقؓ۔ (الفاروق ص ۱۳۳)

سوال368: وہ کون سے صحابی ہیں جنہیں شیطان دیکھ کر راستہ تبدیل کر لیتا تھا؟

جواب: حضرت عمر فاروقؓ۔ (مشکوۃ ج ۲ ص ۵۵۸)

سوال369: اسلام کے سب سے پہلے قاضی کون ہیں؟

جواب: حضرت عمر فاروقؓ۔ (بغیۃ الظمان ص ۱۳۴)

سوال370: سب سے پہلے امیر المؤمنین کن کو کہا گیا؟

جواب: سب سے پہلے امیر المؤمنین حضرت عمرؓ کو کہا گیا۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ۵۴)

سوال 371: حضرت عمرؓ کو کس نے شہید کیا تھا؟

جواب: فیروز ابولولو۔ (تاریخ طبری مترجم ج ۳ ص ۲۱۴)

سوال372: حضور ﷺ کی قبر جس کمرے میں ہے وہاں اور کن کی قبر ہے؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ۔ (مشکوۃ ج ۲ ص ۴۸۰)

سوال373: حضرت عمرؓ کا زمانہ خلافت کتنے سال تک رہا؟

جواب: ساڑھے دس سال تک۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ۴۰)

سوال374: صحابہ کرام میں شیخین (دو بزرگ) کن کو بولا جاتا ہے؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ۔

(دارالافتاء منہاج القرآن)

سوال375: ذُوالنورین (دونوروالے) کس صحابی کا لقب ہے؟

جواب: حضرت عثمانؓ کا۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ٦٢)

سوال376: جمعہ کی اذان میں پہلی اذان کا اضافہ کس نے کیا؟

جواب: حضرت عثمان غنیؓ۔ (بخاری ج ١ ح ٩١٢ باب الاذان یوم الجمعۃ)

سوال377: اس صحابی کا نام کیا ہے جن سے فرشتے بھی حیا کرتے تھے؟

جواب: حضرت عثمانؓ بن عفان۔ (مشکوۃ ج ٢ ص ٥٦١)

سوال378: خلفائے راشدین میں سے وہ کون صحابی ہیں جو غزوۂ بدر میں شریک نہیں ہو سکے تھے؟

جواب: حضرت عثمان غنیؓ۔ (اصح السیر ص ٩٥)

سوال379: خلفائے راشدین میں سے وہ کون ہیں جو تلاوت کرتے ہوئے شہید کیے گئے؟

جواب: حضرت عثمان غنیؓ۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ٦٦)

سوال380: حضرت عثمانؓ کو شہید کرنے والا شخص کون تھا؟

جواب: کنانہ بن بشیر۔

(تاریخ طبری مترجم ج ٣ ص ٤٥٠ نفیس اکیڈمی کراچی)

سوال381: حضرت عثمانؓ کی قبر کہاں ہیں؟

جواب: جنت البقیع میں۔ (تاریخ الخلفاء ص ١٦٧)

سوال382: حضرت عثمانؓ کا دورِ خلافت کتنے سال تک رہا؟

جواب: بارہ سال تک۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ٦٣)

سوال383: مردوں میں سب سے پہلے اسلام لانے والے صحابی کا نام کیا ہے؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ٢٦)

سوال384: بچّوں میں سب سے پہلے اسلام لانے والے صحابی کا نام کیا ہے؟

جواب: حضرت علی مرتضیٰؓ۔ (الرحیق ص ٧٥)

سوال385: علم کا دروازہ کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت علیؓ کو۔ (ترمذی ج ٢ ص ٢١٣)

سوال386: ابوتراب کس صحابی کی کنیت ہے؟

جواب: حضرت علیؓ کی۔ (ترمذی ج ٢ ص ٢١٣ بین السطرین)

سوال387: حضور ﷺ کے اس چچازاد بھائی کا نام کیا ہے جو آپ ﷺ کے داماد بھی تھے؟

جواب: حضرت علیؓ۔ (الرحیق ص ٤٧٣)

سوال388: صلح حدیبیہ کے موقع پر صلح نامہ کس صحابی نے لکھا تھا؟

جواب: حضرت علیؓ نے۔ (الرحیق ص ٣٤٢)

سوال389: حضرت علیؓ کو شہید کرنے والا شخص کون ہے؟

جواب: ابن ملجم۔ (طبقات ابن سعد مترجم ج ٢ ص ١٦٢ نفیس کراچی)

سوال390: حضرت علیؓ کے جنازے کی نماز کس نے پڑھائی؟

جواب: حضرت حسنؓ۔ (طبری مترجم ج ٣ ص ٣٠٦)

سوال391: حضرت علیؓ کا زمانہ خلافت کتنے سال تک رہا؟

جواب: چار سال نو ماہ ایک دن۔

(تاریخ اسلام ج ١ ص ٢٩٦ شاہ معین مکتبہ اسلامیہ)

سوال392: فاتحِ خیبر کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت علیؓ کو۔ (بخاری ج ۲ ح ۴۲۰۹ باب غزوۂ خیبر)

سوال393: مفسّر قرآن کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت عبداللہ بن عباسؓ کو۔

(صورۃ من حیاۃ الصحابۃ ص ۱۷۳)

سوال394: صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سب سے اچھے قاری کون تھے؟

جواب: حضرت اُبَیّ بن کعبؓ۔ (ترمذی ج ۲ ص ۲۱۹)

سوال395: اللہ اور رسول کا شیر کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت حمزہؓ کو۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ۶۷۲)

سوال396: سفینہ (کشتی) کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت رباحؓ۔ (اسماء الرجال مشکوۃ ص ۵۹۷)

سوال397: وہ کون سے صحابی ہیں جن کی جنازے کی نماز ستر (۷۰) مرتبہ پڑھی گئی گی؟

جواب: حضرت حمزہؓ۔ (طحاوی ج ۱ ح ۲۸۱۲ باب الصلاۃ علی الشہداء)

سوال398: کس صحابی کے جنازے میں حضور ﷺ نے نو تکبیریں کہیں؟

جواب: حضرت حمزہؓ۔ (طحاوی ج ۱ ح ۲۸۱۲ باب الصلاۃ علی الشہداء)

سوال399: سید الشہداء (شہیدوں کے سردار) کن کا لقب ہے؟

جواب: حضرت حمزہؓ۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ۷۶۳)

سوال400: کس صحابی کو فرشتوں نے غسل دیا؟

جواب: حضرت حنظلہؓ کو۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ۸۵۳)

سوال401: شاعرِ رسول کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت حسّان بن ثابتؓ کو۔ (الاستیعاب ص ۳۴۱)

سوال402: حضورؐ نے کس صحابی کو اُمّت کا امین کہا؟

جواب: حضرت ابوعبیدہ بن جَرّاحؓ کو۔ (ترمذی ج ۲ ص ۲۲۰)

سوال 403 : سیف اللہ (اللہ کی تلوار) کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت خالد بن ولیدؓ کو۔ (ترمذی ج ۲ ص ۲۲۴)

سوال404: وہ کون سے مسلمان جرنیل (کمانڈر) ہیں جو کبھی شکست (ہار) نہیں کھائی؟

جواب: حضرت خالدؓ بن ولید۔ (معرفۃ الصحابۃ سے ماخوذ

سوال405: سب سے زیادہ حدیثیں بیان کرنے والے صحابی کون ہیں؟

جواب: حضرت ابوہریرہؓ۔ (سیر اعلام النبلاء ج ۲ ص ۲۷۸)

سوال406: اسلام میں سب سے پہلے کس صحابی نے تیر چلایا؟

جواب: حضرت سعد بن وقاصؓ نے۔

(بخاری ج ۲ باب مناقب سعد بن وقاص)

سوال407: وہ کون سے صحابی ہیں جن کو حضور ﷺ نے فداک ابی وامی (میرے ماں باپ آپ پر قربان) فرمایا؟

جواب: حضرت سعدؓ بن وقاص۔ (مشکوۃ ج ۲ ص ۵۶۷)

سوال408: ہجرت کرنے والے صحابہ میں سے سب سے آخر میں کن کی وفات ہوئی؟

جواب: حضرت سعدؓ بن وقاص۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ۱۳۰)

سوال409: وہ کون صحابی ہیں جنہوں نے سب سے پہلے اللہ کے راستہ میں تلوار سونتی

جواب: حضرت زبیر بن العَوَّامؓ۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ۱۰۵)

سوال410: اسلام میں سب سے پہلے اذان پڑھنے والے

صحابی کون ہیں؟

جواب: حضرت بلال حبشیؓ۔(مختصر زاد المعاد ص ۳۶)

سوال 411: حضرت بلال حبشیؓ کو کس نے خرید کر آزاد کیا تھا؟

جواب: حضرت ابوبکر صدیقؓ نے۔(معرفۃ الصحابۃ ص ۳۷۳)

سوال 412: حضور ﷺ کے اس مؤذن کا نام کیا ہے جو نابینا تھے؟

جواب: حضرت عبداللہ ابن ام مکتومؓ۔(معرفۃ الصحابۃ ص ۱۶۵۹)

سوال 413: سب سے پہلے کس صحابی نے قتل ہونے سے قبل دو رکعت نماز ادا کی؟

جواب: حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ۔(الرحیق ص ۲۹۲)

سوال 414: حضور ﷺ نے اپنے دست مبارک (ہاتھ) سے کس صحابی کو دفن کیا؟

جواب: حضرت عبداللہ ذو البجادتینؓ۔(معرفۃ الصحابہ ص ۱۶۳۶)

سوال 415: وہ کون صحابی ہیں جنہوں نے حضرت جبرئیلؑ کو ان کی اصلی شکل میں دیکھا؟

جواب: حضرت حمزہؓ۔(نشر الطیب ص ۱۸۲)

سوال 416: اسلام کے سب سے پہلے مُبلِّغ کون ہیں؟

جواب: حضرت مُصعَب بن عُمیرؓ۔(معرفۃ الصحابۃ ص ۲۵۰۶)

سوال 417: وہ کون صحابی ہیں جن کا انتقال سب سے اخیر میں ہوا؟

جواب: حضرت عامر بن واثِلہؓ۔(معرفۃ الصحابۃ ص ۲۰۶۷)

سوال 418: کس صحابی نے دس سال تک حضورؐ کی خدمت کی؟

جواب: حضرت انس بن مالکؓ۔(معرفۃ الصحابۃ ص ۲۳۱

سوال 419: وہ کون صحابی ہیں جنہوں نے سب سے پہلے اذان کیلئے منارہ بنوایا

جواب: حضرت امیرِ معاویہؓ۔(تاریخ اسلام ج ۲ ص ۳۶۲ معین)

سوال 420: مسجد نبوی میں سب سے پہلے چراغ روشن کرنے والے صحابی کون ہیں

جواب: حضرت تَمِیم داریؓ۔(معرفۃ الصحابۃ ص ٤٤٨)

سوال 421: رازدارِ رسول کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت حذیفۃ الیمانؓ۔

(صورۃ من حیاۃ الصحابۃ ص ۲۹۶ دار النفائس بیروت)

سوال 422: ذُوالشہادتین کس صحابی کا لقب ہے؟

جواب: حضرت خُزَیمہؓ کا۔(معرفۃ الصحابۃ ص ۹۱۳)

سوال 423: جنّت البقیع میں سب سے پہلے کس صحابی کو دفن کیا گیا؟

جواب: حضرت عثمان بن مَظعُونؓ کو۔

(معرفۃ الصحابۃ ص ۱۹۵۷)

س 424: کس صحابی کا نام قرآن میں آیا ہے؟

جواب: حضرت زید بن حارثہؓ کا۔

(س احزاب آیت ۳۷ پ ۲۲)

سوال 425: مدینہ کی جانب سب سے پہلے ہجرت کرنے والے صحابی کا نام کیا ہے؟

جواب: حضرت ابوسلمہؓ۔(معرفۃ الصحابہ، ص ۱۰٤۱)

سوال 426: ہجرت کے پہلے سال کون مشہور یہودی عالم ایمان لائے؟

جواب: حضرت عبداللہؓ بن سلام۔(رحمۃ للعالمین ص ۱۸۰)

سوال 427: حضور ﷺ نے کن کے بارے میں فرمایا تھا وہ

پوری زمین میں سب سے سچے ہیں؟

جواب: حضرت ابوذر غفاریؓ ۔ (مشکوۃ ج ۲ ص ۵۷۹)

سوال 428: صحابہ کرام میں محبوب رسول کون کہلاتا تھا؟

جواب: حضرت زیدؓ بن حارثہ۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ۱۱۳۶)

سوال 429: وہ کون سے صحابی ہیں جن کے بارے میں آپ ﷺ نے فرمایا یہ حضرت عیسیٰؑ کے مشابہ ہیں؟

جواب: حضرت عروہؓ بن مسعود۔ (مسلم ج ۱ ح ۴۴۱ باب الاسراء)

سوال 430: ان صحابی کا نام کیا ہے جنہوں نے جھوٹے نبی مسیلمہ کذاب کو قتل کیا؟

جواب: حضرت وحشیؓ بن حرب۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ۲۷۳۳)

سوال 431: غزوۂ بدر میں شریک ہونے والے اس صحابی کا نام کیا ہے جن کی عمر سب سے کم تھی؟

جواب: حضرت عمیرؓ بن ابی وقاص۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ۲۰۸۴)

سوال 432 : صاحب الکتابین (دو کتاب والے) کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت سلمان فارسیؓ کو۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ۱۳۲۸)

سوال 433: سفینہ (کشتی) کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت رِباحؓ ۔ (اسماء الرجال، مشکوۃ ص ۵۹۷)

سوال 434: ان دونوں صحابی کے نام کیا ہیں جنہوں نے ابو جہل کو قتل کیا تھا؟

جواب: حضرت معاذؓ اور حضرت معوذ بن عفراء۔
(مشکوۃ ج ۲ ص ۳۵۲)

سوال 435: جنگ بدر میں ابوجہل کا سر بدن سے کس نے جدا کیا تھا؟

جواب: حضرت عبداللہؓ بن مسعود۔ (حاشیہ مشکوۃ ۳ ج ۲ ص ۳۵۲)

سوال 436: مسلمانوں نے جب حبشہ ہجرت کیا تو نجاشی کے سامنے تقریر کس صحابی نے کیا تھا؟

جواب: حضرت جعفر طیارؓ ۔ (الرحیق ص ۹۰)

سوال 437: حضور ﷺ نے کعبہ کی چابیاں کس صحابی کو دی تھیں؟

جواب: حضرت عثمان بن طلحہؓ (الرحیق ص ۴۰۵)

سوال 438: کس صحابی کو ذوالجناحین (دو بازو والے) بولا جاتا ہے؟

جواب: حضرت جعفرؓ ۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ۵۱۱)

سوال 439: ان صحابی کا نام کیا ہے جو غزوۂ احد میں حضور ﷺ کے رخسار (گال) سے بہنے والے خون کو چوس لیا تھا؟

جواب: حضرت مالکؓ بن سنان الخذری۔
(معرفۃ الصحابۃ ص ۲۴۵۵)

سوال 440: وہ کون سے صحابی ہیں جو غلطی سے مسلمانوں کے ہی ہاتھ سے شہید ہوگئے تھے؟

جواب: حضرت یمانؓ ۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۱۶۱)

سوال 441: حضرت ابوبکرؓ کے علاوہ کون سے صحابی ہیں جنہوں نے حضور ﷺ کو نماز پڑھائی ہے؟

جواب: حضرت عبدالرحمنؓ بن عوف۔ (مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۴۹۱)

سوال 442: فتح مکہ کے دن سب سے پہلے کون ایمان لائے؟

جواب: حضرت ابوسفیانؓ (الرحیق ص ۴۰۰)

سوال 443: اس صحابی کا کیا نام ہے جن کی موت سے عرش ہل

گیا تھا؟

جواب: حضرت سعدؓ بن معاذ۔ (ترمذی ج۲ ص ۲۲٤)

سوال 444: وہ کون سے صحابی ہیں جنہوں نے ایک وقت کی بھی نماز نہیں پڑھی اور جنت میں داخل ہو گئے؟

جواب: حضرت عمروؓ بن ثابت۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ۱۹۷۷)

سوال 445: وہ کون سے صحابی ہیں جو سب سے پہلے جنت کا پھل کھائیں گے؟

جواب: حضرت ابوالدحداحؓ۔ (کنز العمال ج ۱۱ ص ۷۰٦ قدیم)

سوال 446: قیامت کے دن علماء کا امام کس صحابی کو بنایا جائے گا؟

جواب: حضرت معاذؓ بن جبل۔ (کنز العمال ج ۱۱ ص ۷۰٦ قدیم)

سوال 447: سب سے پہلے حوض کوثر سے پانی کن کو پلایا جائے گا؟

جواب: حضرت صہیبؓ رومی۔ (کنز العمال ج ۱۱ ص ۳۳٦۸۳)

سوال 448: خلفائے راشدین کن کو کہا جاتا ہے؟

جواب: (1) حضرت ابوبکرؓ (2) حضرت عمرؓ (3) حضرت عثمانؓ (4) حضرت علیؓ

(روح البیان ج ٤ ص ۱۲)

سوال 449: حضرت حسنؓ اور حسینؓ نبی کریمؐ کے کون ہیں؟

جواب: نواسے ہیں۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ۸۹)

سوال 450: جنّتی مردوں کے سردار کون ہوں گے؟

جواب: حضرت حسن اور حضرت حسینؓ۔ (ترمذی ج ۲ ص ۲۱۸)

سوال 451: حضرت حسینؓ کی شہادت کب ہوئی؟

جواب: دس محرم الحرام 61 ہجری۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ٦٦٢)

سوال 452: اسلام میں سب سے پہلے شہید ہونے والی صحابیہ کا نام کیا ہے؟

جواب: حضرت سمیہؓ۔ (معرفۃ الصحابۃ ص ۳۳٦۱ دار الوطن للنشر)

سوال 453: جنّتی عورتوں کی سردار کون ہوں گی؟

جواب: حضرت فاطمہؓ۔ (ترمذی ج ۲ ص ۲۱۸)

سوال 454: ام المساکین کن کا لقب ہے؟

جواب: حضرت زینبؓ۔ (الرحیق ص ٤۷٤)

سوال 455: ذُوالنّطاقَین کس صحابیہ کا لقب ہے؟

جواب: حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ۔ (الرحیق المختوم ص ۱٦٦)

سوال 456: ''امہات المومنین'' (مسلمانوں کی مائیں) کن کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضور کی ازواج مطہرات (اہلیہ) کو۔

(ازواج مطہرات افروغ حسن ص ۳۰۵)

سوال 457: حضرت عائشہؓ کن کی بیٹی تھی؟

جواب: ابوبکر صدیقؓ کی۔ (الرحیق المختوم ص ٤۷۳)

سوال 458: عورتوں میں سب سے زیادہ کس سے حدیث منقول ہے؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہؓ (تدریب الراوی ج ۲ ص ٦۷۷)

سوال 459: حضرت عائشہؓ پر بہتان کس جنگ کے موقع پر الزام لگایا گیا تھا؟

جواب: جنگ مُریسع۔ (مختصر زاد المعاد ص ۳۰٤ تا ۳۰۵)

سوال 460: حضرت عائشہؓ کا صدیقہ کے علاوہ اور کیا لقب ہے؟

جواب: حمیرا۔ (سیرت عائشہ ص ۱۲)

سوال461: صحابیات میں سب سے بڑی عالمہ کون تھیں؟

جواب: حضرت عائشہؓ۔(اسماءالرجال مشکوۃ ص٦١٢)

سوال462: حضرت خدیجہؓ کا لقب کیا ہے؟

جواب: طاہرہ۔(معرفۃ الصحابۃ ص٣٢٠٠)

سوال463: دنیا کی وہ کون سی واحد عورت ہیں جنہیں اللہ نے سلام بھجوایا؟

جواب: حضرت خدیجہؓ (الرحیق ص١١٦)

سوال464: حضرت خدیجہؓ کی جنازے کی نماز کس نے پڑھائی؟

جواب: ان کی جنازے کی نماز نہیں پڑھی گئی (کیونکہ اس وقت جنازے کی نماز کا حکم نہیں آیا تھا)۔

(معرفۃ الصحابۃ ص٣٢٠١)

## دینی معلومات

سوال465: فرشتے کتنے ہیں؟

جواب: فرشتے بے شمار ہیں۔(س مدثر آیت٣١ پ٢٩)

سوال466: مشہور فرشتے کتنے ہیں؟

جواب: مشہور فرشتے چار ہیں (١) جبرئیلؑ (٢) میکائیلؑ (٣) اسرافیلؑ (٤) عزرائیلؑ۔

(عمدۃ القاری ج٢٢ ص٤٥٨)

سوال467: اللہ کی کتابیں اور پیغامات کو رسولوں تک پہنچانے والے فرشتہ کا نام کیا ہے؟

جواب: حضرت جبرئیلؑ۔(تفسیر عزیزی پ١ ص٣٥٩)

سوال468: بارش برسانے اور مخلوق کو روزی پہنچانے کا کام کس فرشتہ کے ذمہ ہے؟

جواب: حضرت میکائیلؑ کے ذمہ ہے۔

(روح المعانی ج١ ص٣٣٤ س بقرہ آیت ٩٨)

سوال469: قیامت کے دن صور پھونکنے والے فرشتہ کا نام کیا ہے؟

جواب: حضرت اسرافیلؑ۔(مشکوۃ ج٢ ص٤٨٢ مع بین السطرین)

سوال470: حضرت عزرائیلؑ کس کام کے لئے مُقرَّر رہیں؟

جواب: مخلوق کی جان نکالنے کیلئے۔(ابن کثیر ج٥ ص١١٧)

سوال471: روح الامین کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت جبرئیلؑ کو۔(جلالین ص٣١٥ س شعراء)

سوال472: حضرت اسرافیل کے صور پھونکتے وقت ان کی دائیں اور بائیں جانب کون ہوں گے؟

جواب: حضرت جبرائیل دائیں جانب اور حضرت میکائیل بائیں جانب ہوں گے۔

(مشکوۃ ج٢ ص٤٨٢)

سوال473: اعمال لکھنے والے فرشتوں کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: **کِرَاماً کَاتِبِیْن**۔(س انفطار آیت١١ تا١٢ پ٣٠)

سوال474: آفتوں اور بلاؤں سے انسان کی حفاظت کرنے والے فرشتہ کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: حَفَظَہ۔(ابن کثیر ج٣ ص٢٦)

سوال475: فرشتوں کی مسجد کا کیا نام ہے؟

جواب: بیت المعمور۔(ابن کثیر ج٦ ص٣١٦ پ٢٩)

سوال476: جنت کے داروغہ کا نام کیا ہے؟

جواب: رضوان۔ (شعب الایمان مترجم ج۳ ص۲۷۰ ح۳۶۹۵)

سوال477: جہنم کے داروغہ کا نام کیا ہے؟

جواب: مالک۔ (الرحیق المختوم ص۱۴۰)

سوال478: قبر میں سوال کرنے والے فرشتوں کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: منکر نکیر (دو فرشتوں کا نام ہے۔

(ترمذی ج۱ ص۲۰۵ ح۱۰۷۱)

سوال479: مشہور آسمانی کتابیں کتنی ہیں؟

جواب: چار (۱) توریت (۲) زبور (۳) انجیل (۴) قرآن۔ (ترتیب الکتب السماویہ حسب النزول)

سوال480: توریت کس نبی پر نازل ہوئی؟

جواب: حضرت موسیٰؑ پر۔ (جلالین ص۹ پ۱ س بقرہ)

سوال481: زبور کس نبی پر نازل ہوئی؟

جواب: حضرت داؤدؑ پر۔ (س نساء آیت ۱۶۳ پ۶)

سوال482: انجیل کس نبی پر نازل ہوئی؟

جواب: حضرت عیسیٰؑ پر۔ (س مائدہ آیت ۴۶ پ۶)

سوال483: آسمانی کتابوں میں سب سے افضل کتاب کون سی ہے؟

جواب: قرآن کریم۔ (حاشیہ جلالین ۲۰ ص۲۱۱)

سوال484: سب سے پہلے کعبہ شریف کا طواف کس نے کیا؟

جواب: فرشتوں نے۔ (محاضرۃ الاوائل ص۱۳۹)

سوال485: کعبہ کی تعمیر کتنی مرتبہ ہوئی؟

جواب: دس مرتبہ۔ (تاریخ مکہ سیوطی)

سوال486: بیت اللہ شریف پر سب سے پہلے قیمتی غلاف کس نے چڑھایا؟

جواب: حضرت عباس کی والدہ نتیلہ بن جباب۔

(مدارج النبوۃ مترجم ج۲ ص۵۶۸)۔

سوال487: اسلام کی بنیاد کتنی چیزوں پر ہے؟

جواب: پانچ چیزوں پر ہے (۱) کلمہ (۲) نماز (۳) زکوٰۃ (۴) حج (۵) روزہ۔

(بخاری ج۱ ح۸)

سوال488: اگر کوئی حضور ﷺ کو نبی نہ مانے تو وہ کیا ہے؟

جواب: کافر۔ (کتاب النوازل ج۱ ص۴۱۳)

سوال489: اللہ رب العزت کے کتنے نام ہیں؟

جواب: ننانوے (99)۔ (ترمذی ج۲ ص۱۸۸ ابواب الدعوات)

سوال490: اللہ کے ناموں کے یاد کرنے پر حدیث میں کیا فضیلت آئی ہے؟

جواب: جنت میں داخل ہونے کی خوشخبری دی گئی ہے۔

(ترمذی ج۲ ص۱۸۸ ابواب الدعوات)

سوال491: اس زمین پر سب سے پہلا گھر کون ہے؟

جواب: کعبہ شریف۔ (سورہ عمران پ۴)

سوال492: قیامت کے دن سورج لوگوں کے سروں سے کتنی اونچائی پر ہوگا؟

جواب: ایک (1) میل۔ (مشکوٰۃ ج۲ ص۴۸۳)

سوال493: قیامت کے دن خدا کے عرش کے سایہ میں کتنے قسم کے لوگ ہوں گے؟

جواب: سات (7)۔ (بخاری ج۱ ح۱۴۲۳ باب الصدقۃ بالیمین)

سوال494: قیامت کے دن تمام امتوں کی کتنی صفیں لگی ہونگی؟

جواب: ایک سو بیس (120) صفیں۔ (مشکوٰۃ ج۲ ص۴۹۸)

سوال495: اس میں سے کتنی صفیں امتِ محمدیہ کی ہوگی؟

جواب: اسی (80) صفیں۔ (مشکوۃ ج۲ ص۴۹۸)

سوال496: قیامت کے دن امتِ محمدیہ کو کس لقب سے پکارا جائے گا؟

جواب: حمادون۔ (محاضرۃ الاوائل ص۸)

سوال497: جنّت میں سب سے پہلے کون نبی داخل ہوں گے؟

جواب: حضرت محمد ﷺ۔ (مشکوۃ ج۲ ص۵۱۱)

سوال498: جنّت میں سب سے پہلے کون سی اُمّت داخل ہوگی؟

جواب: اُمّتِ محمدیہ۔ (مسلم ج۱ ح۵۰٤)

سوال499: اہل جنّت کا قد کتنا ہوگا؟

جواب: ساٹھ (60) ہاتھ لمبا۔ (مشکوۃ ج۲ ص۴۹۶)

سوال500: دنیا میں پائے جانے والی جنّت کی نہریں کتنی ہیں؟

جواب: پانچ (۱) سیحون (۲) جیحون (۳) فرات (۴) دجلہ (۵) نیل۔ (محاضرۃ الاوائل ص۱٤۰)

سوال501: جنّت میں داخل ہونے کے بعد سب سے پہلے مؤمنین کو کیا کھلایا جائیگا؟

جواب: مچھلی کے جگر کا کباب۔ (محاضرۃ الاوائل ص۷)

سوال502: جنت کے کتنے دروازے ہیں؟

جواب آٹھ (8) (مشکوۃ ج۱ ص۱۷۳)

سوال503: جہنم کے کتنے دروازے ہیں ہیں؟

جواب: سات (7)۔ (سورہ حجرات آیت 44 پ۱٤)

سوال504: شیطان کس مخلوق میں سے ہے؟

جواب: جنات۔ (تاریخ طبری ج۱ ص۶۲)

سوال505: سب سے پہلے دوزخی لباس کس کو پہنایا جائیگا؟

جواب: ابلیس کو۔ (محاضرۃ الاوائل ص۱٤۷)

سوال506: قیامت کے دن سب سے پہلے حساب کن سے لیا جائیگا؟

جواب: حضرت جبرئیلؑ سے۔ (محاضرۃ الاوائل ص۱٤۶)

سوال507: اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے کس چیز کو پیدا فرمایا؟

جواب: نورِ محمد ﷺ کو۔ (محاضرۃ الاوائل ص۱۱)

سوال508: اللہ تعالیٰ نے آپؐ کے نور کے بعد کیا چیز پیدا فرمائی؟

جواب: قلم۔ (محاضرۃ الاوائل ص۹)

سوال509: اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے کون سا درخت پیدا فرمایا؟

جواب: کھجور کا درخت۔ (محاضرۃ الاوائل ص۸)

سوال510: اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے لوحِ محفوظ پر کیا لکھا؟

جواب: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ (محاضرۃ الاوائل ص۸)

سوال511: سب سے پہلے لکھنا کس نے شروع کیا؟

جواب: حضرت ادریسؑ نے۔ (محاضرۃ الاوائل ص۷)

سوال512: جنت میں اہل جنت کی عمر کیا ہوگی؟

جواب: تینتیس (33) سال۔

(ترمذی ج۲ ص۸۱ ابواب صفۃ الجنۃ)

سوال513: جنت میں اہل جنت کون سی زبان میں بات کریں گے؟

جواب: عربی زبان میں۔ (مشکوۃ ج۲ ص۵۵۳ مناقب قریش)

سوال514: کفار و مشرکین کی نابالغ اولاد کہاں جائے گی؟

جواب: جنت میں اہل جنت کے خادم ہونگے۔

(تفسیر مظہری ج۱۱ ص۷۹ تا ۸۰ پ۲۷ دار الاشاعت کراچی)

سوال515: جنت میں کون کون سی عبادت باقی رہے گی (ان

تمام عبادات میں سے حضرت آدمؑ سے لے کر آج تک ہوتی چلی آئی ہیں)

جواب: ایمان اور نکاح (بس یہ دو عبادتیں ان دونوں کے علاوہ کوئی بھی عبادت باقی نہیں رہے گی)۔

(شامی ج٤ ص٥٨ تا ٦٠)

سوال516: قرآن مجید کا پہلا اردو ترجمہ کس نے کیا؟

جواب: شاہ رفیع الدینؒ۔(ماہنامہ دارالعلوم ش٤ ج٩٥ اپریل ٢٠١١)

سوال517: عورتوں میں سب سے پہلے ختنہ کن کا ہوا؟

جواب: حضرت ہاجرہ۔(محاضرۃ الاوائل ص٣٨)

سوال518: حضرت جبرائیل کے کتنے پر ہیں؟

جواب: چھ سو(600)۔(مشکوۃ ج٢ ص٥٠١)

سوال519: اللہ تبارک وتعالیٰ نے کتنے دنوں میں زمین وآسمان کو بنایا؟

جواب: چھ(6) دنوں میں۔(س اعراف آیت ٥٤ پ ٨)

سوال520: آسمانوں کی تعداد کتنی ہے؟

جواب: سات(7)۔(س ملک آیت ٢ پ ٢٩)

سوال521: اللہ تبارک وتعالیٰ نے زمین کو کس چیز پر بچھایا؟

جواب: پانی پر۔(محاضرۃ الاوائل ص٩)

سوال522: اسلامی سال کتنے دنوں کا ہوتا ہے؟

جواب: تین سو پچپن(355)۔(حاشیہ جلالین ١٧ ص١٥٨)

سوال523: قیامت کے دن سب سے زیادہ پسینہ کن لوگوں کو آئے گا؟

جواب: کفار کو۔(فتح الباری ج١١ ص٤٠٢)

سوال524: وہ جانور کون ہے جو حضرت ابراہیمؑ کی آگ کو پانی لے کر بجھا رہا تھا؟

جواب: مینڈک۔(حیواۃ الحیوان ج٢ ص٣٤٠)

سوال525: کتنے جانوروں کو حضور ﷺ نے مارنے سے منع فرمایا ہے؟

جواب: پانچ(5) چیونٹی، مدھومکھی، ھدھد، صرد(ایک پرندہ کا نام ہے)، مینڈک۔(حیواۃ الحیوان ج٢ ص٣٤٠)

سوال526: حضور ﷺ نے کتنے جانوروں کو ہر جگہ مارنے کا حکم کیا ہے اور کون کون؟

جواب: پانچ(5) کوا، چیل، بچھو، چوہا، کالا کتا۔

(بخاری ج١ ح٣٣١٤ باب خمس من الدواب فواسق)

سوال527: انسانوں سے پہلے دنیا میں کون سی مخلوق رہتی تھی؟

جواب: جنات۔(جلالین ص٢٥)

سوال528: قیامت کس دن قائم ہوگی؟

جواب: جمعہ کے دن۔(مسلم ج١ ح٢٠١٤ فضل الجمعۃ)

سوال529: تمام مخلوق کی تقدیر کب لکھی گئی؟

جواب: مخلوق کی پیدائش سے پچاس ہزار(50000) سال پہلے۔(مسلم ج٢ ح٦٩١٩ باب حجاج آدمؑ وموسیٰؑ)

سوال530: اللہ تعالیٰ جائز چیزوں میں سے سب سے زیادہ کس چیز کو ناپسند کرتے ہیں؟

جواب: طلاق۔(ابوداؤد ج٢ ح٢١٨٠)

سوال531: راتوں میں سب سے افضل کون ہے؟

جواب: شب قدر۔(سورہ قدر آیت ٣ پ ٣٠)

سوال532: کوئی کچھ دے یا اچھا سلوک کرے تو کیا کہنا چاہیے؟

جواب: **جزاک اللہ خیرا**۔(ترمذی ج٢ ح٢٠٣٥ ص٢٣)

سوال533: دوزخیوں میں سے سب سے ہلکا عذاب کن کو دیا جائے گا؟

جواب: آپ ﷺ کے چچا ابو طالب کو۔ (مشکوۃ ج۲ ص ۵۰۲)

سوال534: اللہ رب العزت نے پورے عالم میں کتنی مخلوقات پیدا فرمائی؟

جواب: اٹھارہ ہزار (18000)۔ (کتاب النوازل ج۲ ص ۲۳۶)

سوال535: کیا گرگٹ مارنے پر ثواب ملتا ہے؟

جواب: جی ہاں۔ (ترمذی ج۱ ص ۲۷۳ باب قتل الوزغ)

سوال536: شرعی اعتبار سے لڑکے کم سے کم کتنی عمر میں بالغ ہو سکتے ہیں؟

جواب: بارہ (12) سال۔ (شامی ج۹ ص ۲۲۷)

سوال537: شرعی اعتبار سے لڑکیاں کم سے کم کتنی عمر تک بالغ ہوسکتی ہے؟

جواب: نو (9) سال۔ (شامی ج۹ ص ۲۲۷)

سوال538: دجّال دنیا میں کتنی دنوں تک زندہ رہے گا؟

جواب: چالیس دنوں تک۔ (ترمذی ج۲ ص ۴۸ ح ۲۲۴۰)

سوال539: وہ جگہیں کون کون سی ہیں جہاں دجّال داخل نہیں ہو سکے گا؟

جواب: دو جگہیں (۱) مکّہ مکرّمہ (۲) مدینہ منورہ۔
(بخاری ج۱ ح ۱۸۸۱ کتاب فضائل المدینۃ)

سوال540: دجّال کی دونوں آنکھوں کے درمیان کیا لکھا ہوگا؟

جواب: کافر۔ (مشکوۃ ج۲ ص ۴۷۳)

سوال541: اللہ نے سب سے پہلے کس جانور کو پیدا فرمایا؟

جواب: مچھلی کو۔ (محاضرۃ الاوائل ص ۹)

سوال542: اللہ تعالیٰ نے کتنی امتوں کو پیدا فرمایا؟

جواب: ایک ہزار امتوں کو۔ (ابن کثیر ج۱ ص ۱۱۲ تا ۱۱۳)

سوال543: سدرۃ المنتہیٰ کیا چیز ہے؟

جواب: بیری کا ایک پیڑ ہے جو نور سے بنا ہوا ہے۔
(جلالین ص ۴۴۱ سورہ نجم)

سوال544: شروع اسلام میں کتنے وقت کی نمازیں تھیں؟

جواب: دو (2) وقت کی نمازیں تھیں۔ (الرحیق ص ۷۶ تا ۷۷)

سوال545: مکہ مکرمہ میں پہلا اسلامی مرکز کون تھا؟

جواب: دارالارقم (حضرت ارقم ؓ کا گھر)۔ (الرحیق ص ۹۱ تا ۹۲)

سوال546: سب سے پہلے مسلمانوں نے کہا کی ہجرت کی؟

جواب: حبشہ (موجودہ نام: ہتھوپیا)۔ (الرحیق ص ۹۲ تا ۹۳)

سوال547: حدشہ کے جانب کتنے لوگ ہجرت کیے تھے؟

جواب: سولہ (16)۔ (الرحیق المختوم ص ۹۳)

سوال548: عام الحزن (غم کا سال) کسے کہا جاتا ہے؟

جواب: جس سال میں حضرت خدیجہ اور ابو طالب کی وفات ہوئی اسے عام الحزن بولا جاتا ہے۔
(الرحیق المختوم ص ۱۱۷)۔

سوال549: اللہ کے رسول ﷺ نے کس شخص کے بارے میں فرمایا تھا کہ ''وہ اس امت کا فرعون ہے؟''

جواب: ابوجہل کے بارے میں۔ (الرحیق ص ۲۲۱)

سوال550: ابوجہل کس جنگ میں مارا گیا؟

جواب: جنگ بدر۔ (الرحیق ص ۲۰۰)

سوال551: غزوۂ بدر میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

جواب: تین سو تیرہ (313)۔ (الرحیق ص ۲۰۴)

سوال552: غزوۂ بدر میں کتنے مشرکین مکہ گرفتار ہوئے تھے؟

جواب: ستر (70)۔ (الرحیق ص ۲۲٤)

سوال 553: غزوۂ بدر میں کتنے مسلمان شہید ہوئے تھے؟

جواب: چودہ (14)۔ (الرحیق ص ۲۲٤)

سوال554: غزوۂ بدر میں مسلمانوں کے پاس کتنے اونٹ تھے؟

جواب: ستر (70)۔ (الرحیق ص ۲۰۵)

سوال555: غزوۂ احد میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

جواب: ستر (70)۔ (الرحیق ص ۲۸٤)

سوال556: مسلمانوں نے کتنے دنوں تک بیت المقدس کی طرف نمازیں پڑھیں؟

جواب: سولہ یا سترہ مہینہ (16 یا 17)۔
(ترمذی ج ۲ ص ۱۲۵ ابواب التفسیر)

سوال557: مکّہ مکرمہ کب فتح ہوا؟

جواب: سنہ 8 ھ میں۔ (الرحیق المختوم ص ٤۰۱)

سوال558: مکہ مکرمہ کس دن فتح ہوا؟

جواب: بیس (20) رمضان جمعہ کے دن۔ (زادالمعاد بیروت)

سوال559: فتح مکہ کے موقع پر مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

جواب: دس ہزار (10000)۔ (الرحیق ص ۳۹۹)

سوال560: کعبہ میں اسلام سے قبل کتنی مورتیاں تھیں؟

جواب: تین سو ساٹھ (۳٦۰)۔ (الرحیق ص ۳۰)

سوال561: اسلام سے پہلے کعبہ کا طواف کس طرح کیا جاتا تھا؟

جواب: بالکل ننگے ہو کے۔ (معارف القرآن ج ۳ ص ۵۳۸ تا ۵۳۹)

سوال562: مسجد حرام کہاں ہے؟

جواب: مکہ میں۔ (سورہ بنی اسرائیل آیت ۱ پ ۱۵)

سوال563: مسجد الحرام میں ایک نماز پڑھنے کا کتنا ثواب ہے؟

جواب: ایک لاکھ (100000) نمازیں پڑھنے کے برابر ہے۔ (ابن ماجہ ح ۱٤۷۱ باب فضل فی المسجد الحرام)

سوال564: مدینہ منورہ کا پرانا نام کیا ہے؟

جواب: یثرب۔ (الرحیق ص ۱۷۲)

سوال 565: مسجد نبوی کہاں واقع ہے؟

جواب: مدینہ منوّرہ میں۔ (الرحیق المختوم ص ۱۸٤)

سوال566: وہ کون سی مسجد ہے جس میں ایک نماز پڑھنے کا ثواب پچاس ہزار (50000) نمازوں کے برابر ہے؟

جواب: مسجد نبوی۔ (ابن ماجہ ح ۱٤۷۸ باب فی الصلاۃ الجامع)

سوال567: مسجد نبوی میں حضورؐ کے روضہ اور منبر کے درمیان کی جگہ کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: ریاض الجنّۃ (جنّت کا باغیچہ)۔ (بخاری ح ۱۱۹٦)

سوال568: مدینہ منوّرہ کے مشہور قبرستان کا نام کیا ہے؟

جواب: جنت البقیع۔ (الرحیق المختوم ص ٤٦۵)

سوال569: اسلام کی سب سے پہلی مسجد کون سی ہے؟

جواب: مسجد قباء۔ (الرحیق المختوم ص ۱۷۲)

سوال570: کس مسجد میں نماز پڑھنے کا ثواب عمرہ کے برابر ہے؟

جواب: مسجد قباء۔ (ابن ماجہ ح ۱٤۷٦ باب مسجد قبا)

سوال571: مسلمانوں پر حج کب فرض ہوا؟

جواب 9 ہجری میں۔ (شامی ج ۳ ص ٤۵۱)

سوال572: مسلمانوں پر روزہ کب فرض ہوا؟

جواب: شعبان المعظّم دو ہجری میں۔ (اوجزالمسالک ج ۳ ص ۲۷٦)

سوال573: صدقہ فطر کب واجب ہوا؟

جواب: اٹھائیس (28) رمضان المبارک دو ہجری کو۔
(اوجز المسالک ج ۳ ص ۲۷۶)

سوال574: عید الفطر کی نماز کب سے شروع ہوئی؟

جواب: دو (2) ہجری سے۔ (بذل المجہود ج ۲ ص ۲۰۰ قدیم)

سوال575: شراب پینا کب حرام ہوا؟

جواب: چار (4) ہجری میں۔

(مدارج النبوۃ ج ۲ ص ۲۰۳ شبیر برادرز لاہور)

سوال576: ہمارے نبیؐ کے گھر والوں کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: اہلِ بیت۔ (مستدرک حاکم ح ۳۰۰۸)

سوال577: صحابی کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس نے ایمان کی حالت میں حضور علیہ السلام سے ملاقات کی ہو اور ایمان ہی کے حالت میں انتقال ہوا ہو۔ (نخبۃ الفکر ص ۱۰۴ ادارۃ الصدیق دیوبند)

سوال578: تابعی کسے کہتے ہیں۔

جواب جس نے ایمان کی حالت میں صحابی سے ملاقات کی ہو اور ایمان ہی پر ان کی موت ہوئی ہو۔ (نخبۃ الفکر ص ۴۱)

سوال579: حضور علیہ السلام کے نام سننے یا پڑھنے یا لکھنے پر کیا کہنا چاہیے؟

جواب: صلی اللہ علیہ وسلم۔ (کتاب النوازل ج ۱ ص ۴۶۹)

سوال580: کسی نبی یا رسول کا نام لکھنے یا پڑھنے یا سننے پر ہمیں کیا کہنا چاہیے؟

جواب: علیہ السلام۔ (کتاب النوازل ج ۱ ص ۴۸۸)

سوال581: کسی صحابی کا نام لکھنے یا پڑھنے یا سننے پر کیا کہنا چاہئے؟

جواب: رضی اللہ عنہ۔ (دار الافتاء دار العلوم س ۱۴۴۱ / ۳۷۴)

سوال582: قرآن کی کتنی آیات ہیں جن سے مسائل نکالے جاتے ہیں؟

جواب: پانچ سو (500)۔ (الاتقان ج ۵ ص ۱۹۲۸)

سوال583: فقہ (مسائل) میں مشہور امام کتنے ہیں اور کون کون؟

جواب: چار (4) حضرت امام ابو حنیفہؒ، حضرت امام شافعیؒ، حضرت امام مالکؒ، حضرت امام احمد بن حنبلؒ۔
(مشکوۃ اسماء الرجال ص ۶۲۴ تا ۶۲۶)

سوال584: ہم لوگ کس امام کی تقلید (پیروی) کرتے ہیں؟

جواب: حضرت امام ابو حنیفہؒ۔ (انصاف ص ۷۰)

سوال585: حضرت امام ابو حنیفہؒ کا نام کیا ہے؟

جواب: نعمان بن ثابت۔ (اسماء الرجال مشکوۃ ص ۶۲۴)

سوال586: قرآن مجید کے بعد سب سے صحیح کتاب کون سی ہے؟

جواب: بخاری شریف۔ (تاریخ الاسلام و وفیات المشاہیر والاعلام ج ۶ ص ۱۴۰ دار الغرب الاسلامی)

سوال587: بخاری شریف کن کی ترتیب دی ہوئی کتاب ہے؟

جواب: محمد بن اسماعیل بخاری (امام بخاری کے نام سے مشہور ہیں)۔ (مشکوۃ اسماء الرجال ص ۶۲۶)

سوال588: بخاری شریف میں کتنی حدیثیں ہیں؟

جواب: نو ہزار بیاسی (9082)۔ (تحفۃ القاری ج ۱ ص ۴۱)

سوال589: امام بخاری کو کتنی حدیثیں یاد تھیں؟

جواب: چھ لاکھ (600000)۔(تحفۃ القاری ج ۱ ص ۴۱)

سوال 590: حدیث کن کتابوں کو صحاح ستہ (چھ صحیح کتابیں) کہا جاتا ہے؟

جواب: بخاری شریف، مسلم شریف، ترمذی شریف، ابن ماجہ شریف، نسائی شریف، ابوداؤد شریف۔
(تیسیر مصطلح الحدیث ص ۴۴)

سوال 591: کتنی حدیثیں یاد کرنے والے کو ''حافظِ حدیث'' کہتے ہیں؟

جواب: ایک لاکھ (100000)۔(نصاب اصول حدیث مکتبہ المدینہ کراچی)

سوال 592: فجر کی نماز سب سے پہلے کس نے پڑھی؟

جواب: حضرت آدمؑ نے۔(طحاوی ج ۱ ح ۹۶۶ باب صلاۃ الوسطی)

سوال 593: سب سے پہلے ظہر کی نماز کس نے ادا کی؟

جواب: حضرت ابراہیمؑ نے۔(طحاوی ج ۱ ح ۹۶۶)

سوال 594: عصر کی نماز سب سے پہلے کس نے پڑھی؟

جواب: حضرت عزیرؑ نے۔(طحاوی ج ۱ ح ۹۶۶)

سوال 595: سب سے پہلے مغرب کی نماز کس نے ادا کی؟

جواب: حضرت داؤدؑ نے۔(طحاوی ج ۱ ح ۹۶۶)

سوال 596: عشاء کی نماز سب سے پہلے کس نے پڑھی؟

جواب: حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے۔(طحاوی ج ۱ ح ۹۶۶)

سوال 597: آسمان سے نازل ہونے والی کل کتابیں کتنی ہیں؟

جواب: ایک سو چار (104)۔(حاشیہ جلالین ۶ ص ۲۶۶ سورہ فاطر)

## طہارت (پاکی وناپاکی)

سوال 598: وضو میں ناک میں پانی ڈالنا کیا ہے؟

جواب: سنت۔(ترمذی ج 1 ص ۱۴)

سوال 599: نماز کا وقت ہونے سے پہلے وضو کرنا کیا ہے؟

جواب: مستحب۔(نور الایضاح ص 28 مکتبہ بشری پاکستان)

سوال 600: وضو میں جسم کے جن حصوں کو دھویا جاتا ہے ان کا کتنی مرتبہ دھونا فرض ہے؟

جواب: ایک مرتبہ۔(ترمذی ج ۱ ص ۱۷)

سوال 601: غسل میں کلی کرنا کیا ہے؟

جواب: فرض۔(ترمذی ج ۱ ص ۱۴)

سوال 602: غسل میں جسم کے بعض حصوں کے سوکھے رہ جانے کی وجہ سے غسل ہوگا یا نہیں؟

جواب: غسل نہیں ہوگا۔(شامی ج ۱ ص ۲۸۴ مطبوعہ بیروت)

سوال 603: کتنے طرح کے پانی سے وضو اور غسل درست ہے اور کون کون سے پانی ہیں؟

جواب: سات (7) (1) دریا کا پانی (2) نہر کا پانی (3) کنویں کا پانی (4) آسمان کا پانی (5) اولے سے پگھلا ہوا پانی (6) برف سے پگھلا ہوا پانی (7) چشمہ کا پانی۔(نور الایضاح ص ۹)

سوال 604: احتلام ہونے کے بعد غسل کرنا کیا ہے؟

جواب: واجب۔(البحر الرائق ج ۱ ص ۹۹)

سوال 605: مذی اور ودی نکلنے کے بعد غسل فرض ہوتا ہے یا نہیں؟

جواب: نہیں ہوتا۔ (البحرالرائق ج۱ ص۱۱۴ بیروت)

سوال606: اگر کسی نے اسلام قبول کیا اور کفر کی حالت میں وہ ناپاک تھا تو اس کے لئے غسل کرنا کیا ہے؟

جواب: واجب۔ (البحرالرائق ج۱ ص۱۲۰)

سوال607: جمعہ کے دن غسل کرنا کیا ہے؟

جواب: سنت۔ (اعلاء السنن ج۱ ص۲۳۰ ادارۃ القرآن پاکستان)

سوال608: بے وضو قرآن مجید چھونا کیا ہے؟

جواب: ناجائز۔ (ترمذی ج۱ ص۳۸)

سوال609: کنواں میں اگر کتا یا بلی پیشاب کردے تو کتنا پانی نکالا جائے گا؟

جواب: پورا پانی نکالا جائے گا۔

(بہشتی زیور ج۱ ص۶۸ م۲ اسلامک بک سروس)

سوال610: گائے، بکری، گھوڑے کا جھوٹا کیا ہے؟

جواب: پاک۔ (البنایہ ج۱ ص۴۶۵)

سوال611: سانپ، بچھو، چھپکلی، چوہا کا جھوٹا کیا ہے؟

جواب: مکروہ۔ (البنایہ ج۱ ص۴۸۸)

سوال612: آدمی کا پسینہ کیا ہے؟

جواب: پاک۔ (البنایہ ج۱ ص۴۶۵)

سوال613: شیر، بندر، بھیڑیا کا پسینہ کیا ہے؟

جواب: ناپاک۔ (البنایہ ج۱ ص۴۶۵)

سوال614: ناپاک شخص کا مسجد میں داخل ہونا کیسا ہے؟

جواب: حرام۔ (معارف السنن ج۱ ص۴۰۵ ایچ ایم سعید کمپنی پاکستان)

سوال615: تیمم میں نیت کرنا کیا ہے؟

جواب: فرض۔ (قدوری ص۱۵ دارالسراج بیروت)

سوال616: بالو اور چونے سے تیمم کرنا کیسا ہے؟

جواب: درست ہے۔ (البحرالرائق ج۱ ص۲۵۷)

سوال617: پتھر کوئلہ سے تیمم کا کیا حکم ہے؟

جواب: جائز ہے۔ (کتاب النوازل ج۳ ص۱۶۳)

سوال618: کوئی شخص ناپاک ہے اور پانی کے استعمال پر قدرت نہیں رکھتا تو غسل کی جگہ تیمم کرسکتا ہے یا نہیں؟

جواب: کرسکتا ہے۔ (البحرالرائق ج۱ ص۲۰۰)

سوال619: عورت کو ہر ماہ جو خون آتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

جواب: حیض۔ (بہشتی زیور حصہ دوم ص۱۲۶ م۱)

سوال 620: حیض کی کم سے کم مدت کتنی ہے؟

جواب: تین (3) دن۔ (معارف السنن ج۱ ص۴۱۲)

سوال621: نفاس زیادہ سے زیادہ کتنے دن آسکتا ہے؟

جواب: چالیس (40) دن۔ (معارف السنن ج۱ ص۴۶۳)

سوال622: حیض کی حالت میں روزہ رکھنا کیا ہے؟

جواب: حرام۔ (ھدایہ ج۱ ص۱۱۳ مکتبہ بشریٰ پاکستان)

سوال623: پیشاب پاخانہ سے فراغت کے بعد پانی ہونے کے باوجود ڈھیلے وغیرہ سے صفائی کی جاسکتی ہے یا نہیں؟

جواب: کی جاسکتی ہے۔ (ھدایہ ج۱ ص۱۳۷)

سوال624: استنجا کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرنا کیسا ہے؟

جواب: درست ہے۔ (بہشتی زیور ج۱ ص۸۳ م۱۲ خورشید بکڈپو دہلی)

سوال625: ٹیشو پیپر سے استنجا کرنا کیسا ہے؟

جواب: درست ہے۔ (فتاویٰ دارالعلوم ص۱۳۷۸۸)

سوال626: نجاست کی کتنی قسمیں ہیں اور کون کون؟

جواب: دو قسمیں ہیں (1) غلیظہ (2) خفیفہ۔ (ھدایہ ج۱ ص۷۱)

سوال627: اگر کوئی چیز بلی جھوٹا کردے تو اس کا کھانا کیسا ہے؟

جواب: مکروہ۔ (غریب ہو تو مکروہ بھی نہیں ہے) (نورالایضاح ص ۲۰)

سوال628: وضو میں کتنے فرائض ہیں؟

جواب: چار (4)۔ (س مائدہ آیت ۵ پ ۶)

سوال629: غسل میں کتنے فرائض ہیں؟

جواب: تین (3)۔ (قدوری ص ۴)

## نماز کے مسائل

سوال630: نماز کے باہر کے فرائض کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: شرائطِ نماز۔ (نورالایضاح ص ۶۱)

سوال631: شرائطِ نماز کتنے ہیں؟

جواب: سات (7)۔ (نورالایضاح ص ۶۲ تا ۶۳)

سوال632: نماز کے اندر کے فرائض کو کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: ارکانِ نماز۔ (نورالایضاح ص ۶۱)

سوال633: ارکانِ نماز کتنے ہیں؟

جواب: چھ (6)۔ (قدوری ص ۱۷)

سوال634: نماز میں قیام کرنا کیا ہے؟

جواب: فرض۔ (قدوری ص ۱۷)

سوال635: رکوع کرنا کیا ہے؟

جواب: فرض۔ (ھدایہ ج ۱ ص ۹۷)

سوال636: سجدہ کرنا کیا ہے؟

جواب: فرض۔ (ھدایہ ج ۱ ص ۹۷)

سوال637: قعدۂ اخیرہ (آخر رکعت) میں بیٹھنا کیا ہے؟

جواب: فرض۔ (فتح القدیر ج ۱ ص ۲۸۰)

سوال638: سجدہ کے وقت اگر کوئی صرف پیشانی زمین پر رکھے ناک نہیں رکھے تو نماز ہوگی یا نہیں؟

جواب: نماز ہو جائے گی۔ (قدوری ص ۲۳ صفۃ الصلاۃ)

سوال639: اسی طرح اگر کوئی صرف ناک رکھے، پیشانی (ماتھا) نہیں تو اس صورت میں نماز ہوگی یا نہیں؟

جواب: نماز نہیں ہوگی۔ (قدوری ۲۳ صفۃ الصلاۃ)

سوال640: رکوع سے اٹھنے کے بعد سیدھا کھڑا ہونے کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: قومہ۔ (نورالایضاح ص ۷۰)

سوال641: قومہ کرنا کیا ہے؟

جواب: واجب۔ (طحطاوی ص ۲۵۰ دارالکتب بیروت)

سوال642: دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھنے کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: جلسہ۔ (شامی ج ۲ ۱۷۳)

سوال643: جلسہ کرنا کیا ہے؟

جواب: واجب۔ (کتاب المسائل ج ۱ ص ۳۱۶ مرکز العلمی والتحقیق)

سوال644: قعدۂ اولیٰ (دو رکعت پر بیٹھنا) کیا ہے؟

جواب: واجب۔ (شامی ج ۲ ص ۱۵۸)

سوال645: دونوں قعدوں میں التحیات کا پڑھنا کیا ہے؟

جواب: واجب۔ (نورالایضاح ص ۶۷)

سوال646: حالتِ قیام میں نگاہ کس جگہ رکھنا چاہئے؟

جواب: سجدے کی جگہ۔ (شامی ج ۲ ص ۱۷۵)

سوال647: حالتِ رکوع میں نگاہ کس جگہ پر رکھنا چاہئے؟

جواب: قدموں پر۔ (شامی ج۲ ص۱۷۰)

سوال648: سجدے کی حالت میں نگاہ کس جگہ پر رکھنا چاہئے؟

جواب: ناک پر۔ (شامی ج۲ ص۱۷۰)

سوال649: قعدے کی حالت میں نگاہ کس جگہ رکھنا چاہئے؟

جواب: گود پر۔ (شامی ج۲ ص۱۷۳)

سوال 650: سلام پھرتے وقت اپنی نگاہ کو کہاں رکھنا چاہیے؟

جواب: کندھوں پر۔ (شامی ج۲ ص۱۷۰ تا ۱۷۶)

سوال651: سجدے کی حالت میں ہاتھ کی انگلیاں کس حالت میں رہیں گی؟

جواب: ملی ہوئی۔ (شامی ج۲ ص۱۷۳)

سوال652: قعدے کی حالت میں ہاتھوں کی انگلیوں کو کس جگہ پر رکھنا چاہئے؟

جواب: رانوں پر۔ (شامی ج۲ ص۱۷٤)

سوال653: چار رکعت والی سنت اور نفل نمازوں میں کتنی رکعتوں کے اندر سورہ فاتحہ کے ساتھ سورت ملانا (پڑھنا) واجب ہے؟

جواب: چاروں رکعتوں میں۔ (قدوری ص۱٤ باب النوافل)

سوال654: فرض نماز کی آخر دو رکعتوں میں اگر کچھ بھی نہیں پڑھا تو نماز درست ہوگی یا نہیں؟

جواب: نماز درست ہوجائے گی۔ (کتاب النوازل ج۳ ص۵۰)

سوال655: فرض نماز کی پہلی دو رکعتوں میں اور سنت ونوافل کے چاروں رکعتوں میں ایک ہی سورت کا پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: درست ہے۔

(ابوداؤد شریف ج۱ ح۸۱٦ باب الرجل یعید سورة واحدة فی الرکعتین)

سوال656: جسے قرآن مجید کی سورت یاد نہ ہوتو وہ نماز میں کیا پڑھے؟

جواب: وہ **سبحان اللہ** وغیرہ پڑھتے رہے۔ (کتاب النوازل ج۳ ص۵۳۲)

سوال657: کتنے نمازوں میں سری (دھیرے) قرأت کی جائے گی؟

جواب: دو(2)(1) ظہر(2) عصر۔ (هدایہ ج۱ ص۱۱۷)

سوال658: کتنے نمازوں میں جہری (زور) سے قرأت کی جائے گی؟

جواب: تین نمازوں میں(3)(1) مغرب(2) عشاء (3) فجر۔ (هدایہ ج۱ ص۱۱۷)

سوال659: فجر، مغرب، عشاء میں امام کو زور سے قرات کرنا کیا ہے؟

جواب: واجب۔ (فتح القدیر ج۱ ص۳۳۱)

سوال660: اگر کوئی نماز کی حالت میں کسی کے سلام کا جواب دے تو اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: نماز فاسد ہوجائے گی، پھر سے نماز پڑھے۔ (قدوری ص۳۷)

سوال661: نماز میں کسی کتاب یا خط پر نظر پڑی اور اسے دل ہی دل میں پڑھ لے تو اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: نماز نہیں ٹوٹے گی۔ (هدایہ ج۱ ص۱۳۹)

سوال 662: نماز کی حالت میں کوئی تکلیف دہ جانور آجائے تو اس کے ڈر سے نماز کا توڑنا کیسا ہے؟

جواب: درست ہے۔(ھدایہ ج١ص١٤٥)

سوال663: اگر کوئی نماز میں ہو اور سامنے کوئی ایسا شخص دکھائی دے جو حادثے کا شکار ہونے والا ہو تو ایسے وقت میں نماز کا توڑنا کیسا ہے؟

جواب: نماز کا توڑنا فرض ہے۔(نورالایضاح ص91)

سوال664: حیض کی حالت میں نماز پڑھنا کیا ہے؟

جواب: حرام۔(نورالایضاح ص٤٨)

سوال665: عورت حیض کے ایام میں چھوٹی ہوئی نمازوں کی قضاء کرے گی یا نہیں؟

جواب: قضاء نہیں کرے گی، معاف ہے۔
(ترمذی ج١ص٤٣ زکریا)

سوال666: اگر نماز کے فرائض میں سے کچھ چھوٹ جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: دوبارہ نماز پڑھے کیونکہ نماز باطل ہوگئی۔(قدوری ص٢٤)

سوال667: وضو کرنے والے کی نماز تیمم کرنے والے کے پیچھے کیسی ہے؟

جواب: جائز ہے۔(ہدایہ ج١ص١٢٩)

سوال668: جوتے چپل پہن کر نماز پڑھنا کیا ہے؟

جواب: جائز ہے اگر وہ پاک ہو۔
(بخاری ج١ح٣٨٦ باب الصلاۃ فی النعال)

سوال669: اگر کوئی فجر کی نماز پڑھ رہا ہو اور نماز کے درمیان سورج نکل آیا تو نماز ہوگی یا نہیں؟

جواب: نماز نہیں ہوگی، قضاء پڑھنا پڑے گا۔
(کتاب النوازل ج٤ص١٨٧)

سوال670: اگر کوئی عصر کی نماز پڑھ رہا ہو اور نماز کے درمیان سورج ڈوب گیا تو نماز ہوگی یا نہیں؟

جواب: نماز ہوجائے گی قضاء کی ضرورت نہیں ہے۔
(کتاب النوازل ٤ص١٨٧)

سوال671: نیت باندھتے وقت ہاتھوں کا اٹھانا کیا ہے؟

جواب: سنت ہے۔(اوجز المسالک ج٢ص٨٦ دارالقلم دمشق)

سوال672: نماز میں ثناء پڑھنا کیا ہے؟

جواب: سنت۔(بدائع الصنائع مترجم ج١ص٦٣٩ مرکز تحقیق لاہور)

سوال673: نماز کی حالت میں دونوں ہاتھوں کا باندھنا کیا ہے؟

جواب: سنت ہے۔(عمدۃ القاری ج٥ص٤٠٧)

سوال674: اگر کوئی **سمع اللہ لمن حمدہ** کی جگہ اللہ اکبر بول دے تو کیا حکم ہے؟

ج: بلا کراہت نماز ہوجائے گی۔
(فتاوی ھندیہ ج١ص١٣٩ دارالکتب العلمیہ)

سوال675: اگر کوئی نماز میں ہاتھ نہ باندھے تو کیا حکم ہے؟

جواب: نماز ہوجائے گی کیوں کہ ہاتھ باندھنا سنت ہے، فرض یا واجب نہیں۔(اعلاء السنن ج٢ص١٨٩)

سوال676: نماز عیدین (عید، بقرعید) سے پہلے نفل نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: مکروہ ہے۔(عمدۃ القاری ج٦ص٤٤٦ دارالکتب بیروت)

سوال677: نماز میں انگلیاں چٹخانا (پھوڑنا) کیسا ہے؟

جواب: مکروہ۔(ھدایہ ج١ص١٤١)

سوال678: جس وقت پیشاب یا پاخانہ زور سے لگا ہوا ایسے وقت میں نماز کا پڑھنا کیا ہے؟

جواب: مکروہ ہے۔(نورالایضاح ص٥٧ مکتبہ اسعدی)

سوال679: جس کپڑے میں تصویر بنی ہو اس کو پہن کے نماز پڑھنا کیا ہے؟

جواب: مکروہ۔ (ھدایہ ج۱ ص ۱٤٥)

سوال680: اگر کسی کو یہ ڈر ہو کہ اگر میں اس جگہ پر نماز پڑھوں گا تو کوئی ہنسا دے گا تو اس جگہ پر نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: مکروہ۔ (بہشتی زیور ح ۲ ص ۹٥)

سوال681: مقتدی کو امام کے پیچھے قرأت کرنا کیا ہے؟

جواب: مکروہ۔ (بذل المجہود ج ۲ ص ٥٢ قدیم)

سوال682: ایک سانس میں سورۂ فاتحہ یا کوئی اور سورۃ پڑھنا کیا ہے؟

جواب: خلاف افضل۔ (ترمذی ج ۲ ص ۱۲۰)

سوال683: سجدۂ سہو کب واجب ہوتا ہے (کس چیز کے چھوٹنے سے)؟

جواب: واجب کے چھوٹنے سے۔ (قدوری ص ۲٤)

سوال 684: کوئی بھول سے وتر کی نماز میں دعائے قنوت پڑھے بغیر رکوع میں چلا جائے تو کیا حکم ہے؟

جواب: سجدہ سہو کرنا پڑے گا۔ (قدوری ص ۲٤)

سوال 685: اگر کوئی قعدۂ اولیٰ (دوسری رکعت) میں بھول سے درود شریف پڑھ لے تو کیا حکم ہے؟

جواب: سجدۂ سہو کرنا ضروری ہے۔ (شامی ج ۲ ص ۲۲۰)

سوال686: اگر نماز میں سورۂ فاتحہ کی آیت چھوٹ جائے تو کیا حکم ہے؟

جواب: سجدۂ سہو کرنا پڑیگا۔ (فتاوی ھندیہ ج۱ ص ۱۳۸)

سوال687: بغیر مجبوری کے ننگے سر نماز پڑھنا کیا ہے؟

جواب: مکروہ۔ (شامی ج ۲ ص ٤۰۷)

سوال688: عورتوں کا اپنی جماعت بنا کر نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: مکروہ۔ (شامی ج ۲ ص ۳۰٥)

سوال689: حالتِ قیام میں سورۂ فاتحہ کا پڑھنا کیا ہے؟

جواب: واجب۔ (شامی ج ۲ ص ۱٤۹)

سوال690: جمعہ کی نماز پڑھنا کیا ہے؟

جواب: فرض۔ (نور الایضاح ص ۱۱٥)

سوال691: جمعہ میں میں کتنی رکعتیں فرض ہیں؟

جواب: دو رکعتیں۔ (قدوری ص ۲۹ تا ۳۰)

سوال692: خطبۂ جمعہ کا سننا کیا ہے؟

جواب: واجب۔ (شامی ج ۳ ص ۳٥)

سوال693: جمعہ میں خطبہ دینا کیا ہے؟

جواب: فرض۔ (نور الایضاح ص ۱۱٦)

سوال694: مسافر پر جمعہ کی نماز کیا ہے؟

جواب پڑھنا افضل ہے۔ (شامی ج ۳ ص ۳۰ ریاض)

سوال695: جمعہ میں امام کے علاوہ کتنے مقتدی ضروری ہیں؟

جواب: تین (3)۔ (نور الایضاح ص ۱۱٦)

سوال696: عیدین (عید، بقرعید) کی نماز پڑھنا کیا ہے؟

جواب: واجب۔ (نور الایضاح ص ۱۱۹)

سوال697: اگر کسی مجبوری کی وجہ سے عید کے دن نماز نہ پڑھی جا سکی تو کیا حکم ہے؟

جواب: دوسرے دن پڑھ لے۔ (قدوری ص ۳۱)

سوال698: وتر کی نماز کب پڑھی جاتی ہے؟

جواب: عشاء کی فرض نماز کی بعد۔ (ترمذی ج۱ص۱۰۳)

سوال699: وتر کی نماز پڑھنا کیا ہے؟

جواب: واجب۔ (نورالایضاح ص۹۱)

سوال700: وتر کی نماز میں دعائے قنوت کس وقت پڑھیں گے؟

جواب: رکوع میں جانے سے پہلے تیسری رکعت میں۔ (ھدایہ ج۱ص۱٤۹)

سوال701: وتر کی نماز میں دعائے قنوت کی جگہ کوئی دوسری دعا پڑھی جاسکتی ہے یانہیں؟

جواب: پڑھی جاسکتی ہے۔ (شامی ج۲ص٤٤۲)

سوال702: وتر کی نماز چھوٹ جائے تو کیا قضا کرنا ضروری ہوگا؟

جواب: وتر کی نماز چھوٹ جائے تو قضا کرنا ضروری ہے۔ (شامی ج۲ص٤٤۰)

سوال703: تراویح کی نماز کیا ہے؟

جواب: سنت مؤکدہ۔ (ھدایہ ج۱ص۱۵۷)

سوال 704: نماز تراویح میں ہر چار رکعت کے بعد بیٹھنے کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: ترویحہ۔ (نورالایضاح ص۹۹)

سوال705: ترویحہ کیا ہے؟

جواب: مستحب۔ (نورالایضاح ص۹۹)

سوال706: جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا کیا ہے؟

جواب: سنتِ مؤکدہ۔ (قدوری ص۲۰)

سوال 707: جماعت کی نماز کیلئے امام کے علاوہ کتنے لوگوں کی شرکت ضروری ہے؟

جواب: ایک (1)۔ (قدوری ص۲۰)

سوال 708: فاسق (جو کبیرہ گناہ کرتا ہو) کو امام بنانا کیا ہے۔

جواب: مکروہ تحریمی۔ (ھدایہ ج۱ص۱۲٤)

سوال709: اگر امام کے ساتھ ایک ہی مقتدی ہو تو وہ کہاں کھڑا ہو؟

جواب: امام کے دائیں جانب۔ (قدوری ص۲۰)

سوال710: مقتدی کی کتنی قسمیں ہیں اور کون کون؟

جواب: چار قسمیں ہیں (4) (1) مدرک (2) مسبوق (3) لاحق (4) لاحق مسبوق۔ (البحرالرائق ج۱ص٦۲۳)

سوال711: مدرک کس نمازی کو کہتے ہیں؟

جواب: جس کی ایک رکعت بھی نہ چھوٹی ہو۔ (البحرالرائق ج۱ص٦۲۳)

سوال712: مسبوق کس کو کہتے ہیں؟

جواب: جس کی رکعت چھوٹ گئی ہو۔ (البحرالرائق ج۱ص٦۲۳)

سوال713: اگر کوئی تراویح سے پہلے وتر پڑھ لے تو کیا حکم ہے؟

جواب: درست ہے۔ (شامی ج۲ص٤۹٤)

سوال714: بغیر کسی مجبوری کے فرض نماز بیٹھ کر پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: نماز نہیں ہوگی۔ (شامی ج۲ص۱۳۲)

سوال 715: نماز کی حالت میں اگر کوئی قہقہہ لگا کر ہنس پڑے تو کیا حکم ہے؟

جواب: اس کی نماز اور وضو دونوں جاتے رہیں گے۔ (قدوری ص٤)

سوال716: کتنے کیلومیٹر سفر کرنے پر آدمی مسافر بنتا ہے؟

جواب: 78 کیلومیٹر (جب کہ وہ ۱۵ دن سے کم رہنے کا

ارادہ کرے)۔ (کتاب المسائل ج۱ص ۵۱۲)

سوال717: مسافر کون کون سی نمازوں میں قصر کریگا؟

جواب: ظہر، عصر، عشاء کی فرض نمازوں میں۔ (قدوری ص ۲۷)

سوال718: قصر کا کیا مطلب؟

جواب: چار رکعت والی فرض نماز کو دو رکعت پڑھے۔ (قدوری ص ۲۷)

سوال719: عورت اپنے میکے میں پوری نماز پڑھے گی یا قصر کرے گی؟

جواب: قصر کرے گی (اگر پندرہ دن سے کم رہنے کی نیت ہو اور میکے سے سسرال 78 کلومیٹر کی دوری پر ہو)۔ (کتاب النوازل ج۱۷ ص ۳۲۶)

سوال720: فجر کی نماز میں کل کتنی رکعتیں ہیں؟

جواب: چار (4) رکعتیں ہیں۔ (بدائع الصنائع ج۲ ص ۲۶۳ تا ۲۶۶ بیروت)

سوال721: ظہر کی نماز میں کل کتنی رکعتیں ہیں؟

جواب: بارہ (12) رکعتیں ہیں۔ (بدائع الصنائع ج۲ ص ۲۶۳ تا ۲۶۶)

سوال722: عصر کی نماز میں کل کتنی رکعتیں ہیں؟

جواب: آٹھ (8) رکعتیں ہیں۔ (بدائع الصنائع ج۲ ص ۲۶۳ تا ۲۶۶)

سوال723: مغرب کی نماز میں کل کتنی رکعتیں ہیں؟

جواب: سات (7) رکعتیں ہیں۔ (بدائع الصنائع ج۲ ص ۲۶۳ تا ۲۶۶)

سوال724: عشاء کی نماز میں کل کتنی رکعتیں ہیں؟

جواب: سترہ (17) رکعتیں ہیں۔ (بدائع الصنائع ج۲ ص ۲۶۳ تا ۲۶۶)

سوال725: دن اور رات میں ان سنتوں کی تعداد کتنی ہے جن کا پڑھنا ضروری ہے؟

جواب: بارہ (12)۔ (ترمذی ج۱ ص ۹٤)

سوال726: عشاء کی نماز میں کتنی رکعتیں سنت مؤکدہ ہیں؟

جواب: دو رکعتیں (2)۔ (ترمذی ج۱ ص ۹٤)

سوال727: اذان کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

جواب: سنت مؤکدہ ہے۔ (ھدایہ ج۱ ص ۸٤) (البحر الرائق ج۱ ص ۶۲۳)

سوال728: اذان کا جواب دینا کیا ہے؟

جواب: مستحب۔ (شامی ج۲ ص ۶۵ زکریا)

سوال729: عورت کا اذان دینا کیسا ہے؟

جواب: مکروہ تحریمی۔ (دین کی باتیں ص ۷۱ مکتبہ حکیم الامت سہارنپور)

سوال730: ناپاکی کی حالت میں اذان دینا کیا ہے؟

جواب: مکروہ تحریمی۔ (شامی ج۲ ص ۶۰)

سوال731: **الصلاۃ خیر من النوم** کے جواب میں کیا کہیں گے؟

جواب: **صدقت وبررت**۔ (شامی ج۲ ص ۶۷ بیروت)

سوال732: جماعت کھڑی ہوتے وقت جلدی جلدی جو کلمات کہے جاتے ہیں اس کو کیا کہتے ہیں؟

جواب: اقامت۔ (نور الایضاح ص ۵۹)

سوال733: **قد قامت الصلوۃ** کے جواب میں کیا کہیں گے؟

جواب: **اَقَامَهَا اللّٰهُ وَاَدَامَهَا**۔ (شامی ج۲ ص ۷۱)

سوال734: وہ اوقات کون کون سے ہیں جن میں نماز پڑھنا جائز نہیں ہے؟

جواب: (۱) سورج نکلتے وقت (۲) سورج ڈوبتے وقت (۳) جب سورج بالکل آسمان کے بیچ میں ہو۔ (قدوری ص ۲۳)

سوال735: وہ جگہیں کتنی ہیں جہاں نماز پڑھنا جائز نہیں ہے؟

جواب: سات۔(ترمذی ج١ص٨١)

سوال 736: اگر کسی کے پاس کپڑا نہ ہو اور نماز کا وقت آ جائے تو کیا کرے؟

جواب: ننگے نماز پڑھے، بیٹھ کر اشارہ سے رکوع اور سجدہ کرے۔(فتح القدیر ج١ص٢٧١ دار العلمیہ بیروت)

سوال737: اگر کوئی ثناء پڑھنا بھول گیا تو اس پر سجدہ سہو واجب ہوگا؟

جواب: نہیں۔(ھدایہ ج١ص١٦٥)

سوال738: نمازی کے آگے سے گزرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: بلا عذر درست نہیں ہے۔(شامی ج٢ص٣٩٨)

سوال739: اگر کوئی نمازی کے بالکل آگے بیٹھا ہوا ہو اس کا اپنی جگہ سے ہٹنا کیسا ہے؟

جواب: درست ہے(شامی ج٢ص٤٠٤)

سوال740: بارش کے لئے جو نماز پڑھی جاتی ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

جواب: استسقاء۔(حاشیہ ٢ نور الایضاح ص١٢٢)

سوال741: سجدہ کی آیت تلاوت کرنے کے بعد سجدہ کرنا کیا ہے؟

جواب: واجب۔(عمدۃ القاری ج٧ص١٣٧ بیروت)

سوال742: اگر کوئی تلاوت کرتے ہوئے سجدے کی آیت چھوڑ دیتا ہے تو ایسا کرنا کیسا ہے؟

جواب: مکروہ۔(نور الایضاح ص١١٤)

سوال743: اگر کوئی ایک ہی جگہ پر بار بار سجدہ کی ایک ہی آیت تلاوت کرے تو کتنے سجدے واجب ہونگے؟

جواب: ایک (1۔(قدوری ص٢٧)

سوال744: وہ کون سی آیتیں ہیں جن کو بعض نمازوں میں پڑھنا مکروہ ہے؟

جواب: وہ سجدہ کی آیتیں ہیں جن کو عیدین اور جمعہ میں پڑھنا مکروہ ہے۔(شامی ج٢ص٥٩٨)

سوال745: اگر کوئی عورت حیض کی حالت میں سجدہ کی آیت سنے تو کیا حکم ہے؟

جواب: سجدہ واجب نہیں ہوگا۔(شامی ج٢ص٥٨١)

سوال 746: اگر شوہر کی موت ہو جائے تو اس کی بیوی کا شوہر کو غسل دینا اور کفن پہنانا کیسا ہے؟

جواب: درست ہے۔(کتاب النوازل ج٦ص٧٧)

سوال747: اگر بیوی کا انتقال ہو جائے تو شوہر کا اپنی بیوی کو نہلانا اور کفن پہنانا کیا ہے؟

جواب: ناجائز۔(شامی ج٣ص٩٠)

سوال748: عورت کو کتنے کپڑوں میں کفنانا سنت ہے؟

جواب: پانچ(5)(1)ازار(2)کُرتی(3)اوڑھنی (4)ایک پٹی جو چھاتی پر باندھی جائے گی (5)لفافہ۔(ابوداؤد شریف ج٢ح٣١٥٩)

سوال749: مرد کو کتنے کپڑوں میں کفنانا سنت ہے؟

جواب: تین(3)(1)ازار(2)قمیص(3)لفافہ۔ (ابوداؤد شریف ج٢ح ٣١٥٣)

سوال750: میت کو غسل دینے سے پہلے اس کے سامنے قرآن

کی تلاوت کرنا کیا ہے؟

جواب: مکروہ تنزیہی ہے۔ (نور الایضاح ص ۱۲۵)

سوال 751: عورت کے لیے غیر محرم مرد کی میت دیکھنا کیسا ہے؟

جواب: ناجائز۔ (کتاب النوازل، ج ٦، ص ٥٦)

سوال 752: جنازہ کی نماز کیا ہے؟

جواب: فرض کفایہ۔ (شامی ج ۳ ص ۱۰٤)

سوال 753: جنازے کی نماز میں کتنی تکبیریں ہیں؟

جواب: چار (4)۔ (قدوری ص ۳٥)

سوال 754: جوتے چپل پر کھڑے ہو کر جنازے کی نماز پڑھنا کیا ہے؟

جواب: اگر وہ اوپر سے پاک ہوں تو جائز ہے۔
(البحر الرائق ج ۲ ص ۳۱٥ بیروت)

سوال 755: جنازہ کی نماز میں کتنے فرائض ہیں؟

جواب: دو (2) (1) تکبیرات (2) کھڑا ہونا۔
(نور الایضاح ص ۱۲۷)

سوال 756: میت کو دفن کرنا کیا ہے؟

جواب: فرض علی الکفایہ۔ (شامی ج ۳ ص ۱۳۸)

سوال 757: جنازہ کو لیکر کس طرح چلنا چاہیے؟

جواب: تیز قدم سے۔ (ترمذی ج ۱ ص ۱۹٦)

سوال 758: میت کو قبر میں اتارتے ہوئے کیا پڑھنا چاہیئے؟

جواب: **بسم اللہ و علی ملة رسول اللہ**۔ (نور الایضاح ص ۱۳۱)

سوال 759: مٹی ڈالنے کے بعد قبر پر پانی چھڑکنا کیا ہے؟

جواب: مستحب۔ (مشکوۃ ج ۱ ص ۱٤۸ فیصل دیوبند)

سوال 760: نفل نماز توڑنے کے بعد اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: قضاء واجب ہے۔ (ھدایہ ج ۱ ص ۱٥٤ مکتبہ رحمانی لاہور)

## روزہ

سوال 761: رمضان شریف کا روزہ رکھنا کیا ہے؟

جواب: فرض۔ (نور الایضاح ص ۱۳٥)

سوال 762: روزہ کا وقت کب سے کب تک رہتا ہے؟

جواب: صبح صادق سے لے کر سورج ڈوبنے تک۔
(سورہ بقرہ آیت ۱۸۷)

سوال 763: صبح صادق کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس وقت سے فجر کی نماز کا وقت شروع ہوتا ہے اسے صبح صادق کہتے ہیں۔ (قدوری ص ۱٤)

سوال 764: رمضان کے روزے کی نیت کرنا کب تک درست ہے؟

جواب: نصف نہار۔ (آدھے دن) شرعی تک (نور الایضاح ص ۱۳۷)

سوال 765: اگر کوئی روزہ کی نذر مانے تو اس کا پورا کرنا کیا ہے؟

جواب: واجب۔ (قدوری ص ٤٥ کتاب الصوم)

سوال 766: محرم کی دسویں تاریخ کو روزہ رکھنا کیا ہے؟

جواب: مستحب۔ (مشکوۃ ج ۱ ص ۱۷۸)

سوال 767: اگر کوئی اتنا بیمار ہو کہ روزہ رکھنے کی طاقت نہ ہو تو وہ کیا کرے؟

جواب: فدیہ ادا کرے (ہر روزے کے بدلے)۔
(ھدایہ ج ۱ ص ۲٤۰)

سوال 768: رمضان شریف کے اخیر عشرہ میں اعتکاف کرنا کیا ہے؟

جواب: سنت مؤکدہ علی الکفایہ۔ (نورالایضاح ص۱۵۱)

سوال769: ایسے دن کتنے ہیں جن میں روزہ رکھنا حرام ہے؟

جواب: پانچ (5) دنوں میں۔ (ترمذی ج۱ص۱۶۰)

سوال770: عید کے دن روزہ رکھنا کیا ہے؟

جواب: حرام۔ (ترمذی ج۱ص۱۶۰)

سوال771: عورت حیض کے دنوں میں گزرے ہوئے روزوں کا کیا کرے؟

جواب: قضاء رکھے۔ (ترمذی ج۱ص۳٤)

سوال772: اگر کوئی بقرعید کے دن روزہ رکھنے کی منت مانے تو اس دن روزہ رکھنا کیسا ہے؟

جواب: درست نہیں ہے۔ (ھدایہ ج۱ص۲٤٥)

سوال773: شوہر کی اجازت کے بغیر نفلی روزہ رکھنا کیسا ہے؟

جواب: درست نہیں ہے۔ (شامی ج۲ص٤١٥)

سوال774: نفاس کی حالت میں چھوٹے ہوئے روزوں کا کیا حکم ہے؟

جواب: قضاء کرے گی، روزہ معاف نہیں ہے۔
(نورالایضاح ص۱۵۰)

سوال775: حاملہ عورت کو کوئی ایسی بات پیش آ گئی جس سے اپنی یا یا بچے کی جان کا ڈر ہو تو روزہ توڑنا کیسا ہے؟

جواب: روزہ توڑنا درست ہے۔
(معارف السنن ج٥ص٣٨٢ ایچ ایم سعید پاکستان)

سوال776: جب سورج ڈوبنے میں شک ہو کہ اب تک ڈوبا ہے یا نہیں، تو اس وقت روزہ کھولنا کیا ہے؟

جواب: ناجائز۔ (بہشتی زیور ح۳ص۱٤۲م۱۲)

سوال777: اگر کوئی جان بوجھ کر رمضان کا روزہ توڑ دے تو اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: قضاء اور کفارہ دونوں لازم۔ (اوجز المسالک ج٥ص۱۳۱ تا۱۳۲)

سوال778: اگر روزہ کی حالت میں کسی کو الٹی (قے) ہو جائے تو کیا حکم ہے؟

جواب: روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ (ھدایہ ج۱ص۲۳٦)

سوال779: اگر روزہ دار کے حلق میں غلطی سے پانی چلا جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: روزہ ٹوٹ جائے گا۔ (ھدایہ ج۱ص۲۳٤)

سوال780: اگر روزے کی حالت میں کوئی بیوی سے صحبت کر لے تو کیا حکم ہے؟

جواب: روزہ ٹوٹ جائے گا۔ (نورالایضاح ص۱٤۲)

سوال781: روزے کی حالت میں کان میں تیل ڈالنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: روزہ ٹوٹ جائے گا۔ (فتاوی دارالعلوم زکریا ج۳ص۲۷٥)

سوال782: روزے کی حالت میں اگر حلق کے اندر مکھی چلی جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ (نورالایضاح ص۱٤۱)

سوال783: روزے کی حالت میں احتلام ہو جائے تو کیا حکم ہے؟

جواب: روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ (قدوری ص٤٥)

سوال784: حائضہ حیض والی عورت کے لئے روزہ رکھنا کیا ہے؟

جواب: حرام۔ (نورالایضاح ص٤٨)

سوال785: روزے کی حالت میں عورت (بیوی) کو بوسہ لینا کیا ہے؟

جواب: جائز ہے۔ (قدوری ص ٤٦)

سوال786: روزے کی حالت میں انجکشن لینے کا کیا حکم ہے؟

جواب: جائز ہے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ (کتاب النوازل ج٦ ص ٣٦٨)

سوال787: سورج ڈوبنے کے بعد افطار میں دیر کرنا کیا ہے؟

جواب: مکروہ۔ (بہشتی زیور ح ٣ ص ١٤٢ م ٩)

سوال788: روزے کے حالت میں ٹوتھ پیسٹ یا منجن کرنا کیسا ہے؟

جواب: مکروہ (مگر اس میں سے کچھ حلق میں اتر گیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا)۔ (کتاب النوازل ج٦ ص ٣٧٥)

سوال789: روزے کی حالت میں اپنے منہ سے چبا کر چھوٹے بچے کو کوئی چیز کھلانا کیسا ہے؟

جواب: مکروہ (اگر کوئی دوسرا چبانے والا ہو تب ورنہ نہیں)۔ (ھدایہ ج١ ص ٢٢٨)

سوال790: اگر کسی نے رمضان شریف کا روزہ رکھا ہی نہیں تو اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: قضا لازم ہے کفارہ نہیں۔ (ترمذی ج١ ص ١٦٣)

سوال791: اگر کوئی روزے کی حالت میں تھوک نگل جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: روزہ نہیں ٹوٹے گا۔ (نور الایضاح ص ١٤٧)

سوال792: مسافر پر روزہ رکھنا کیا ہے؟

جواب: فرض (لیکن نہ رکھنے کا بھی اختیار ہے)۔
(معارف السنن ج٥ ص ٣٦٧)

سوال793: اگر کوئی شخص پورے دن نہ کچھ کھایا نہ کچھ پیا اور نہ ہی اس نے روزے کی نیت کی تو کیا حکم ہے؟

جواب: روزہ نہیں ہوگا روزہ کے لیے نیت شرط ہے۔
(نور الایضاح ص ١٣٥)

سوال794: روزہ کی حالت میں سگریٹ پینے کا کیا حکم ہے؟

جواب: روزہ ٹوٹ جائے گا۔
(آپ کے مسائل اور ان کا حل ج ٣ ص ٣١٨)

سوال795: سحر کھانا کیا ہے؟

جواب: مستحب ہے۔ (نور الایضاح ص ١٤٥)

سوال796: حالت اعتکاف میں بے ضرورت دنیاوی کام میں مشغول رہنا کیا ہے؟

جواب؛ مکروہ تحریمی۔ (دین کی باتیں ص. ٢٣)

## زکوۃ کا بیان

سوال797: کتنا سونا رہنے پر زکوۃ واجب ہوتی ہے؟

جواب: 87 گرام 480 ملی گرام۔
(انوار القدوری ج١ ص ٢٥٤)

سوال798: کتنا چاندی رہنے پر زکوۃ واجب ہوتا ہے؟

جواب: 612 گرام 360 ملی گرام۔ (انوار القدوری ج١ ص ٢٥٣)

سوال799: کتنی گائیں ہونے پر زکوۃ واجب ہوتی ہے؟

جواب: تیس (30)۔ (ترمذی ج١ ص ١٣٦)

سوال800: کتنی بکریاں رہنے پر زکوۃ واجب ہوتی ہے؟

جواب: چالس (40)۔ (ترمذی ج١ ص ١٣٦)

سوال801: مال ودولت پر کتنے دن گزرنے کے بعد زکوٰۃ واجب ہوتی ہے؟

جواب: ایک سال۔ (ابن ماجہ شریف ح ١٨٦٤ باب من استفادہ مالا)

سوال802: کتنے قسم کے لوگوں کو زکوٰۃ دینا جائز ہے؟

جواب: سات (7) قسم کے لوگوں کو۔
(بدائع الصنائع ج ٢ ص ٤٧٠ بیروت)

سوال803: زکوٰۃ کا مال اپنے والد، والدہ یا دادا، دادی کو دینا کیسا ہے؟

جواب: ناجائز۔ (قدوری ص ٤٣)

سوال804: بھائی، بہن، چچا، پھوپھی، خالو یا ماموں کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے؟

جواب: جائز ہے۔ (شامی ج ٣ ص ٢٩٤ ریاض)

سوال805: زکوٰۃ کا مال مسجد میں دینا کیا ہے؟

جواب: درست نہیں ہے۔ (شامی ج ٣ ص ٢٩١ ریاض)

سوال806: اگر مسافر کے پاس حالت سفر میں مال نہ ہوتو اسے زکوٰۃ دینا کیسا ہے؟

جواب: درست ہے۔ (بدائع الصنائع ج ٢ ص ٤٧٣ بیروت)

سوال807: رضاعی ماں کو زکوٰۃ دینا کیا ہے؟

جواب: جائز ہے۔ (بہشتی زیور ح ٣ ص ١٠٦)

سوال808: زکوٰۃ کتنا فیصد (Percent) نکالا جائے گا؟

جواب: ڈھائی فیصد (Percent) (سو روپے میں سے ڈھائی روپے)۔
(ترمذی ج ١ ص ١٣٤ باب ماجاء فی زکوٰۃ الذھب والورق)

سوال809: زکوٰۃ کا مال ایک شہر سے دوسرے شہر بھیجنا کیا ہے؟

جواب: مکروہ (اگر دوسرے شہر والے زیادہ ضرورت مند ہو تو مکروہ نہیں ہے)۔ (شامی ج ٣ ص ٣٠٤ ریاض)

سوال810: ایک ہی فقیر کو اتنا مال دینا، جتنے کا مالک ہونے سے زکوٰۃ واجب ہوجاتی ہے کیسا ہے؟

جواب: مکروہ۔ (شامی ج ٣ ص

سوال811: عورت پر صدقہ فطر کیا ہے؟

جواب: واجب۔ (ھدایہ ج ١ ص ٢٢٤)

سوال812: ایک ہی آدمی کا صدقہ فطر کئی فقیروں کو دینا کیسا ہے؟

جواب: جائز ہے (مگر مکروہ تنزیہی ہے)۔
(شامی ج ٣ ص ٣٢٤ ریاض)

سوال813: اگر کسی نے عید آنے سے پہلے ہی رمضان میں صدقہ فطر ادا کردیا تو کیا حکم ہے؟

جواب: ادا ہوجائے گا۔ (ھدایہ ١ ص ٢٢٩)

سوال814: کافر کو زکوٰۃ دینا کیسا ہے؟

جواب: ناجائز۔ (ھدایہ ج ١ ص ٢٢٢)

## حج کا بیان

سوال815: پوری زندگی میں کتنی مرتبہ حج فرض ہے؟

جواب: ایک (1) مرتبہ۔ (ھدایہ ج ١ ص ٢٥٠)

سوال816: نابینا پر حج کرنا کب فرض ہوتا ہے؟

جواب: کبھی نہیں۔ (شامی ج ٣ ص ٤٥٧)

سوال817: حج میں کتنے فرائض ہیں؟

جواب: تین (3) (شامی ج ۳ ص ٤٦٨)

سوال818: حج میں کتنے واجبات ہیں؟

جواب: بائیس (22)۔ (شامی ج ۳ ص ٤٧٠)

سوال819: حج کی کتنی قسمیں ہیں؟

جواب: تین (3) قسمیں ہیں۔ (ایضاح الطحاوی ج ۳ ص ٣٦١ زکریا)

سوال820: حج کی تینوں قسمیں کون کون ہے؟

جواب: (1) اِفراد (2) تمتع (3) قِرَان۔ (قدوری ص ٥٤)

سوال821: حج اِفراد کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس میں صرف حج کا احرام باندھا جائے۔

(ایضاح الطحاوی ج ۳ ص ٣٦١)

سوال822: حج قران کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس میں حج اور عمرہ کا احرام ایک ساتھ باندھا جائے۔ (ایضاح الطحاوی ج ۳ ص ٣٦٤)

سوال823: حج تمتع کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس میں حج او عمرہ کا احرام الگ الگ باندھا جائے۔ (ایضاح الطحاوی ج ۳ ص ٣٦١)

سوال824: گھر سے احرام باندھ کر جانا کیا ہے؟

جواب: جائز، بلکہ بہتر ہے۔ (ایضاح الطحاوی ج ۳ ص ٣٢٥)

سوال825: صفاومروہ کے درمیان سعی کرنا (دوڑنا) کیا ہے؟

جواب: واجب۔ (شامی ج ۳ ص ٤٦٩)

سوال826: طواف کسے کہتے ہیں؟

جواب: خانۂ کعبہ کے گرد چکر لگانے کو طواف کہتے ہیں۔

(قدوری ص ٥٠)

سوال827: اگر عورت احرام کے حالت میں حائضہ ہوجائے تو کیا کرے؟

جواب: طواف کے علاوہ تمام افعال حج کرے۔

(قدوری ص ٥٧)

سوال828: اگر کوئی احرام کی حالت میں اپنے ہاتھ پاؤں کے ناخن کاٹ لے تو کیا حکم ہے؟

جواب: ایک جانور کی قربانی کرنا واجب ہے۔

(بدائع الصنائع ج ۳ ص ٢٢٦ تا ٢٢٧ بیروت)

سوال829: حالت احرام میں خوشبو کا استعمال کیا ہے؟

جواب: ناجائز۔ (قدوری ص ٥٠)

سوال830: حالتِ احرام میں جانوروں کا شکار کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: ناجائز۔ (سورہ مائدہ آیت ٩٥ پ ٧)

## قربانی

سوال831: قربانی کب تک کرنا درست ہے؟

جواب: بارہ (12) ذی الحجہ کے سورج ڈوبنے تک۔

(قدوری ص ١٩٨)

سوال832: کیا مسافر پر بھی قربانی کرنا واجب ہے؟

جواب: نہیں۔ (قدوری ص ١٩٧)

سوال833: گائے، بھینس کی قربانی میں کتنے آدمی شریک ہوسکتے ہیں؟

جواب: سات (7)۔ (ترمذی ج ۱ ص ٢٧٦)

سوال834: کتنے دن کی بکری کی قربانی ہوسکتی ہے؟

جواب: کم سے کم ایک سال۔ (قدوری ص۱۹۸)

سوال835: جو جانور اندھا ہو اس کی قربانی کرنا کیا ہے؟

جواب: جائز نہیں ہے۔ (قدوری ص۱۹۸)

سوال836: خصی (بدھیا) بکرے کی قربانی کرنا کیا ہے؟

جواب: جائز ہے۔ (قدوری ص۱۹۸)

سوال837: کسی پر قربانی کرنا واجب تھا لیکن قربانی کے تینوں دن گزر گئے اور قربانی نہیں کرسکا تو اب کیا حکم ہے؟

جواب: ایک بکری یا بھیڑ کی قیمت خیرات کردے۔ (ھدایہ ج٤ ص٤٤٧)

سوال838: قربانی کا گوشت کافر کو دینا کیسا ہے؟

جواب: جائز۔ (اعلاء السنن ج١٧ ص٢٦٠)

سوال839: قربانی کی کھال قصاب وغیرہ کو اجرت (مزدوری) میں دینا کیسا ہے؟

جواب: ناجائز۔ (ھدایہ ج٤ ص٤٥١)

سوال840: قربانی کی کھال (چمڑا) مسجد کو خیرات کرنا کیا ہے؟

جواب: درست نہیں ہے۔ (احسن الفتاوی ج٤ ص٢٩٢ ایم ایچ سعید کراچی)

سوال841: قربانی کے ایام میں رات کو قربانی کرنا کیا ہے؟

جواب: جائز ہے۔ (ھدایہ ج٤ ص٤٤٧)

سوال842: شہر میں کس وقت سے قربانی کی جاسکتی ہے؟

جواب: جب کسی بھی ایک مسجد میں نماز پڑھ لی جائے۔ (ھدایہ ج٤ ص٤٤٥)

سوال843: گاؤں میں کس وقت سے قربانی کرنا درست ہے؟

جواب: صبح صادق کے بعد سے۔ (ھدایہ ج٤ ص٤٤٥)

سوال844: کسی نے ایک گائے کی قربانی کی منت مانی لیکن گائے نہیں ملی تو کیا کرے؟

جواب: سات (7) بکری کی قربانی دے۔ (بہشتی زیور ح٣ ص١٦٩ م١٥)

سوال845: کیا جانور کو عورت ذبح کرسکتی ہے؟

جواب: جی ہاں، کرسکتی ہے۔ (عمدۃ القاری ج٢١ ص٢٣١ بیروت)

سوال846: اگر کوئی ذبح کرتے وقت جان بوجھ کر بسم اللہ نہ پڑھے تو کیا حکم ہے؟

جواب: اس جانور کا گوشت حرام ہوگا۔ (ھدایہ ج٤ ص٤٣٣)

سوال847: کند چھری سے ذبح کرنا کیا ہے؟

جواب: مکروہ۔ (شامی ج٩ ص٤٢٧ ریاض)

سوال848: جانور کے ٹھنڈا ہونے سے پہلے کھال (چمڑا) اتارنا کیسا ہے؟

جواب: مکروہ۔ (ھدایہ ج٤ ص٤٣٨)

سوال849: اگر ذبح کرتے وقت مرغی وغیرہ کا سر بدن سے جدا ہوگیا تو کیا حکم ہے؟

جواب: کھانا درست ہے۔ (ھدایہ ج٤ ص٤٣٧)

سوال850: بانس کا چھلکا یا دھاردار پتھر سے ذبح کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: جائز ہے۔ (قدوری ص١٩٦)

سوال851: تکبیر تشریق کا کہنا کیا ہے؟

جواب: واجب۔ (شامی ج٣ ص٦١ ریاض)

سوال852: تکبیر تشریق کتنی مرتبہ کہنا واجب ہے؟

جواب: ایک (1) مرتبہ۔ (الفتاوی ھندیہ ج١ ص١٦٧)

سوال853: عورتوں پر تکبیر تشریق کا کہنا کیا ہے؟

جواب: واجب۔ (شامی ج۳ ص٦٤)

سوال854: تکبیر تشریق کب سے کب تک پڑھی جائے گی؟

جواب: 9 ذی الحجہ کے فجر سے 13 کے عصر تک۔
(شامی ج۳ ص٦٤)

سوال855: بچے کی پیدائش کے کتنے دن کے بعد عقیقہ کرنا بہتر ہے؟

جواب: چھ دنوں کے بعد ساتویں دن (7) دن۔
(ترمذی ج۲۷۸)

سوال856: عقیقہ میں لڑکے کے طرف سے کتنی بکریاں ذبح کی جائیں گی؟

جواب: دو (2) بکریاں یا گائے میں دو (2) حصے۔
(ترمذی ج۱ ص۲۷۸)

سوال857: کافر کے ذبح کیے ہوئے جانور کا کیا حکم ہے؟

جواب: حرام۔ (ھدایہ ج٤ ص٤٣٣)

سوال858: جو جانور اور پرندے شکار کر کے کھاتے ہیں ان کا گوشت کھانا کیسا ہے؟

جواب: حرام۔ (ھدایہ ج٤ ص٤٣٩)

سوال859: دریائی گائے کھانا کیسا ہے؟

جواب: حرام۔ (قدوری ص١٩٧)

سوال860: جو مچھلی مر کر پانی کے اوپر تیرنے لگے اس مچھلی کے کھانے کا کیا حکم ہے؟

جواب: مکروہ۔ (قدوری ص١٩٧)

سوال861: کیکڑا کھانا کیا ہے؟

جواب: حرام۔ (شامی ج۹ ص٤٤٤)

سوال862: کچھوے کا انڈا کھانا کیسا ہے؟

جواب حرام۔ (آپ کا مسائل اور انکا حل ج٤ ص٢٤٠)

سوال863: بگلا کھانا کیا ہے؟

جواب: جائز۔ (کتاب النوازل ج١٤ ص٦٠٤)

سوال864: خرگوش اور طوطا کھانے کا کیا حکم ہے؟

جواب: جائز ہے۔ (ھدایہ ج٤ ص٤٤١، کتاب النوازل ج ص٤٠٢)

سوال865: اوجھڑی (پچونی) کھانا کیسا ہے؟

جواب: حلال۔ (فتاوی رشیدیہ ص٥٥٠ دار الاشاعت کراچی)

## قسم

سوال866: کوئی قسم کھائے اور ساتھ ہی انشاء اللہ بول دے تو کیا حکم ہے؟

جواب: قسم باطل (ختم) ہو جائے گی۔ (ترمذی ج۱ ص٢٨٠)

سوال867: اگر کوئی قسم توڑ دے تو اس کے کفارہ میں کتنے دن روزہ رکھنے کا حکم ہے؟

جواب: تین (3) دن۔ (سورہ مائدہ آیت ٨٩ پ ٧)

سوال868: اگر کسی شخص نے قسم توڑنے سے پہلے کفارہ ادا کر دیا تو کیا حکم ہے؟

جواب: کفارہ ادا نہیں ہوگا۔ (ترمذی ج۱ ص٢٨٠)

سوال869: اگر کوئی قسم کھائے کہ گوشت نہیں کھاؤں گا پھر مچھلی کھالی تو کیا ہوگا؟

جواب: قسم نہیں ٹوٹے گی۔ (قدوری ص٢٠٢)

## نکاح

سوال870: نکاح کرنا کیا ہے؟

جواب: سنت۔ (ابن ماجہ شریف ح ۱۹۱۹)

سوال871: نکاح کرنا کس دن اور کس وقت زیادہ بہتر ہے؟

جواب : جمعہ کے دن عصر کے بعد۔ (شامی ج ٤ ص ٦٧)

سوال872: نکاح کے لیے زیادہ بہتر جگہ کونسی ہے؟

جواب: مسجد۔ (ترمذی ج۱ ص ۲۰۷)

سوال873: مسجد میں نکاح کرنا کیا ہے؟

جواب: مستحب۔ (شامی ج ٤ ص ٦٧)

سوال874: نکاح کیلئے کتنے گواہ شرط ہیں؟

جواب: دومرد یا ایک مرد اور دوعورتیں۔ (ھدایہ ج ۲۲٦)

سوال875: اگر پچاس عورتیں گواہ ہوں اور کوئی مرد نہ ہوتو کیا حکم ہے؟

جواب: نکاح نہیں ہوگا۔ (ھدایہ ج۲ ص ۲۲٦)

سوال876: بھتیجی سے نکاح کرنا کیا ہے؟

جواب: درست نہیں ہے۔ (سورہ نساء آیت ۲۳ پ ٤)

سوال877: خالہ سے نکاح کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: درست نہیں ہے۔ (سورہ نساء آیت ۲۳ پ ٤)

سوال878: چچی (چچا کی بیوی) محرم ہے؟

جواب: نہیں، غیر محرم ہے۔ (سورہ نساء آیت ۲٤ پ ٥)

سوال879: رضاعی ماں یا رضاعی بہن سے نکاح کرنا کیسا ہے؟

جواب: درست نہیں۔ (سورہ نساء آیت ۲۳ پ ٤)

سوال880: کیا ساس سے نکاح کرنا درست ہے؟

جواب: نہیں۔ (س نساء آیت ۲۳ پ ٤)

سوال881: اگر کوئی ایک ساتھ دو بہنوں کو اپنے نکاح میں رکھنا چاہے تو کیا حکم ہے؟

جواب: درست نہیں ہے۔ (س نساء آیت ۲۳ پ ٤)

سوال882: چچا یا ماموں زاد بھائی سے نکاح کرنا کیا ہے؟

جواب: جائز ہے۔ (س نساء آیت ۲٤ پ ٥)

سوال883: بالغہ عاقلہ لڑکی کو کسی سے نکاح کرنے پر مجبور کرنا کیا ہے؟

جواب: ناجائز۔ (قدوری ص ١٣٦)

سوال884: مرد ایک وقت میں کتنی بیویاں رکھ سکتا ہے؟

جواب: چار (4)۔ (س نساء آیت ۳ پ ٤)

سوال885: اگر کوئی بالغ ہونے سے پہلے نکاح کرلے تو کیا حکم ہے؟

جواب: نکاح کرنا جائز ہے۔ (قدوری ص ١٣٧)

سوال886: مہر دینا کیا ہے؟

جواب: فرض۔ (س احزاب آیت ٥٠)

سوال887: مہر کم سے کم کتنا ہوسکتا ہے؟

جواب: دس درہم یا اس کے برابر قیمت۔ (قدوری ص ١٣٨)

سوال888: اگر شوہر ڈرا دھمکا کر مہر معاف کرالے تو کیا حکم ہے؟

جواب: مہر معاف نہیں ہوگا، دینا ضروری ہوگا۔ (شامی ج ٤ ص ٢٤٨)

سوال889: ولیمہ کھلانا کب بہتر ہے؟

جواب: زوجین (میاں بیوی) کی یکجائی کے بعد۔

(بذل المجہود ج٤ ص٥٤٠ قدیم)

سوال890: ولیمے کا کھلانا کیا ہے؟

جواب: سنت۔(مشکوۃ المصابیح ج١ص٢٧٨)

## طلاق

سوال891: اگر کوئی نشہ کی حالت میں بیوی کو طلاق دے تو کیا حکم ہے؟

جواب: طلاق ہوجائے گی (ھدایہ ج٢ ص٣٧٧)

سوال892: اگر پاگل طلاق دے تو کیا حکم ہے؟

جواب: طلاق نہیں ہوگی۔(مصنف ابن ابی شیبہ ح٢٧،١٨)

سوال893: اگر کوئی مذاق سے طلاق دے تو کیا حکم ہے؟

جواب: طلاق ہوجائے گی۔(ترمذی ج١ص٢٢٥)

سوال894: اگر کوئی اپنی بیوی کو بولے میں نے تمہیں آدھی طلاق دی تو کتنی طلاق واقع ہوگی؟

جواب: ایک(1) طلاق۔(ھدایہ ج٢ص٣٨٠)

سوال895: اگر کوئی ایک ہی مرتبہ میں تینوں طلاق دے تو کتنی طلاق واقع ہوگی؟

جواب: تینوں طلاق واقع ہوگی۔(قدوری ص١٤٥)

سوال896: کسی نے کہا کہ ''میں جس عورت سے نکاح کروں اس کو طلاق'' تو اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: وہ جس کسی سے بھی نکاح کرے گا طلاق ہوجائے گی۔(ھدایہ ج٢ص٣٩٨)

سوال897: اگر بیوی کہے کہ شوہر نے مجھے طلاق دے دی ہے اور شوہر انکار کرتا ہے تو کس کی بات مانی جائے گی جبکہ کوئی گواہ بھی نہ ہو؟

جواب: شوہر کی بات مانی جائے گی (طلاق نہیں ہوگی)۔
(کتاب النوازل ج٩ص١٤٥)

سوال898: طلاق کی کتنی قسمیں ہیں اور کون کون سی؟

جواب: تین(3) (1) طلاق احسن (2) طلاق سنت (3) طلاق بدعت۔(قدوری ص١٤٥)

سوال899: جس طلاق میں تینوں طلاق واقع ہوجائے اسے کون سی طلاق کہتے ہیں؟

جواب: طلاق البتہ (مُغلَّظہ)۔(ترمذی ج١ص٢٢٢)

سوال900: طلاق دینے کے کتنے طریقے ہیں اور کون کون سے؟

جواب: دو(1) صریح (2) کنائی۔(قدوری ص١٤٦)

سوال901: طلاق صریح کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس میں صاف لفظوں میں طلاق دی جائے۔
(انوارالقدوری ج٢ص٤٧١)

سوال902: طلاق کنائی کسے کہتے ہیں؟

جواب: جسمیں صاف لفظوں میں طلاق نہ دی جائے بلکہ گول مول لفظ بولا جائے جسمیں طلاق اور طلاق کے علاوہ بھی مطلب بن سکتا ہے۔
(بہشتی زیور ح٤ ص٢٠٢)

سوال903: اگر کوئی اپنی بیوی سے بولے کہ ''تم کو طلاق دیا'' اور ساتھ ہی انشاءاللہ بول دے تو طلاق کا کیا حکم ہے؟

جواب: طلاق نہیں ہوگی۔(ھدایہ ج٢ص٤٠١)

سوال904: طلاق شدہ عورت کی عدت کتنی ہے(اسے حیض بھی آتا ہو)؟

جواب: تین(3)حیض۔(س بقرہ آیت ۲۲۸ پ ۲)

سوال905: بیوہ(جس کا شوہر انتقال کر گیا ہو)عدت کتنے دن ہیں؟

جواب: چار(4)ماہ دس(10)دن۔(س بقرہ آیت ۲۳٤ پ ۲

سوال906: اگر کسی بڈھی کو طلاق پڑ جائے (جسے حیض نہیں آتا ہو)اسکی عدت کتنے دن ہوگی؟

جواب: تین(3)ماہ۔(س طلاق آیت ٤ پ ۲۸)

سوال907: اگر کسی عورت کے پیٹ میں بچہ ہو اور اسے طلاق مل گئی تو اس کی عدت کتنی ہوگی؟

جواب: جب تک بچے کی پیدائش نہ ہوجائے۔(قدوری ص ۱٦۰)

سوال908: عدت میں نکاح کرنا کیا ہے؟

جواب: حرام(نکاح ہی نہیں ہوگا)۔(شامی ج ٥ ص ۱۹۷)

سوال909: جو عورت عدت میں ہو، اسے نکاح کا پیغام دینا کیا ہے؟

جواب: ناجائز۔(قدوری ص ۱٦۱)

## دیگر دینی مسائل

سوال910: فرض کسے کہتے ہیں؟

جواب: وہ کام جس کا کرنا ضروری ہو اور اس کا چھوڑنا لازما منع ہو۔(شامی ج ۱ ص ۱۸٦ قدیم)۔

سوال911: مباح کسے کسے کہتے ہیں؟

جواب: مباح وہ کام ہے جس کا کرنا درست ہو اور نہ کرنے پر کوئی حرج نہ ہو۔(بہارشریعت ج1 ص283)

سوال912: سنت مؤکدہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس کام کو حضور یا آپ کے خلفاء نے ہمیشہ کیا ہو اور اسے چھوڑنے سے منع نہ کیا ہو۔
(زبدۃ الفقہ ج ص ۱۷۲)۔

سوال913: مکروہ تحریمی کسے کہتے ہیں؟

جواب: جو حرام کے قریب ہو اور اس کا کرنے والا سزا کا مستحق ہو۔(ویب سائٹ: دارالعلوم دیوبند)

سوال 914: مکروہ تنزیہی کسے کہتے ہیں؟

جواب: مکروہ اس چیز یا ایسے کام کو کہتے ہیں جس کو کسی اور کی وجہ سے منع کیا گیا ہو اور اسے چھوڑنا ثواب اور نہ کرنے پر عذاب کا خوف ہو۔
(معجم اصطلاحات ص ۲٤۲ ادارہ تعلیمات راولپنڈی)

سوال915: مستحب کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس کام کو حضور یا خلفائے راشدین نے کبھی کبھار کیا ہو۔(زبدۃ الفقہ ج۱ ص ۷۲)

سوال916: حرام کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس کا چھوڑنا ضروری ہو، حرام کا کرنے والا عذاب کا مستحق ہوتا ہے۔(ویب سائٹ: جامعہ بنوری ٹاؤن)

سوال917: فرض کفایہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: کچھ کے ادا کرنے سے تمام کے ذمہ سے اتر جائیگا، لیکن اگر کوئی بھی ادا نہ کرے تو سب گنہگار

ہوں گے۔ (زبدۃ الفقہ ص ۷۳-۷۵)

سوال918: اگر کسی کو بیت الخلاء میں چھینک آئے تو کیا کرے؟

جواب: دل ہی دل میں الحمد للہ کہے۔ (بہشتی زیور ح۱ ص ۸۳)

سوال919: بچے کا پیشاب کیا ہے؟

جواب: ناپاک۔ (معارف السنن ج۱ ص ۲۶۸)

سوال920: مسجد میں وضو کرنا کیا ہے؟

جواب: مکروہ تحریمی۔ (دین کی باتیں ص ۱۹۱)

سوال921: مچھلی کے خون کا کیا حکم ہے؟

جواب: پاک ہے (کیونکہ وہ اصل میں خون ہے ہی نہیں)۔ (ھدایہ ج۱ ص ۳۷)

سوال922: عیدین (عید، بقرعید) کی نماز کے بعد مصافحہ کرنا اور گلے ملنا کیا ہے؟

جواب: بدعت ہے اس سے بچنا چاہیے۔ (کتاب النوازل ج۱ ص ۴۷۵)

سوال 923: مصافحہ کتنے ہاتھ سے کرنا سنت ہے؟

جواب: دونوں ہاتھوں سے۔ (کتاب النوازل ج۱۰ ص ۲۷۱)

سوال924: عورت کا آپس میں مصافحہ کرنا کیا ہے؟

جواب: جائز ہے۔ (کتاب النوازل ج۱۰ ص ۲۷۲ تا ۲۷۳)

سوال 925: بچوں کا اپنے والدین کو ''ممی، پاپا'' کہنا کیا ہے؟

جواب: جائز۔ (کتاب النوازل ج۱۰ ص ۱۴۰)

سوال926: قبرستان میں چپل پہن کر جانا کیسا ہے؟

جواب: جائز ہے۔ (کتاب النوازل ۱۴ ص ۲۹۰)

سوال927: قبرستان میں ہاتھ اٹھا کر دعا کرنا کیسا ہے؟

جواب: جائز۔ (اشرف الفتاویٰ ج۱ ص ۱۶۶)

سوال928: ہڈیاں چبانا کیا ہے؟

جواب: جائز۔ (آپ کا مسائل اور انکا حل ج۷ ص ۱۸۶)

سوال929: عورت کیلئے خوشبو لگانا کیسا ہے؟

جواب: جائز ہے (نمائش کے لیے حرام ہے)۔ (کتاب النوازل ج۱۵ ص ۴۹۰)

سوال930: پرفیوم (Perfume) لگا کر نماز پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: جائز۔ (کتاب النوازل ج۱۶ ص ۱۰۴)

سوال931: سینہ اور پیٹھ کے بال کو بنانا کیا ہے؟

جواب: جائز (خلاف ادب ہے)۔ (کتاب النوازل ج۱۵ ص ۵۱۵)

سوال932: عورت حضرات کیلئے چہرے کا بال صاف کرنا کیا ہے؟

جواب: جائز۔ (شامی ج۹ ص ۵۲۶)

سوال933: عورت کو لپ اسٹک (Lip Stick) لگانا کیا ہے؟

جواب: جائز ہے (زیب وزینت کے لئے لگا سکتی ہے)۔ (شامی ج۶ ص ۳۷۳)

سوال934 بھنوؤں (Eyebrow) کے بال زیادہ ہونے کی وجہ سے خراب لگ رہے ہوں ہو تو اس کا بنانا کیا ہے؟

جواب: جائز۔ (شامی ج۹ ص ۵۲۶)

سوال935: عورتوں کو کان میں زیور کے لئے ایک سے زائد سوراخ کروانا کیسا ہے؟

جواب: جائز۔ (کتاب النوازل ج۱۵ ص ۴۸۳)

سوال936: عورت کا موٹر سائیکل یا اسکوٹی چلانا کیسا ہے؟

جواب: باپردہ ہو کر چلانا جائز ہے (لیکن فتنہ کا دور ہے

احتیاط کرنا چاہیے)۔ (کتاب النوازل ج۱۰ص ۴۳۲)

سوال937: جس گھڑی پر سونے کا پانی چڑھا ہوا ہو اسکا استعمال کیسا ہے؟

جواب: جائز۔ (کتاب النوازل ج۱۰ص ۴۴۱)

سوال938: عورت کا رولڈ گولڈ وغیرہ کا زیور پہن کر نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: جائز۔ (شامی ج۹ص ۵۰۷)

سوال939: رات میں جھاڑو دینا کیا ہے؟ (بعض عورتیں منع کرتی ہیں)

جواب: جائز ہے کوئی حرج نہیں ہے۔
(کتاب النوازل ج۱۷ص ۲۴۶)

سوال940: قرآن شریف کو پڑھنے کے بعد چومنا یا آنکھ اور سینے سے لگانا کیا ہے؟

جواب: قرآن کی محبت میں ایسا کرنا جائز ہے۔
(کتاب النوازل ج۱۰ص ۷۰)

سوال941: اگر غلطی سے قرآن گر جائے تو کیا کرنا چاہیئے؟

جواب: توبہ استغفار۔ (شامی ج۹ص ۵۰۲)

سوال942: **بسم اللہ** کی جگہ 786 لکھنا کیسا ہے؟

جواب: درست ہے۔ (کتاب النوازل ج۱۰ص ۹۲)

سوال943 گٹکے، ترنگا وغیرہ کا بیچنا کیا ہے؟

جواب: جائز ہے لیکن نہ بیچنا بہتر ہے۔
(کتاب النوازل ج۱۷ص ۵۰۴)

سوال944: ریٹائرڈ ہونے کے بعد جو پنشن ملتی ہے اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: جائز۔ (کتاب النوازل ج۱۷ص ۵۰۸)

سوال945: حیض والی عورت کیلئے دینی کتاب پڑھنا کیسا ہے؟

جواب: جائز۔ (شامی ج۱ص ۴۸۸)

سوال946: پیٹ میں بچہ کم سے کم کتنے دن رہ سکتا ہے؟

جواب: چھ (6) ماہ۔ (قدوری ص ۱۶۳)

سوال947: پیٹ میں بچہ زیادہ سے زیادہ کتنے دن رہ سکتا ہے؟

جواب: دو (2) سال۔ (قدوری ص ۱۶۳)

سوال948: بچہ اپنی ماں کا دودھ کتنے دنوں تک پی سکتا ہے؟

جواب: دو (2) سال۔ (البحر الرائق ج۳ص ۳۸۹ بیروت)

سوال949: دو سال کے بعد ماں کا دودھ پینا کیا ہے؟

جواب: حرام۔ (شامی ج۴ص ۳۹۷)

سوال950: اگر میاں بیوی میں جدائی ہوگئی اور گود میں بچہ ہے تو پرورش کا حق کسے ہے؟

جواب: ماں کو۔ (قدوری ص ۱۶۵)

سوال951: قبر پر اگربتی اور موم بتی جلانا کیا ہے؟

جواب: ناجائز۔ (کتاب النوازل ج۱ص ۶۶۸)

سوال952: چھوٹے لڑکے کو ہاتھ یا پیر میں کڑا یا کوئی اور زیور پہنانا کیا ہے؟

جواب: حرام۔ (شامی ج۹ص ۵۱۶)

سوال953: عورت کیلئے بال منڈوانا یا کٹوانا کیا ہے؟

جواب: حرام۔ (شامی ج۹ص ۵۸۳)

سوال954: جس کی کمائی کا ذریعہ حرام ہو اس کے یہاں کھانا کیا ہے؟

جواب: حرام۔ (آپ کا مسائل اور انکا حل ج۷ص ۱۸۶)

سوال955: چوری کی بجلی اور پانی استعمال کرنا کیا ہے؟

جواب: حرام۔ (کتاب النوازل ج۱۲ص۶۱۶)

سوال956 بینک میں نوکری کرنا کیا ہے؟

جواب: حرام ہے۔
(دارالافتاء بنوری ٹاؤن کراچی ف نمبر ۱۴۴۰۰۴۲۰۰۱۸۹)

سوال957: مرد کو چاندی کا لاکٹ (ہار) پہننا کیا ہے؟

جواب: حرام۔ (شامی ج۹ص۵۱۶)

سوال958: موبائل کے ذریعے کسی کی بات کو بلا اجازت ریکارڈنگ کرنا کیا ہے؟

جواب: ناجائز۔ (کتاب النوازل ج۱۸ص۸۵)

سوال959: جسم پر گودنا گودوانا کیسا ہے؟

جواب: درست نہیں ہے۔ (بخاری ج۲ ح۵۹۴۰ کتاب اللباس)

سوال960: اگر قرآن موبائل کی اسکرین پر کھلا ہوا ہو تو بے وضو چھونا کیسا ہے؟

جواب: ناجائز۔ (کتاب النوازل ج۱۵ص۵۲)

سوال961: عورت کو چوڑی دار آستین اور چست برقع پہننا کیسا ہے؟

جواب: ناجائز۔ (کتاب النوازل ج۱۵ص۳۸۹)

سوال962: مرد کا مہندی لگانا کیسا ہے؟

جواب: ناجائز (داڑھی اور بال پر جائز ہے)۔
(فتاوی رشیدیہ ص۵۸۹)

سوال963: مری ہوئی چیز کو بیچنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: ناجائز۔ (کنز الدقائق ج۶ص۱۱۵)

سوال964 اگر کوئی سود (Intrest) کا پیسہ کسی غیر مسلم کو گفٹ دیتا ہے تو اس کا کیا حکم ہے؟

جواب: ناجائز۔ (بذل المجہود ج۱ص۱۵۹ دار البشائر الاسلامیہ)

سوال965: کسی کو بینک سے اگر سود کا پیسہ ملے تو کیا کرے؟

جواب: ثواب کے نیت کے بغیر نہایت ضرورت مند فقیر اور مسکین کو دے دے۔ (کتاب النوازل ج۱۱ص۳۰۱)

سوال966: سونے، چاندی کے برتن میں کھانا پینا کیا ہے؟

جواب: حرام۔ (ھدایہ ج۴ص۴۵۳)

سوال967: سگریٹ پینا کیا ہے؟

جواب: مکروہ۔ (آپ کے مسائل ج۷ص۱۸۲)

سوال968: اگر کوئی پیشاب یا پاخانہ کر رہا ہو تو اسے سلام کرنا کیا ہے؟

جواب: مکروہ۔ (ترمذی ج۲ص۱۰۱ ح۲۷۲۰)

سوال969: عورتوں کا قبرستان جانا کیا ہے؟

جواب: مکروہ تحریمی۔ (شامی ج۳ص۱۵۱)

سوال970: پیٹ کے بل سونا کیسا ہے؟

جواب: مکروہ۔ (ترمذی ج۱ص۱۰۵)

سوال971: کھڑے ہو کر کھانا پینا کیا ہے؟

جواب: مکروہ تنزیہی۔ (مرقاۃ المفاتیح ج۸ص۱۶۳)

سوال972: کھانا کو سونگھ کر کھانا کیسا ہے؟

جواب: منع ہے (کیوں کہ یہ جانوروں کا طریقہ ہے)۔
(کنز العمال ج۱۵ص۲۶۱ ح۴۰۸۷۳)

سوال973: روٹی کو بیچ سے کھا کر کنارے (حاشیہ) چھوڑنا کیا ہے؟

جواب: مکروہ۔ (کتاب النوازل ج۱۶ص۶۰)

سوال974: عورت کا رولڈ گولڈ (Rold Gold) کا انگوٹھی وغیرہ پہننا کیسا ہے؟

جواب: مکروہ (اگر سونا یا چاندی کا پانی نہ چڑھا ہوا ہو)۔ (شامی ج۹ ص۵۱۸)

سوال975: ٹی وی (TV) کا بیچنا کیا ہے؟

جواب: مکروہ۔ (کتاب النوازل ج۱۰ ص۴۲۰)

سوال976: ٹی وی (TV) بنانے کا کام کرنا کیسا ہے؟

جواب: مکروہ۔ (کتاب النوازل ج۱۲ ص۴۸۲)

سوال977: نائی کی کمائی کیا ہے جبکہ وہ داڑھی بھی مونڈتا ہو؟

جواب: مکروہ۔ (کتاب النوازل ج۱۲ ص۴۷۹)

سوال978: بیڈمنٹن مشین (Mosquito Killer Racket) سے مچھروں کو مارنا کیا ہے؟

جواب: مکروہ۔ (شامی ج۱۰ ص۴۸۲)

سوال979: حلال کمائی کرنا کیا ہے؟

جواب: فرض۔ (سنن کبریٰ للبیہقی ح ۱۲۰۳ باب کسب الرجل)

سوال980: اگر ہاتھ یا پاؤں میں نیل پالش لگی ہو تو وضو ہوگا یا نہیں؟

جواب: وضو نہیں ہوگا۔ (کتاب النوازل ج۱۵ ص۴۶۹)

سوال981: شادی میں جو جہیز دیا جاتا ہے اس کا مالک کون ہے؟

جواب: لڑکی۔ (کتاب النوازل ج۸ ص۴۴۲)

سوال982: لڑکی پر شوہر کا حق پہلے ہے یا ماں باپ کا؟

جواب: شوہر کا۔ (آپ کے مسائل اوران کا حل ج۵ ص۱۵۹)

سوال983: اگر شوہر، بیوی کو ماں باپ سے تعلق توڑنے کا کہے تو بیوی کیا کرے؟

جواب: شوہر کی بات نہ مانے۔

(آپ کا مسائل اوران کا حل ج۵ ص۱۶۳)

سوال984: سلام کا جواب دینا کیا ہے؟

جواب: واجب۔ (شامی ج۹ ص۵۹٤)

سوال985: اگر کوئی غائب شخص سلام بھیجے تو کس طرح جواب دے؟

جواب: **وعلیکم وعلیہ السلام**۔ (ابوداؤد ج۲ ح۵۲۳۱)

سوال986: اگر کافر سلام کرے تو کیا جواب دینا چاہیے؟

جواب: **وعلیکم**۔ (بخاری ج۲ ح۶۲۵۶)

سوال987: اگر کوئی قرآن کی تلاوت کے بجائے اس کا ترجمہ پڑھے تو کیا اسے قرآن پڑھنے کا ثواب ملے گا؟

جواب: نہیں ملے گا۔ (آپ کا مسائل اوران کا حل ج۹ ص۲۵۸)

سوال988: پریشانیوں سے گھبرا کر موت کی تمنا کرنا کیا ہے؟

جواب: حرام۔ (مسلم ج۲ ح۶۹۹۰ کراھیۃ الموت)

سوال989: دعا کے آخر میں لا الہ الا اللہ کہنا کیسا ہے؟

جواب: اس کا معمول بنانا ثابت نہیں ہے آمین یا درود شریف پڑھنا ثابت ہے۔ (کتاب النوازل ج۵ ص۵٤۶)

سوال990: فیتہ (Ribbon) وغیرہ کاٹ کر دکانوں کو شروع کرنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: شریعت میں اس کا کوئی ثبوت نہیں ہے اس سے بچنا چاہیے۔ (کتاب النوازل ج۱ ص۶۸۵)

سوال991: اگر شوہر دوسری شادی کرنا چاہے تو بیوی کا اعتراض کرنا کیسا ہے؟

جواب: درست نہیں ہے۔ (کتاب النوازل ج۱۸ ص۱۹٤)

سوال992: عمامہ (پگڑی) باندھنا کیا ہے؟

جواب: سنت۔ (مشکوۃ ۲ ص ۳۷٤)

سوال993: بچے کی پیدائش کے بعد کان میں اذان کہنا کیا ہے؟

جواب: سنت۔ (اوجز المسالک ج ۱ ص ۱۸۳)

سوال994: ختنہ کرانا کیا ہے؟

جواب: سنت۔ (شامی ج ۹ ص ۵۳۳)

سوال995: عقیقہ کے وقت بال کٹوانا کیا ہے؟

جواب: مستحب (اعلاء السنن ج ۱۷ ص ۱۱۹ ادارۃ القرآن کراچی)

سوال996: سالگرہ (Birthday) منانا کیا ہے؟

جواب: شریعت میں اس کی کوئی اصل نہیں ہے۔
(کتاب النوازل ج ۱۷ ص ۲٤٤)

سوال997: اگر لقمہ دسترخوان پر گر جائے تو اٹھا کر کھانا کیا ہے؟

جواب: سنت۔ (مسلم کتاب الاشربہ ح ۵٤۱٤)

سوال 998: شراب کو دوا کے طور پر پینا کیا ہے؟

جواب: ناجائز۔ (شامی ج ۱۰ ص ۲۸ ریاض)

سوال 999: شوہر (جوان) اپنی بیوی کا دودھ پی لے تو کیا حکم ہے؟

جواب: بیوی حرام نہیں ہوگی۔ (مؤطا امام مالک ح ۱۳٦۳)

سوال1000: غسل خانہ میں ننگے غسل کرنا کیا ہے؟

جواب: جائز ہے۔ (کتاب النوازل ج ۱۵ ص ۳۱۰)

# ماخذ و مراجع


(1) قرآن مجید

(2) جلالین شریف، علامہ جلال الدین سیوطی وعلامہ جلال الدین محلی، کتب خانہ رشیدیہ دھلی۔

(3) الاتقان فی علوم القرآن، علامہ جلال الدین سیوطی، مرکز للدراسۃ القرآن المملکۃ العربیۃ السعودیۃ۔

(4) روح البیان، ابوالفداء اسماعیل حقی بن شیخ مصطفی استانبولی۔

(5) تفسیر عزیزی، شاہ عبدالعزیز دہلوی۔

(6) تفسیر مظہری، قاضی ثناء اللہ پانی پتی، دارالاشاعت کراچی۔

(7) تاریخ القرآن، علامہ عبداللطیف رحمانی، پروگریسو بکس لاہور۔

(8) قرآنی معلومات، محمد طیب محمد خطاب بھواروی، مکتب توعیۃ الجالیات بالجمعہ۔

(9) تفسیر ابن کثیر، امام ابوالفداء اسماعیل ابن کثیر القرشی الدمشقی، دارالکتاب بیروت۔

(10) الاتقان مترجم، دارالاشاعت کراچی۔

(11) تفسیر نعیمی، مفتی احمد یار خان نعیمی، نعیمی کتب خانہ گجرات پاکستان

(12) روح المعانی، علامہ ابوالفضل شہاب الدین، سید محمود آلوسی بغدادی، دارالکتب العلمیہ بیروت۔

(13) معارف القرآن، مفتی شفیع صاحب، مکتب معارف القرآن کراچی۔

(14) صاوی حاشیہ جلالین، علامہ شیخ احمد صاوی مالکی۔

(15) نشانات ارض قرآن، شاہ مصباح الدین شکیل۔

(16) ہدایۃ الترتیل۔

(17) اعراب القرآن ایپ۔

(18) بخاری شریف، محمد بن اسماعیل بخاری۔

(19) مسلم شریف، امام مسلم بن حجاج قشیری۔

(20) ترمذی شریف امام ابوعیسی ترمذی، زکریا بکڈپو دیوبند۔

(21) ابوداؤد شریف، سلمین بن اشعث سجستانی۔

(22) ابن ماجہ شریف، ابوعبداللہ محمد بن یزید ماجہ۔

(23) مشکوۃ المصابیح، شیخ ولی الدین محمد بن عبداللہ، مکتب فیصل دیوبند۔

(24) جامع الصغیر، امام جلال الدین ابوبکر سیوطی۔

(25) کنز العمال، علاء الدین علی المتقی۔

(26) شعب الایمان عربی، علامہ احمد بیہقی بن حسین۔

(27) شعب الایمان مترجم، علامہ محمد طاہر نجمی، مکتب نوریہ رضویہ لاہور۔

(28) مرقاۃ المفاتیح، ملاعلی قاری، دارالکتب العلمیہ بیروت۔

(29) معرفۃ الصحابۃ، ابونعیم اصبہانی دارالوطن۔

(30) نورالایضاح، شیخ حسن بن علی شرنبلالی، مکتب اسعدی شاہ بہلول سہارنپور۔

(31) کتاب النوازل، مفتی سلمان منصور پوری، مرکز علمی نشر وتحقیق لال باغ مرادآباد۔

(32) السیرۃ النبویۃ لابن ہشام، ابن ہشام، دارالکتاب العربی۔

(33) زادالمعاد، امام ابن قیم جوزی۔

(34) مختصر زادالمعاد، احمد بن عثمان مزُید۔

(35) مدراج النبوہ مترجم، مفتی سید غلام معین الدین نعیمی، شبیر برادرز لاہور۔

(36) السیرۃ النبویۃ دروس وعبر، ڈاکٹر مصطفی سباعی، مکتب اسلامی بیروت۔

(37) اصح السیر، مولانا ابوالبرکات عبدالرؤوف داناپوری، مکتب امدادیہ سہارنپور۔

(38) شرف المکالمات۔

(39) خصائلِ نبوی، شیخ زکریا، مکتبہ بشری پاکستان۔

(40) تاریخ ابن خلدون، حکیم احمد حسین آلہ آبادی، حافظ سید رشید ارشد۔

(41) سیرۃ المصطفی، مولانا ادریس کاندھلوی، الطاف اینڈ سنز کراچی پاکستان۔

(42) رحمۃ للعالمین عربی، قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوری، دارالاسلام ریاض۔

(43) جہات الاسلام، شمارہ 2018 کلیہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی لاہور۔

(44) نشر الطیب، حضرت حکیم الامت اشرف علی تھانوی، مشتاق بک کارنر لاہور۔

(45) سبل الھدی والرشاد، پروفیسر ذوالفقار علی ساقی، زاویہ پبلشرز لاہور۔

(46) تحفۃ الاحوذی،عبدالرحمن محمد عثمان،دار الفکر بیروت۔

(47) اوجز المسالک، شیخ زکریا کاندھلوی، دار القلم دمشق۔

(48) محاضرۃ الاوائل،علامہ علاء الدین علی ددہ سکنواری۔

(49) محاضرۃ الاواخر،علامہ علاء الدین علی ددہ سکنواری۔

(50) طبقات ابن سعد مترجم،علامہ عبداللہ عمادی،نفیس اکیڈمی کراچی۔

(51) سیر اعلام النبلاء، دار الحدیث قاہرہ۔

(52) مستدرک حاکم،ابوالفضل شفیق الرحمن،شیر برادرز لاہور۔

(53) الکامل فی التاریخ،مؤرخ عزالدین علی بن محمد شیبانی،دار الکتاب العربیہ بیروت۔

(54) حیات آدم۔

(55) بغیۃ الظمآن۔

(56) تاریخ طبری،محمد جریر طبری۔

(57) تاریخ طبری مترجم،ابوالقاسم پائندہ،نفیس اکیڈمی کراچی۔

(58) البدایہ والنہایہ،حافظ ابنِ کثیر ابوالفداء،مکتبۃ المعارف بیروت۔

(59) حیواۃ الحیوان،علامہ دمیری،ادارۃ الاسلامیات پبلشرز لاہور۔

(60) تاریخ الخلفاء،حافظ جلال الدین ابوبکر سیوطی،نفیس اکیڈمی کراچی۔

(61) الاستیعاب،ابوعمر یوسف بن عبداللہ،دار الجیل بیروت۔

(62) الفاروق،علامہ شبلی نعمانی،دار الاشاعت کراچی۔

(63) البنایہ،اُیمن صالح شعبان۔

(64) دار الافتاء منہاج القرآن۔

(65) تاریخ اسلام،شاہ معین الدین،مکتبہ اسلامیہ۔

(66) صورۃ من حیاہ الصحابۃ،عبدالرحمان رافت الباشا،دار النفاس بیروت۔

(67) الرحیق المختوم،صفی الرحمان مبارکپور،دار الاحیاء التراث۔

(68) تدریب الراوی،جلال الدین سیوطی،دار العاصمہ ریاض۔

(69) سیرت عائشہؓ،علامہ سید سلیمان ندوی۔

(70) عمدۃ القاری، علامہ بدرالدین عینی، دارالکتب بیروت۔

(71) تاریخ مکہ، علامہ سیوطی۔

(72) شامی، علامہ زین العابدین شامی، مطبوعہ بیروت۔

(73) ماہنامہ دارالعلوم، شمارہ 4 اپریل 2011۔

(74) فتح الباری، حافظ احمد بن علی بن حجر عسقلانی۔

(75) نخبۃ الفکر، ابن حجر عسقلانی۔

(76) دارالافتاء ویب سائٹ، دارالعلوم دیوبند۔

(77) انصاف۔

(78) تاریخ الاسلام ووفیات المشاھیر والاعلام، امام ذھبی، دارالغربی الاسلامی۔

(79) تحفۃ القاری، مفتی سعید پالنپوری، مکتبہ حجاز دیوبند۔

(80) تیسیر مصطلح الحدیث، محمود الطحان، مکتبہ بشری پاکستان۔

(81) نصاب اصولِ حدیث، مکتبہ مدینہ کراچی 61

(82) البحرالرائق، زین العابدین بن ابراھیم حنفی، بیروت۔

(83) اعلاء السنن، حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی تھانوی، ادارۃ القرآن پاکستان۔

(84) معارف السنن، شیخ محمد یوسف بنوری، ایچ ایم سعید کمپنی پاکستان۔

(85) بہشتی زیور، حضرت مولانا اشرف علی تھانوی، اسلامک بک سروس وخورشید بکڈ پو۔

(86) قدوری، ابوالحسن محمد بن جعفر البغدادی، دارالسراج بیروت ومکتبہ اسعدی سہارنپور۔

(87) ھدایہ، علامہ برہان الدین مرغینانی، مکتبہ بشری پاکستان ومکتبہ رحمانی لاہور۔

(88) فتح القدیر، علامہ محمد بن عبدالواحد مشہور ابن ہمام۔

(89) طحطاوی، علامہ سید طحطاوی، دارالکتب بیروت۔

(90) کتاب المسائل، مفتی سلمان منصور پوری، مرکز علمی والتحقیق۔

(91) بدائع الصنائع، علامہ علاءالدین کاسانی، دارالکتب العلمیہ بیروت۔

(92) بدائع الصنائع مترجم، ڈاکٹر محمود الحسن عارف، مرکز تحقیق لاہور۔

(93) فتاوی ہندیہ، علامہ ھمام وشیخ نظام اور علماء کی ایک جماعت، دارالکتب العلمیہ بیروت۔

(94) دین کی باتیں، مولانا اشرف علی تھانوی، مکتبہ حکیم الامت سہارنپور۔

(95) فتاوی دار العلوم زکریا، زمزم پبلشرز۔

(96) انوار القدوری، مفتی وسیم قاسمی۔ مکتبہ اختریہ جامعہ اسلامیہ ریڑھی تاج پورہ۔

(97) ایضاح الطحاوی، مولانا شبیر احمد قاسمی، زکریا بکڈ پو دیو بند۔

(98) احسن الفتاوی، فقیہ العصر مفتی رشید احمد ایچ ایم سعید کراچی۔

(99) آپ کا مسائل اور انکا حل، شہید مولانا محمد یوسف لدھیانوی، نعیمیہ بکڈ پو دیو بند۔

(100) فتاوی رشیدیہ، مولانا رشید احمد گنگوہی، دار الاشاعت کراچی۔

(101) مصنف ابن ابی شیبہ، امام عبداللہ محمد بن ابی شیبہ۔

(102) بہار شریعت، مولانا محمد امجد علی اعظمی۔

(103) زبدۃ الفقہ، سید زوار حسین شاہ، زوار پبلشنگنز۔

(104) معجم اصطلاحاتِ حدیث، ڈاکٹر سہیل حسین، ادارہ تعلیمات روالپنڈی۔

(105) ویب سائٹ، جامعہ بنوری ٹاؤن کراچی پاکستان۔

(106) اشرف الفتاوی، معہد اُمّ القری جامعہ اشرفیہ۔

(107) کنز الدقائق، امام عبداللہ بن احمد نسفی، دار البشائر۔

(108) امداد الفتاویٰ، حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی، مکتبہ دار العلوم کراچی۔

(109) دینیات اول۔

(110) سنن الکبریٰ للبیہقی، احمد بن حسین بن علی بیہقی، دار الکتب العلمیہ، بیروت۔

(111) طحاوی شریف، امام ابوجعفر طحاوی۔

(112) بذل المجہود، مولانا محمد عاقل، دار البشائر الاسلامیہ۔

# شناخت نامہ

نام: محمد

قلمی نام: محمد بن نذر

والد: مفتی نذر توحید المظاہری (مہتمم جامعہ رشید العلوم چترا، جھارکھنڈ)

دادا: مولانا شفیق احمد رشیدی (مہتمم ثانی جامعہ رشید العلوم چترا، جھارکھنڈ)

پردادا: مولانا رحمت اللہؒ (مہتمم اول جامعہ رشید العلوم چترا، جھارکھنڈ)

جائے پیدائش: ''رحمت کدہ''، چترا

تعلیمی مراحل: حفظ قرآن پاک، عربی وفارسی، دورۂ حدیث: جامعہ رشید العلوم چترا، جھارکھنڈ
تکمیل عربی ادب: دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ، یوپی

رابطہ: کاشانہ نذر مفتی کالونی، آزاد نگر، چترا، موبائل نمبر 9123159396

محمد بن نذر نے ایک علمی گھرانے میں آنکھیں کھولیں، اور خاندانی روایات کو اپنا کر خود کو اس عظیم خانوادے کا ہنر مند سپوت ثابت کیا، تاہم یہ بات قابل ذکر ہے کہ انہوں نے محض اپنے باپ دادا کے حوالے اور ان کی شناخت پر انحصار کرنے کے بجائے ذاتی محنت سے اپنی پہچان بنانے کی کوشش کی، جس میں اپنی عمر کے لحاظ سے کافی حد تک وہ کامیاب کہے جاسکتے ہیں۔ ابتدائی تعلیم والد محترم کی سرپرستی میں ہوئی، پھر باضابطہ حفظِ قرآن کریم کے لیے جامعہ رشید العلوم کے شعبۂ تحفیظ میں داخل ہوئے، اور یوں اس درس گاہ سے انکے تحصیل علم کا یہ سفر درجات فارسی وعربی سے ہوتے ہوئے دورۂ حدیث شریف کے تکمیل پر اختتام پذیر ہوا۔ شعبۂ حفظ میں جہاں انہوں نے اکثر اول انعام حاصل کیے وہیں ابتدائی درجاتِ عربی و فارسی کے ماہانہ امتحان میں بھی نہ صرف اپنی کلاس میں پوزیشن لی بلکہ ''ٹاپر'' کا خطاب بھی اپنے نام کرنے میں کامیاب رہے۔ دورۂ حدیث شریف کی درس گاہ میں بھی وہ امتیازی حیثیت کے حامل رہے، اور یہاں بھی اول پوزیشن حاصل کرکے نقد انعام اور کتابوں کے علاوہ اساتذہ سے ڈھیروں دعائیں بھی وصول کیں۔ پھر انہوں نے تکمیل ادب کے لیے عالم اسلام کی معروف درس گاہ دار العلوم ندوۃ العلماء، لکھنؤ کا رخ کیا اور وہاں کی بافیض وعلم پرور فضا میں رہ کر وہاں کے اساتذۂ ذیشان سے بھی استفادہ کیا۔ ان کے علمی ذوق اور شغف پر یہ کتاب دال ہے، اس کی ترتیب میں کی گئی جاں گسل کوششیں اور جگر سوز محنتیں ان کی علم دوستی اور کتابوں سے لگاؤ کی شہادت دیتی ہیں۔ یہ کتاب ان مضامین کے علاوہ ہے جو وقتاً فوقتاً انہوں نے مختلف مواقع پر لکھا ہے اس کو دیکھتے ہوئے یہ امید کی جاسکتی ہے اور کہا جاسکتا ہے کہ یہ کتاب ان کی ترتیبی و تصنیفی سفر کا پہلا مرحلہ ہوگی، اس کے بعد بغیر تعب وتھکن کے وہ آبلہ پائی کا شکوہ کیے بغیر آئندہ کے مراحل بھی طے کرتے چلے جائیں گے اور اقبال کے اس شعر کو اپنی زیست کا عنوان بنا کر سدا اس پر عمل پیرا رہیں گے کہ:

اے جوئے آب بڑھ کے ہو دریائے تند و تیز
ساحل تجھے عطا ہو تو ساحل نہ کر قبول

''الف، ب، نون''

10/دسمبر/ 2019ء 12:10 بجے شب